ف۴ لازم کرنا پرہیز کا صحت مین مثل بدپرہیزی کے ہی مرض مین ضعیف کرتا ہی بدن اور طبیعت کو
ف۵ دودہ کو ترشی یا مچہلی کے ساتہہ اور شیر برنج کو انڈے کے ہمرہ کہ خشکے کے مہی کو مولی
کے اور سب چیزین زود ہضم کو اشیای دیر ہضم کے ساتہہ کہانا موجب امراض شدید کا ہی ف۶
طبیب کو تشفی مریض کی اور خوش اخلاقی مریضداروں کے ساتہہ مناسب ہی اسواسطے کہ تشفی سے قوت مریض کی
بڑہتی ہی اور قوت مریض کی مرض کو گہٹاتی ہی اور خوش اخلاقی سے کیفیت خارجی بخوبی دریافت ہوتی ہی
کہ یہ امر تجویز و تشخیص پر زیادہ تر معین ہی ف۷ جب نبض پر ہاتہہ رکہے اس آیہ کو زبان پر لاوے
لاعلم لنا الا ما علمتنا کہ اس اقرار عاجزی سے اللہ جل شانہ رحم فرماکے تجویز و تشخیص واقعی
عطا کرے ف۸ اگر سبب مرض کا بخوبی تشخیص مین نہ آوے تو ایسی دوا تجویز کرنا چاہیے کہ اگر دو
سبب ہوے دوا سبب ثانی کو بہی کفایت کرے ف۹ جب دو مرض یکجا موجود ہون پہلے اوس
مرض کی دوا کرے جسکی صحت سے دوسرے مرض کی بہی صحت ممکن ہو جیسا ورم مع قرحہ مین کہ
ورم کی صحت سے قرحہ بہی دفع ہوجاتا ہی یا اوس مرض کی دوا مقدم کرے جو دوسرے
مرض کا سبب ہو یا اوسکی جو خطرناک زیادہ ہو ف۱۰ سب مقام پر مرض کی دوا عرض پر مقدم رکہے
مگر جبکہ عرض قوی تر مرض سے ہو ف۱۱ عرض وہ ہی کہ مرض کے سبب سے پیدا ہو جیسا اکثر تپ مین
دردسر ہوتا ہی پس تپ مرض ہی دردسر عرض ف۱۲ ایسی دوا تجویز کرنا چاہیے کہ مریض کو اوسکے
بہم پہنچانے کا مقدور ہوا اور وقت پر میسر آجاوے ف۱۳ نسخہ بقدر صاف لکہنا چاہیے کہ پڑہنے مین نام دوا کا
یا کوئی لفظ تبدیل نہو کہ اس سے اکثر نقصان عظیم سرزد ہوتا ہی ف۱۴ اہل دولت کی دوا کم قیمت نہ تجویز
کرنا چاہیے کہ بسبب کم قیمتی کے تصور فائدے کا کمتر ہوتا ہی اس سے نفع بہی کم محسوس ہوگا اور اگر کسی
وجہ سے اتفاق ہو تو مریض مطلع نہو ف۱۵ طبیب کو چاہیے کہ دوای مرکب کسیکو اپنے پاس سے
نہ دیوے اور اگر ضرورتاً اتفاق ہووے تو لوگونکو دکہلادے اور کسیقدر موجود رکہے کہ بروقت اعتراض کے
دلیل کامل ہو ف۱۶ جبتک معالجات خارجی سے کام نکلے کہلانے پلانے کی دوا نکرے ف۱۷
جو غذا معدے مین پہنچتی ہی جزو بدن ہونے تک اوسکی چار حالت ہوتی ہین پہلے کیلوس

جو غذا معدے مین پکتی ہی لطیف اوسکا عروق ماساریقا سے جگر کو جاتا ہی کثیف اوسکا براز ہی
جو براہ امعا کے دفع ہوتا ہی دوسرے **کیموس** کہ وہ لطیف جگر مین پکتا ہی خلاصہ اوسکا عروق
اوردہ سے تمام بدن مین جاتا ہی او فضلہ اوسکا بول ہی کہ گردہ و مثانہ سے ہوکر براہ احلیل دفع ہوتا ہی
تیسرے وہ خلاصہ رگون مین پکتا ہی اور لائق جزو عضو ہونے کے ہوتا ہی چوتھے خلاصہ عضو مین پہنچکر
جوش کہا کر عضو مین مل جاتا ہی ان دونون ہضم کا فضلہ چرک و عرق یعنی میل اور پسینا ہی کہ براہ مسامات کے
دفع ہوتا ہی **ف ۱۸** ہر حالت مذکورہ چار قوت اعضا سے تمام ہوتی ہی ایک **جاذبہ** جو دوسرے
عضو سے کہینچتی ہی دوسرے **ماسکہ** جو ٹہراتی ہی تیسرے **ہاضمہ** جو ہضم کرتی ہی چوتھے
دافعہ جو دوسرے عضو کیطرف یا خارج بدن کے دفع کرتی ہی پس ان چارون قوت سے اگر کوئی
بہی ضعیف ہوتی ہی تو ہضم کامل نہین ہوتا اور ہضم ناقص سے امراض مادی پیدا ہوتے ہین
ف ۱۹ جگر مین جب غذا پکتی ہی چار تفریق ہوتے ہین یعنی چارون خلط مین ایک **صفرا**
بطور زبد یعنی پہین کے سب کے اوپر دوسرا **خون** درمیان مین کہ نہایت خوب پکتا ہی تیسرا
سودا بطور دُرد یعنی تلچھٹ کے چوتہا **بلغم** جو بخوبی نہین پکتا اور قیام بدن کا نہین چارون خلط سے ہی
ف ۲۰ جب غذا جگر مین پک چکتی ہی ایک حصہ اوسمین سے قلب کیطرف جاتا ہی وہان لطیف
اوسکا بخار ہو جاتا ہی اوسکو روح حیوانی کہتے ہین کہ عروق جہندہ مین خون کے ہمراہ منتشر تمام بدن مین
ہوتی ہی پہر وہ روح دماغ مین جاکر روح نفسانی بن جاتی ہی اور بواسطہ اعصاب کے تمام بدن مین فائدہ
حس و حرکت کا اور آنکہ مین فائدہ بینائی کا کہ اوسکو روح باصرہ کہتے ہین اور کانون مین فائدہ شنوائی کا
اور زبان مین فائدہ ادراک طعم یعنی مزہ کا اور ناک مین فائدہ ادراک بو کا دیتی ہی اور وہی روح حیوانی
جگر مین جاکر بواسطہ اوردہ کے فائدہ تغذیہ کا تمام بدن مین اور فائدہ نمو یعنی بالیدگی کا دیتی ہی اور
اوسکو روح طبعی کہتے ہین **ف ۲۱** غذا مین جو بخارے غلیظ اوٹہتے ہین اوسکو ریح کہتے ہین اور جب فتور
ہضم مین ہوتا ہی تو ریاح بہت پیدا ہوتے ہین خواہ معدے مین خواہ جگر مین خواہ امعا مین **ف ۲۲**
مزاج خون صالح کا گرم تر قوام معتدل مزہ شیرین رنگ سرخ ہی تمام بدن کی غذا ہوتا ہی تنہا یا دوسرے

خلطوں کے ساتھ بلغم طبعی کا مزاج سرد وتر قوام معتدل مزہ پھیکا رنگ سفید ہی بعض عضو مثل دماغ کے غذای
خاص ہوتا ہی اور سب رگوں مین موجود رہتا ہی بوقت نہونے غذا کے تاثیر حرارت سے خون ہو کر غذا
بدن کی ہوتا ہی اور جوڑ ہڈیوں کے اور اعصاب کو تر رکہتا ہی صفرای خالص کا مزاج گرم وخشک قوام رقیق
مزہ تلخ رنگ زرد ہی تین فائدے اوسکے ہین ایک خون کے ساتھ رگوں مین جاتا ہی تاکہ اوسکے ملنے سے
قوام خون کا رقیق ہو کر پتلی رگوں مین گذر کرے دوسرے یہ کہ مرارہ یعنی پتہ مین جاتا ہی وہانسے جب
تہوڑا سا آنتون پر گرتا ہی تب حاجت دفع براز کی ہوتی ہی اور تیسرے غذای خاص بعض اعضا مثل
ریہ کے ہوتا ہی سودا کا مزاج سرد وخشک قوام گاڑہا مزہ کسیلا مائل ترشی رنگ مائل بسیاہی ہی جگر سے
دو قسم ہوتا ہی ایک خون کے ساتھ رگوں مین جاتا ہی واسطے گاڑہا کرنے قوام خون کے دوسرے غذای
خاص بعض اعضا مثل ہڈی کے ہوتا ہی تیسرے طحال یعنی تلی مین جاتا ہی جب طحال سے دو ایک قطرے
فم معدہ پر گرتے ہین تب بہوک معلوم ہوتی ہی **ف ۲۳** سب مرض دو طرحسے ہوتے ہین ایک **ساذج**
کہ اسباب خارجی مثل گرمی آفتاب اور سردی پانی سے ہوتا ہی دوسرا **مادی** کہ تغیر اخلاط سے
ہوتا ہی وہ تغیر مقدار خلط مین ہو خواہ کیفیت خلط مین اور ایک خلط مین ہو یا کئی خلطون مین **ف ۲۴**
ہر مرض مین چار زمانے ہین ایک **ابتدا** جب مرض پیدا ہوا دوسرا **تزاید** جب تک بڑہتا رہا تیسرا **انتہا**
جب بڑہ چکا چوتہا **انحطاط** جب گہٹ چلا **ف ۲۵** اکثر قریب موت کے آثار مرض کے ظاہر
نہین رہتے ہین اس سبب سے کہ طبیعت زندگی سے مایوس ہو کر ادراک مرض کا اور انفعال اوس سے چہوڑ دیتی ہی
ف ۲۶ تاثیر دوا کے چار درجے ہین اگر دوا کے استعمال سے بدن کی کیفیت متغیر نہو مگر زیادہ بار متواتر
کہانے سے وہ **درجہ اول** ہی اور اگر تغیر محسوس ہو لیکن مضرت فعال بدن مین ظاہر نہو وہ **درجہ**
دوسرا ہی اور اگر مضرت ظاہر ہو لیکن ہلاکت کو نہ پہنچاوے وہ **درجہ تیسرا** ہی اور اگر
ہلاکت کرے وہ **درجہ چوتہا** ہی **ف ۲۷** اکثر دوا کی تاثیر کہانے مین خلاف لگانے کے ہی
اسکا بہی لحاظ رکہنا ضرور ہی مثلاً کشنیز لگانے مین محلل ہی کہانے مین مغلظ ومبرد **ف ۲۸** بعض
دوا کا اثر صرف مس سے بہی حاصل ہوتا ہی جیسا سنگ یشب دل پر لگانا خفقان کو مفید ہی

یا مونگا باندھنا پیشانی پر درد سر کو یا عود صلیب گلو مین لٹکانا ام الصبیان کو اسیطرح اکثر خشایش مستعمل ہین
مگر عوام اونکو طب سے خارج جانتے ہین **ف ۲۹** بعض دوا کا اثر بالخاصہ ہوتا ہی خلاف مزاج اصلی
کے جیسا انار کہ مرطوب ہی مگر استسقا کو مفید ہوتا ہی **ف ۳۰** بعض دوا کو اطبا نے مرکب القوی جانا ہی
یعنی سردی و گرمی دونو کو مفید ہو مثل گلاب و سرکہ کے **ف ۳۱** جب دوا کی قوت پانی مین لینا منظور ہو
تو بیخ و چوب و تخم کو نیم کوفتہ کرکے اور برگ و گل کو بدستور تر کرین اور اگر چاہین کہ تمام قوت حاصل ہو تو پہلے
خیساندہ کر کے جوشاندہ کرین **ف ۳۲** اگر مواد مرض کا قلیل ہو تب تعدیل و تحلیل کو کافی جانین ورنہ
بدون اخراج مواد کے ایسا نکرین کہ موجب ضرر ہوتا ہی علی الخصوص امراض جلدیہ اور مفاصل مین رعایت کہنا
لازم ہی **ف ۳۳** اگر مواد ہو دماغ مین دوا لیجاوے ساتہ غرغرے کے اور اگر معدے مین ہو تنقیہ کیا جاوے
ساتہ قے کے اور اگر امعا مین ہووے ساتہ اسہال کے اور اگر عروق مین ہو ساتہ فصد کے اور اگر جلد مین ہو
ساتہ تعریق کے

مقالہ اول بیان علامات مین **فصل ۱** بیان علامات کیفیات اربعہ یعنی گرمی و سردی

و تری و خشکی اور علامات غلبہ اخلاط مین جاننا چاہیے کہ کوئی کیفیت بالذات اپنے قائم نہین ہو سکتی مگر دوسری
کیفیت کے ساتہ اور دو کیفیت مخالف بہی جمع ہونا محال مطلق ہی جیسا گرمی و سردی خواہ تری و خشکی پس
واضح ہو کہ گرمی ساتہ تری اور خشکی کے اور سردی ساتہ تری یا خشکی کے جمع ہوتی ہی چنانچہ گرمی ساتہ
تری کے خون مین اور ساتہ خشکی کے صفرا مین اور سردی ساتہ تری کے بلغم مین اور ساتہ خشکی کے سودا مین
جمع ہی **علامات غلبہ خون** حرارت ملمس اور گرانی تمام بدن خواہ بعض اعضا کی اور کثرت انگڑائی اور جماہی
اور اونگہہ و نیند کی اور کند ہونا حواس کا اور سستی حرکات کی اور شیرینی دہن کی اور سرخی بدن اور آنکہہ اور زبان کی
اور کثرت اور سرخی بول اور رسوب و زبد کی اور سرعت اور تواتر اور عظم اور حدت کے ساتہ گرانی حرکت نبض مین
اور کاہلی طبیعت مین اور زیادہ ہنسنا اور مسکرانا اور نکلنا پہوڑے پہنسی کا اور نکلنا خون کا مسوڑہون سے
اور نکسیر پہوٹنی **علامات غلبہ صفرا** گرمی ملمس کی اور زردی بدن اور آنکہہ اور زبان کی اور تلخی
اور خشکی دہن اور خشکی اور سوزش ناک کی اور ہوا گرم نکلنا نتہنون سے اور کثرت تشنگی کی اور قلت اشتہا
طعام کی اور متلی کا ہونا اور قے تلخ نکلنا اور سوزش اور زردی بول کی اور بیداری اور بدخوابی اور سوزش

یعنی چونک پڑنا

اور خارش بدن کی اور رغبت اور رغبت اشیای سرد و ترش سے اور نبض مین تیزی کا اور تواتر کا ہونا
اور اسکی حرکت مین اور سوزش نبض کے مقام پر **علامات غلبۂ بلغم** نرمی اور سفیدی اور سردی ظاہر
بدن کی اور استرخا اور تہبج اور سفیدی آنکھہ اور زبان کی اور گرانی اعضا کی اور کثرت خواب کی اور ضعف ہضم
اور ڈکار ترش اور کندی حواس کی اور رطوبت بے سوزش ناک سے نکلنا اور کثرت لعاب دہن کی اور بول کا سفید
اور زیادہ ہونا اور زبد اور رسوب کا ہونا اوس مین اور حرکت نبض کی سست اور موٹا اور نرم ہونا نبض کا

علامات غلبۂ سودا لاغری اور سیاہی بدن کی اور سیاہی اور غلظت خون کی اور زیادتی فکر کی
اور بدخوابی اور بیداری اور تیرگی زبان کی اور خشکی دہن کی باتشنگی کے اور مائل بہ تیرگی اور بول کا کم ہونا
اور رقیق ہونا اول مین اور غلیظ ہونا آخر مین بعد نضج کے اور اشتہای کاذب اور سست اور قصیر ہونا حرکت
نبض کا

فصل ۲ بیچ بیان علامات وجود اور پیدا ہونے مرض کے چنانچہ عادت طبعی کا
تبدیل ہونا علامت آمد کسی مرض کی ہی اور خفقان دائمی علامت مرگ مفاجات کی ہی اور صرع کے متواتر
ہونے سے خوف سکتے کا ہی اور بہت پھڑکنا عضو کا تشنج اوس عضو پر دلالت کرتا ہی اور خدر فالج پر اور
اختلاج آنکھہ و لب کا لقوے پر اور گرانی و سستی بدن کی باوجود کثرت عرق کے دلیل امراض بلغمیہ باردہ کی ہی
اور سرخی آنکھہ و بشرے کی اور جاری رہنا اشک کا اور نفرت روشنی سے دلیل آمد سرسام کی ہی اور غمگینی اور
کثرت افکار ردیہ علامت مالیخولیا کی ہی اور سرخی یا نیلگونی اور بیرونقی بشرے کی اور تدویر حدقۂ چشم علامت
جذام کی ہی اور تہبج بشرہ اور اطراف کا ضعف کبد اور ورم کبد پر دلالت کرتا ہی اور خوف استسقا کا ہی
اور ہمیشہ رہنا درد سر اور نیم سر کا اور خیالات کا معلوم ہونا علامت ہی آنکھہ مین پانی اوترنے کی اور گرانی
کمرگاہ و زیر کمر سے خوف امراض گردہ کا ہی اور سقوط اشتہا اور حدوث نفخ اور درد معدہ اور زیر ناف قولنج
ہوجانیکی علامت ہی اور خارش مقعد سے خوف بواسیر کا ہی اور کثرت قوبا و بہق سے برص کا ڈر ہی
اور حالت حمل مین اجرای حیض سے اسقاط کا خطر ہی اور کثرت زکام اور نزلہ جارے سے ذات الریہ اور سل
ہوجاتی ہی اور بدبوی عرق و بول سے حمیات عفنہ کا ڈر ہی اور سوزش بول سے قرحۂ مثانہ اور احلیل ہوتا ہی

فصل ۳ علامات دفع مرض مین بسبب پیدا ہونے دوسرے مرض کے چنانچہ دین اسہال صفراوی ہونے سے بہرا ہی

دفع ہوجاتا ہی اور بہر زین مین اسہال کا ہونا موجب اوسکے زوال کا ہی اور اسہال بلغمی سے دفع استسقا کا
ممکن ہی اور بواسیر خونی سے جنون کا اور کثرت چھینک سے ہچکی امتلائی کا اور داء الفیل اور رشتہ سے
درد گردہ کا اور ورم خصیہ سے کھانسی کا

فصل ۴ بیان علامات نکس مرض مین بدون بحران کے تپ کا ساکن ہوجانا اور پیدا ہونا ضعف بدن کا اور اشتہا کا ساقط ہونا اور جی متلانا اور نبض مین فتور کا ہونا
اور ہضم غذا مین فساد ہونا اور بہت نیند کا ہونا اور تہیج چہرہ و پلک کا اور بول رنگین ہونا و لاامل بار کثرت ضعف کے

فصل علامات طوالت مرض مین ابتدای مرض مین کثرت اختلاج بدن کی اور کثرت احلام کا
اور روز بروز طاقت کم ہونا اور غذا سے نفرت ہونا اور معالجہ مناسب سے فائدہ نہونا یا اوس فائدے کا قائم
نرہنا

فصل ۶ علامات محمودہ مین + قائم رہنا قوت مریض اور اشتہا کا اور درست رہنا عقل
و ہوش و حواس کا اور نفع پانا معالجات سے اور سہولت برداشت مرض کی اور تپ مین نکلنا چھالون کا
لب اور ناک مین اور خارش کا ہوجانا اور بحران جید ہونا بروز بحران کے اور رات کو سونا اور آرام پانا
بعد خواب کے اور تنفس طبعی قائم رہنا

فصل علامات ردیہ مین منہ کھلا رہنا اور دم سیاہی کھینچنا اور
ہوای سرد نکلنا ناک سے اور سرد ہونا منخرین کا اور ناک اور کان پتلے ہوجانا امراض مزمنہ مین اور ہمیشہ
ایک مقام مین نظر کرنا اور اکثر ناک مین انگلی کرنا اور خاموش پڑا رہنا اور آدمیون سے منہ پھیرنا اور کپڑے
اور دیوار پر ہاتھ ملنا اور بہت کھانا اور جزو بدن نہونا اور کم بولنا اور اضطراب بدون بحران کے اور لحظہ
اوٹھنا بیٹھنا اور موت سے ڈرنا اور تپ مین یرقان ساتوین دن سے پہلے ہونا اور شروع مرض مین نکسیر
بہت پھوٹنا اور اوس سے خفت نہونا اور عطسہ نہونا بتحریک اور بلا تحریک اور دانت برہم گھسنا اور ہاتھ پاون
سرد رہنے باوجود حرارت تپ کے اور غافل سونا اور نبض کا ضعیف چلنا اور اعضای اندرونی کا درد کرنا اور
پیدا ہوجانا رعشہ کا اور سیاہی زبان کی اور بثورات بشکل مسور برنگ سیاہ خواہ نیلگون ظاہر ہونا اور نکسیر سے
خون سیاہ اور قلیل نکلنا اور بول محض سفید یا سیاہ ہونا

فصل علامات موت مین پیدا ہونا خناق کا
امراض طویل مین اور بدبوی ناک کی بروز بحران کے اور طلب کرنا اندھیری جگہہ کا اور سیاہی سبزی رنگ کی
اور زیادتی ہذیان خواہ خاموشی کی اور سیاہی ناخن کی اور کشیدگی پوست پیشانی کی اور ناک و کان کا

سرد ہو جانا اور بول سفید یا نیلا یا سیاہ ہونا اور اختلاط عقل اور سردی ظاہر بدن کی ساتھ گرمی باطن کے اور کھولے رہنا آنکھ کا سرسام مین

مقالہ دوسرا بیان حالات پیدایش اطفال اور تدبیرات اوسکی حفاظت مین

فصل بیان کیفیت پیدایش مین جاننا چاہیے کہ اگر مرد و عورت کی منی ایک زمانے مین رحم مین گرے اور رحم مین کوئی عارضہ یا کوئی سبب مانع حمل نہو تو دونو منی ملکر باکیدیگر مستغرق ہو جاتی ہین اور اوسمین چار نقطے سفید مانند حباب کے پیدا ہوتے ہین ایک مقام دل اور ایک جگر اور ایک دماغ کے جو تہا سب سے بڑا که رفتہ رفتہ بڑہکر سارے مادے کو گہیر لیتا ہی اور مثل تہ باریک کے چہا جاتا ہی اوسکے اندر ایک حرارت دونو منی سے قائم ہوتی ہی جسکو حرارت غریزی او حرارت اصلی کہتے ہین اس حرارت کے قائم رہنے تک بقای زندگی ہی اور اسکی قلت و کثرت سے ضعف و قوت حاصل ہوتی ہی ایک ہفتے مین یہ حباب داخلی مائل بسرخی ہوتے ہین اور آثار اعضا کے اوسمین ظاہر ہوتے ہین اور رحم مادر کی رگون کا منہ نقطہ جگر سے اور گرد اگرد غشا کے جاتا ہی اوسنے تہوڑی تہوڑی غذا پہنچنے لگتی ہی بعد اوسکے چار دن مین وہ نقطے سرخ ہو جاتے ہین اور رگون کی راہین ظاہر ہوتی ہین پہر مقام ناف پر ایک نقطہ قائم ہوتا ہی اور ان سب نقطون سے پہلے تکمیل ناف کی ہوتی ہی اور رگین اوس ناف مین اکثر متعلق اور جمع ہوتی ہین اور ناف کے مقام سے خون حیض کا کہ وہی غذا ہی پہنچا کرتا ہی بعد اوسکے چہہ روز مین وہ سب بطور مضغہ کے ہو جاتا ہی بعد اوسکے دس روز مین تمام اعضا شکل پکڑتے ہین اور تہوڑا تہوڑا خون رحم سے اوسپر ٹپکتا ہی اور غذا ہوتا جاتا ہی اور اوسمین ارواح پیدا ہوتی ہی جسکو عرف عام مین جان کہتے ہین اوسکے بعد تین دن مین مزاج مرد یا عورت کا قائم ہو جاتا ہی اور اعضا اصلی سب درست ہو جاتے ہین اوسکے بعد پانچ روز مین تمام اعضا کی شکل نمودار ہوتی ہی اور ایک طرح کا مزاج قرار پاتا ہی اور رگون کے راستے جاری اور اعضا کے جوڑ ظاہر ہوتے ہین اور یہ سب حالات حمل پسر مین حمل دختر سے کم ایام مین ہوتے ہین خلقت پسر کی پینتیس دن سے پینتالیس دن تک اور خلقت دختر کی چالیس دن سے پچاس دن تک تمام ہوتی ہی بعد اختتام ان سب حالات کے چہہ مہینے تک بڑہا کرتا ہی اور دو چند ایام خلقت مین حرکت کرتا ہی اور سہ چند ایام حرکت مین خروج پاتا ہی مثلاً ہشتم حالت پینتیس روز مین تمام ہون تو ستر دن مین متحرک ہوے اور دو سو دس روز کے بعد کہ سات مہینے ہوتے ہین خروج کرے

اور غالباً زندہ رہتے اور اگر چالیس روز مین خلقت تمام ہووے اسی روز مین حرکت کرے اور دوسو چالیس
روز کے بعد کہ آٹھ مہینے ہوتے ہین خروج کرے اور غالباً زندہ نرہے اس وجہ سے کہ چھ مہینے مین
جب جنین کی بالیدگی تمام ہوتی ہی ساتوین مہینے مین حرکت اضطراری خروج کیواسطے کرتا ہی اگر صحیح المزاج
اور قوی الخلقت ہی تو پردون کو پھاڑکر نکل آتا ہی پھر سبب قوت مزاج کے ہوای خارج سے اگر متضرر
نہوا زندہ رہا اور اگر کم قوت ہی تو ساتوین مہینے پردون کو توڑ نسکا آٹھوین مہینے مین نکلا کچہ اون حرکات
اضطراری سے متألم ہو رہا تھا ہوای خارج کی زیادہ مضر ہوئی اور مر جاوے اور اگر آٹھوین مہینے رحم مین
ٹھہر گیا تو حرکت اضطراری کا الم دور ہو جاتا ہی نوین مہینے مین صحیح و سالم نکلتا ہی اور قائم رہتا ہی چنانچہ بیشتر
ایسا ہی ہوتا ہی اور جنین رحم مین اس صورت پر رہتا ہی کہ منہ اوسکا طرف پشت مادر کے دونون پانون پر
بطور اکڑو بیٹھا ہوا ہاتھون کو دونون پشت پانون پر رکھے ہوے زانو کو سینہ اور پیٹ سے ملائے ہوئے
دونون گھٹنون کے درمیان سر رکھے ہوے **فصل ۲ بیان علامات حمل مین** انسداد حیض کا
مدت معمولی پر اور کسل و گرانی اعضا کی ہونا نہ بطور مرض کے اور رغبت طرف اغذیہ غیر معتادہ کے اور نفرت
مجامعت اور آرایش بدن اور کاروبار سے اور متلانا جی کا اور قی بیشتر ہونا اور آسایش اور سکوت کو
دوست رکھنا اور بزرگی شکم کی بدون سختی کے اور حرکت جنین کی بوقت معین محسوس ہونا **فصل ۳ تدبیر حاملہ**
مین جب علامت حمل کی ظاہر ہووے فصد اور حجامت اور قی اور اسہال اور حمام اور آواز دہشتناک
اور سختی اور ریاضت اور تعب اور رنج اور بوی تیز و تند اور گریہ و زاری سے چار مہینے تک پرہیز کرین بعد
اوسکے اگر ان امور سے ضرورتاً اتفاق ہو تو اندیشہ نہین ہی مگر جب ساتوان مہینا شروع ہو تو پھر ان
سب باتون سے پرہیز لازم ہی اسواسطے کہ اوس مہینے مین جنین مستعد خروج ہوتا ہی ان امور سے اوسکو
خستگی ہوتی ہی اور گاہ گاہ سکنجبین یا گلقند کھانا اور غذا نرم اور زود ہضم کی مداومت کرنا اس طور پر کہ
سوء ہضمی نہو اور بھوکے نرہنا اور قریب ایام ولادت کے روغن کنجد سفید زیر ناف سے انون تک
گاہ گاہ لگانا **فصل ۴ متعلقات حمل مین** + بعد طہر کے واسطے حمل رہنے کے مرارہ گرگ بقدر
ایک دانہ باقلا کے کھانا مجرب ہی اور مرارۂ نر سے حمل پسر کا اور مرارۂ مادہ سے حمل دختر کا قرار پاتا ہی

ایضاً ایک ہفتہ تک ہر روز بقدر دو ماشہ کے برادۂ دندانِ فیل تنہا خواہ دو چند شہد مین ملا کر کہانا
ایضاً عود ہندی سرمہ سا کر کے شہد مین ملا کر حمول کرنا **ایضاً** آدہا تخم دستورہ باریک کر کے تین روز
حمول کرنا مجرب ہی **ایضاً** شیر سگ مین افیون گہول کر کپڑا تر کر کے فتیلہ رکہنا عجیب الفعل ہی **ایضاً**
شونیز وکندر و زعفران و شیلم بوزن مساوی باریک کر کے حمول کرنا سریع الاثر ہی **ایضاً** اگر مرد ما
بول کر کے بعد اراقت بول کے مجامعت کرے موجب استقرار حمل کا ہی **مانعاتِ حمل** قبل
جماع کے برگ پودینہ سے حمول کرنا بعد جماع کے تخم شبت و تخم گندنا سے حمول کرنا اور چالیس
دانہ باقلا نہار کہانا اور تخم خوچکا بازوی چپ عورت پر باندہنا اور بعد طہر کے سرگین فیل خواہ کا گنج حمول
کرنا اور حشفہ پر روغن طلا کر کے خواہ ذکر پر عرق پیاز لگا کر جماع کرنا مانع حمل ہی اور اگر خون حیض جو بالکہ کو
دفعۂ اول آیا ہو حمول کرے یا ایک مثقال روغن تخم نیل نوش کرے تمام عمر حاملہ نہووے **مانعاتِ
سقوطِ حمل** کہربا زبد البحر مروارید یاقوت کمر پر باندہنے سے حمل نہین گرتا **تسہیل ولادت**
کلی چنبیلی کی مقل سلیخہ گلنار تخم حنظل بیخ نیلوفر حلبہ تخم خشخاش سیاہ عصارہ بارتنگ عصارہ عنب الثعلب سے حمول کرنا
مخرجاتِ جنین مازو گہسکر پینا فوراً حمل گراتا ہی ابہل زراوند تخم کتان سلیخہ فلفل میویزج بوزیدان
پرسیاوشان خربق سیاہ اڑد شیلم سے حمول کرنا اور پیلا مول یا خربق سیاہ باریک کر کے بہروزہ
ملا کر ناف پر طلا کرنا اور کندش باریک کر کے شہد ملا کر ناف خواہ عانہ پر طلا کرنا اور شونیز پیسکر پینا اور پوست
حنای سبز یا برگ بانس جوش کر کے پینا اور خون چہینٹے سے حمول کرنا اور بوزن ایک ماشہ ریوند پانی مین
گہسکر پینا **مخرجاتِ مشیمہ** مینگنی بہیڑ کی اور تخم کرنب و ریخال کبوتر کا بخور کرنا اور مجیٹہ پینا اور حمول کرنا
سلیخہ شونیز برنجاسف جندبیدستر ابرسا ابہل پانی مین پیسکر رحم مین قطور یا حمول کرنا اور بابونہ پینا اور آبزن
کرنا **فصل ۵** تدبیر مولود مین جب لڑکا پیدا ہووے چار انگل چہوڑ کر نال کاٹین اور نہایت نرمی و آہستگی
سے کثافت اوسکی دفع کر کے نرم باندہین اور پنبہ روغن زیت خواہ روغن سرسون مین تر کر کے ناف پر
رکہین اور شیر گرم پانی مین تہوڑا نمک ملا کر غسل دین اس احتیاط سے کہ منہ اور ناک اور کان مین پانی نجانے
پاوے اور اگر اوس پانی مین سماق یا مہیتی جوش کر لین تو بہتر ہی بعد اوسکے آب شیرین شیر گرم سے دہوین

اور ایک انگلی شہد اوسکے منہ مین ڈالین اور نرم کپڑے مین لپیٹکر ہر عضو موقع سے رکھکر نرم باندہین اور جس مکان مین
روشنی زیادہ نہو پرورش کرین اور آہستہ آہستہ جنبش دین اور ہوای خارج اور روشنی سے آشنا کرین اور روغن
زیت خواہ روغن سرسون بدن پر لگایا کرین **فصل** تدبیر پلانے شیر اور پرورش مین جاننا چاہیے کہ پانچ روز تک
لڑکے کو اسطرح دودہ پلاوین کہ دودہ مین روئی تر کرکے اوسکے منہ مین دین تاکہ اوسکے اعضای دہن کو مضرت
نہ پہنچے اور اوسکو ذائقہ دودہ کا معلوم ہووے اور حرکت اعضای دہن سے دودہ معدے مین اوترے
اس حیلے سے لڑکا بتدریج دودہ چوسنے لگے گا اگر کسی عورت صحیح المزاج کا دودہ میسر آوے تو نہایت مناسب ہی
ورنہ دودہ بکری خواہ گائے کا لیکن وقت تر کرنے روئی کے اندک گرم ہو تاکہ معدے مین فساد نکرے اور جلد
تحلیل ہووے اور دہنیت اوسکی دور کرکے روئی تر کرین بعد اوسکے پستان منہ مین دیکر نچوڑین تاکہ اوسکو
ذائقہ دودہ کا معلوم ہو اور خود چوسنا اختیار کرے اور اگر ما کو کوئی بیماری نہوی تو اوسکا دودہ از بس
مناسب مزاج لڑکے کے ہی لیکن چالیس روز تک اور ادنی مدت چہ روز تک وقت زائیدگی سے عورت کا دودہ
ناقص رہتا ہی اس مدت مین اگر اوسکا استعمال نہو تو بہتر ہی اور اگر دوسری عورت کا دودہ پلاوین تو ایسی
ہووے کہ خوبصورت اور نیک خلق اور قوی المزاج اور عمر بیس برس سے تیس برس تک کی ہووے اور اوسکی زائیدگی سے
چالیس روز گذر گئے ہوین معتدل المزاج بڑی چہاتی والی دودہ اوسکا نہ بہت گاڑہا ہووے نہ بہت پتلا اور لڑکا
جنی ہوئی نہ لڑکی اور دودہ پلانے والی اچھی غذا کہایا کرے اور پہلے دو ایک قطرے دودہ گرا لے تب پستان
لڑکے کے منہ مین دیا کرے اور بہت چلنے پہرنے اور ریاضت اور مجامعت سے پرہیز کرے اور اگر دودہ
گاڑہا ہووے تو ملطفات کہلاوین مثل سکنجبین سادہ یا بزوری معتدل اور پودینہ اور نانخواہ کے اور ریاضت معتدل
بہی مفید ہی اور اگر دودہ پتلا ہووے تو غذای مغلظ کہلاوین مثل ہریسہ اور کلہ پایہ اور دودہ روٹی کے اور
اگر دودہ بہت ہووے ایسا کہ فساد کرے تو کم خوراکی اختیار کرے اور اگر کم ہووے کہ لڑکا آسودہ نہو سکے
تو دودہ چانول کہلاوین اور ستا اور دودہ کے ساتہ نوش کیا کرے اور اگر کوئی امر خارجی مثل چوٹ یا
پہوڑے کے پستان پر ہووے تو ہرگز اوسکا دودہ نہ پلاوین جب تک کہ بالکل اثر اوسکا زائل نہو اور لڑکے کو
لٹا کر ہرگز دودہ نہ پلاوین کہ اس باعث سے کان مین رطوبت آجاتی ہی اور بہا کرتا ہی اور دودہ پلانے کی

مدت دو برس تک ہی اور جب تک کہڑے ہونے کی طاقت لڑکے کو نہو تب تک پانی پلانے اور غذا کہلانے سے احتراز رکہین جب آثار طاقت کے نمودار ہون تب آہستہ آہستہ کہانے کا عادی کرین اول کہلانا شیر برنج کا جسمین تہوڑی شیرینی ڈالی ہو اختیار کرین بعد اوسکے غذا نمکین کہلاوین اور بتدریج غذای لطیف و خوشگوار کا عادی کرین *فصل* دانت نکلنے کے بیان مین وقت دانت نکلنے کے اکثر جبڑے اور گلے مین ورم خفیف ظاہر ہوتا ہی *علاج* گل بابونہ پیسکر نیمگرم ضماد کرین اور اکثر منہ مین خارش ہوتی ہی اس سبب سے لڑکا اونگلی اپنی چابتا ہی *علاج* شہد و نمک سے دہووین اگر پیٹ کے اندر بہی اثر اوسکا جاےگا تو کچہ نقصان نہین اور ایک ٹکڑا ملٹہی کا چہیلکر ہاتہ مین دین کہ اوسے چوسا کریگا اور اکثر اسہال ہوتا ہی اس سبب سے کہ منہ کا ناقص لعاب پیٹ مین جاتا ہی اور بسبب درد مسوڑہون کے طبیعت ہضم کیطرف کم مستعد ہوتی ہی *علاج* تہوڑے اسہال تک دوا نکرین اگر زیادہ آوے تو بخوف ضعف کے دوا کرنا مناسب ہی زرورد اور زیرہ سفید اور بادیان اور اجمود جلاکر پوٹلی بناکر پیٹ کو سینکین خواہ گلاب کے پہول اور زیرہ سرکے مین پیسکر طلا کرین یا باجرا سرکے مین پیسکر نیمگرم لگاوین اگر نہ دفع ہو تہوڑا پنیر مایہ سرد پانی مین گہولکر پلاوین اور دودہ کم پلاوین بلکہ زردی انڈے کی یا روٹی خمیری تہوڑی کہلاوین اور اگر سوای دانت جمنے کے بہی عارضہ اسہال کا ہو وے تب بہی یہ دوا مناسب ور مفید ہی اور جب دانت کی جڑین محسوس ہونے لگین روغن بابونہ اور شہد مسوڑہون پر ملین یا کتے کا دودہ یا مرغ کی چربی یا مغز خرگوش گردن اور دانتون کی جڑ پر ملین

مقالہ تیسرا معالجہ امراض اطفال مین

جاننا چاہیے کہ جو امر تشخیص پر زیادہ معین ہی وہ بیان کرنا مریض کا ہی چونکہ لڑکون سے یہ امر نا ممکن ہی لہذا اونکے معالجے مین زیادہ فکر و تردد درکار ہی اسی سبب سے اطبا زمانہ حال کے اوسپر توجہ نہین فرماتے اور حوالہ دائیون پر کرتے ہین اور عقیدہ ارباب زمانہ کا بہی ٹہہر رہا ہی کہ معالجہ لڑکون کا طبیب سے بہتر دائیان کرتی ہین حال آنکہ معالجہ کرانا ایسون سے جنکے حق مین زبان معجز بیان پیمبر

کلیہ نا قصۃ العقل جاری ہوا یہ بہی منونہ قدرروانی ہی اور عقلِ سلیم مقتضی اسکی ہی کہ طبیب کی تجویز ناقص
بہی دایہ کی تدبیر کامل سے بمراتب اعلی ہوگی واضح ہو کہ جب تک لڑکا شیر خوار ہی اوسکو دوا پہنچانا
اس سے بہتر نہین ہی کہ دوا دایہ کو کہلائی پلائی جاوے تاکہ اثر دوا کا بذریعۂ دودہ کے مریض
لڑکے کو پہنچے بلکہ اگر لڑکے کو دوا پلاوین تب بہی دایہ کو استعمال کراوین اسواسطے کہ لڑکے کے
مزاج مین دودہ کی تاثیر بسبب تقاضای منو کے زیادہ ہوتی ہی اگر صرف لڑکا دوا پیئے گا بسبب
عدمِ اصلاح دودہ کے تاثیر دوا کی بخوبی ظاہر نہوگی اور چونکہ استعمال دوا کا زن شیردہ کو بقاعدہ
غیر اطفال کے چاہیے لہذا اس مقام پر صرف معالجہ لڑکون کا بیان ہوتا ہی اور جب تک تدابیر
خارجی سے دفع مرض کا متصور ہو دوا داخلی مستعمل نکرین اور اگر ضرورۃً اتفاق ہو تو بوزنِ قلیل مناسب
سن کے پیس کر اگر لڑکا نسووے اور بہت رووے *علاج* روغن کاہو یا روغن خشخاش کنپٹی پر
لگاوین یا تخم خرفہ اور تخم کاہو اور بادیان پانی مین پیسکر شکر ملاکے پلاوین یا پوست خشخاش پانی مین
پکاکر زلال اوسکا پلاوین اگر منہ آوے تو برنگ سیاہ بدہی سفید اور سرخ علاج پذیر ہی *علاج*
گلنار فارسی یا ممیثا ق یا پوستِ انار شیرین سرمہ سا کرکے منہ مین چہڑکین اگر سوتے مین ڈرا اور
معلوم کرنا چاہیے کہ بدہضمی سے خواب بد دیکہتا ہی *علاج* شہد خالص چٹاوین کہ غذا کو معدے
سے فرو کرے خواہ بادیان اور برگ پودینہ جوش کرکے پلاوین اگر براز رقیق آوے دلیل
ضعف معدے کی ہی *علاج* زیرہ گل سرخ یا حب الآس پانی مین پیسکر معدے پر لگاوین
یا مازو یا پوستِ انار لگاوین یا برگ پودینہ اور دانۂ الایچی سفید پیسکر پلاوین یا طباشیر کبود اور
دانۂ الایچی سفید اور نباتِ سفید سفوف کرکے شیر مادر مین گہولکر چٹاوین اگر قبض ہووے
علاج چوہے کی مینگنی اور برگ پودینہ شہد مین ملاکے شیاف بناکے روغن گل سے
چکناکر کے شافہ کرین اور درد سرخ مصطکی رومی شہد مین چٹاوین یا روغن گل نیمگرم پیٹ پر
لگاوین یا گاکا پتہ ناف پر رکہین اگر روتا ہووے اور ہاتہ پیٹ پر مارے دلیل دردِ شکم کی ہی *
علاج پنبہ کہنہ نیمگرم کرکے پیٹ سینکین یا روغن گل شیر گرم پیٹ پر لگاوین یا نمک سرمہ سا

کر کے نیم گرم پیٹ پر ملیں اگر ہچکی بکثرت آوے اور آپ سے بند نہووے * علاج سوف اور
شکر پیسکر کھلاویں یا شہد چٹاویں اگر آنون لہو براز کے ساتھ کرے * علاج تخم ریحان روغن گاو میں
چکنا کر کے لعاب ریشہ خطمی کے ساتھ شیرہ کو پلاویں اگر چھینکے پیدا ہوویں * علاج زرد چوب پانی
پانی میں پیسکر شکر ملا کے پلاویں اور ایلوہ پانی میں گھول کر مغز سر پر لگاویں یا برگ سبز گورندے کا
پانی یا تینا کو پیسکر لگاویں اگر سونے میں منہہ لڑکے کے تر ہوجایا کرے اور باوجود کثرت
شیرخوارگی کے لاغر ہوتا جاوے اور خلو معدے کے وقت بیقراری کرے دلیل وہ پیدا
ہونے حیات کے جسکو عرف عام میں کیچوا کہتے ہیں * علاج سبز مٹر جوش کر کے پلاویں پوست
بیخ انار ترش جوش کر کے پلاویں اگر خروج مقعد ہووے * علاج پوست انار شیریں اور حب الآس
یا جفت بلوط یا گلنار شیریں اور مازو جوش کر کے اوس پانی سے آبدست کراویں اگر ام الصبیان
اور ریح الصبیان ہو * علاج چند بیدستر یا پودینہ اور زیرہ سیاہ پانی میں پیسکر پلاویں یا عود صلیب
گھسکر پلاویں یا تریاق اربعہ کھلاویں اور خون گوش خر یا خرگوش حلق میں ٹپکاویں فوراً دفع ہووے
اور عود صلیب یا سنگ زبرجد یا ید البحر گلے میں لٹکاویں اور جدوار شیر مادر میں گھسکر پلانا اور
مہرہ مرجان سے درمیان دونو ابرو کے داغ دینا فوراً دفع کرتا ہے اگر دماغ میں ورم ہو تو پہچان
یہ ہے کہ چہرہ سرخ یا زرد ہوگا اور پیشانی دو کھینچگی اس سبب سے لڑکا روویگا آنکھ اور پیشانی ملیگا
اور سر پٹکیگا * علاج گلنار آب برگ تازہ مکوی میں پیسکر روغن گل ملا کر سر پر لگاویں یا زردہ تخم
مرغ اور روغن گل ملا کر چندیا پر لگاویں اگر چھینک کثرت سے آوے * علاج پرانی روئی خواہ
ابریشم پرانے سے سر کو سینک کریں اگر زکام ہووے * علاج ایک کپڑا گرم پانی میں تر کر کے دماغ پر
رکھیں اور تھوڑا شہد چٹا کر چڑیا کا پر چکنا کر کے حلق میں ڈالیں کہ قی آوے اگر کھانسی ہو * علاج
خطمی اور اصل السوس اور عناب اور شکر سرخ جوش کر کے پلاویں اگر سو تنفس ہو * علاج کانوں کی
جڑ میں روغن زیت یا روغن سرسوں نیم گرم لگاویں یا گرم پانی اور شہد ملا کر بہ تھوڑی کراویں یا تخم
السی پیسکر شہد ملا کے پلاویں اگر ڈبہ ہووے جسکو پانجر لگنا کہتے ہیں * علاج دفع قبض کی تدبیر کریں
اور پسلی کا خلل کہتے ہیں

اور پیاز کے عرق مین ایلوا گہولکر پہلو پر لگاوین یا مشک شہد مین ملا کر چٹاوین یا خونِ خرگوش پانی مین
گرم کر کے پلاوین * اگر * روو ے اور کان ملے اور سر کو طرف کان کے مائل رکھے دلیل ہی درد
کان پر لحاظ کرین اگر سرخی ہووے خواہ دانہ ہووے * علاج * شیرۂ برگ مکوی تازہ مین سو
گہسکر کان مین ایک یا دو قطرے ٹپکاوین اور اگر صرف درد ہووے تو شیرۂ برگ پودینہ نیمگرم یا دانہ
مسور جوش کر کے ٹپکاوین * اگر * کان سے رطوبت جاری ہے * علاج * پہٹکری مازو باریک
کر کے شہد مین ملا کر فتیلہ کر کے کان مین رکہین یا زعفران گہسکر شہد ملا کر بتی تر کر کے رکہین * اگر
پلکین آنکہہ کی پہولی رہین * علاج * رسوت نیمگرم لگاوین اور بابونہ جوش کر کے آنکہہ دہووین
* اگر * بہت رونے سے حدقۂ آنکہہ کے سفید ہوجائین * علاج * مکوی کا پانی لگاوین * اگر
آنکہہ مین رو ہا یعنی کہتی ہووے * علاج * پاک اولٹ کے پرسے رگڑین کہ ٹوٹ جائین اور
اور پہر چاکسو مقشر باریک کر کے چہڑکین اور چاکسو کو دال ماش مین پکا کر مقشر کرین خواہ گدہے کی
لید مین * اگر * بدن پر دانے نمودار ہووین سرخ و سیاہ و نیلگون بد ہی لیکن سفید اسلم ہی * علاج *
گلنار اور مازو اور گل ارمنی گہسکر روغنِ گل ملا کر لگاوین * اگر * آبلہ نکلے اور ٹونگر سفید پانی بہا ہی
ہووے * علاج * روغن السی لگا کر اوپر برگِ حنا اور برگ ببول خشک سرمہ سا کر کے چہڑکین
یا حب الآس اور رسوت باریک کر کے چہڑکین اور اصلاحِ غذا دودہ پلانے والی کی کرین * اگر
سرخ بادہ ہووے براز سبز ہو گا اور سبزا اور جابجا جلد سرخ ہو گی * علاج * گلِ معصفر تخمِ حنا صندلِ
سرخ برگِ شاہترہ خیساندہ کر کے شہد ملا کے دودہ پلانے والی کو پلاوین یا پوست ہلیلہ زرد پوست
بلیلہ آملہ پوست درخت نیم گلوی تازہ دار بلد مجیٹہ برگِ شاہترہ حنامی خشک صندل سرخ رسوت
سب کو بوزن مساوی باریک کر کے گولی بناوین اور بقدر مناسب دودہ مین گہسکر لڑکے کو پلاوین
اور روغن مین گہسکر لگاوین * اگر تپ ہووے * علاج * موافق تپ کے دودہ پلانے
والی کی دوا کرین اور تہوڑا لڑکے کو بہی پلاوین اور خاکشی ہاتہہ کی ہتیلی اور پائون کے
تلوے مین ملین اور بہپارا خاکشی کا کرین اور کپڑا اوڑہاوین کہ پسینا خوب نکلے *

مقالہ چوتھا بیانِ قواعدِ کلیہ مین

فصل ا * بیانِ فصد مین جاننا چاہیے کہ بدن مین رگین دو قسم کی ہین ایک قسم دل سے نکلی ہین اونکو شریان کہتے ہین بسبب اسکے کہ دل مبدأ روح کا ہی اور شریان مین روح زیادہ خون سے رہتی ہی دوسری اور وہ جو جگر سے نکلی ہین اون مین خون مخلوط سب خلطون کے ساتھ رہتا ہی اور روح بھی رہتی ہی مگر قلیل پس اگر صرف کثرت خون کی موجب مرض کی ہووے تو بلا منضج کے فصد کرین اور اگر کوئی خلط دوسرا بھی بشرکت خون کے باعث مرض کا ہووے تو بعد نضج اوس خلط کے فصد کرنا چاہیے اور چونکہ خون کے ساتھ روح بھی کسیقدر خارج ہوتی ہی لہذا ابلا ضرورت قوی کے فصد بچا ہیے اور فصد منع ہی چودہ برس کی عمر تک اور لاغر اندام اور قولنجی اور حاملہ اور حائضہ کو اور بروز بحران اور بعد جماع کے اور بدہضمی اور شدتِ گرما اور شدتِ سرما مین اور بیسوین تاریخ ہر مہینے تک اور وقتِ شب کے اور جب تک کہ معدے مین غذا تحلیل نہوئی ہووے لیکن حالتِ اضطرار مین مثل سرسام اور ذات الجنب اور خناق کے موانع خفیف فصد پر لحاظ نکرنا چاہیے اور ایامِ سردی مین قبلِ زوالِ آفتاب کے اور گرمی مین بعد زوال کے فصد لین اور ایامِ سرما مین اور بلغمی مزاج کی رگ کشادہ کھولین اور ایامِ گرما مین اور صفراوی مزاج کی باریک اور جسکے مرض ایک جانب کے کسی عضو مین ہووے تو تین روز تک ابتدای مرض سے طرف مخالف سے کھولین اسکو امالہ کہتے ہین یعنی مواد کو اوس جانب سے باز رکھنا اور دوسری جانب مائل کر دینا اور اگر تین دن گذر گئے ہون تو طرفِ موافق سے اور جہان کہ مقصود کسیطرف سے نہووے اور فصد ہاتھ سے لینا ہووے وہان طرفِ داہنی سے اولی ہی کیونکہ طرف چپ کے متصل قلب پڑتا ہی اور امالہ اسطرحکا جائز نہین ہی کہ مثلا طرفِ راست اعضای اعالی مین علت ہو فصد جانبِ چپ کے اعضای اسافل سے کی جاوے اور جسکو بعد فصد کے استفراغ ہوتا ہو پہلے قی کرا دین اور صفراوی مزاج کو پہلے شربت انار ترش اور بلغمی مزاج کو دوا گرم پلا کے فصد کرین اور اگر زخم نشتر کا عصب پر پہنچے اور عضو آماس کرے صندلین اور کشنیز اور ۔۔۔ اوسکے محللات

ورم کے لگاوین اور اگر قوت ہووے تو دوسری طرف سے فصد لین اور اگر نشتر شریان کو لوٹ توخون سرخ ورقیق آویگا اور مانند حرکتِ نبض کے اوسکے خروج مین حرکت ہوگی فوراً کندر اور دم الاخوین اور سونا مکھی باریک کرکے سپیدیِ تخم مرغ مین ملاکر زخم مین رکھین اور گرد زخم کے دوائین قابضات لگاکر باندہین اور تین روز کے بعد کہولین اور اگر بند نہوا ہووے تو ایسی ہی تدبیر کرتے رہین جب تک کہ بند نہووے اور اگر جلد کے نیچے خون جمع ہو تو رنگ جلد کا اول سرخ بعدہ سیاہ ہوجاویگا اور اوس عضو سے کام طاقت کا نہو سکیگا کتھ سیاہ اور صندلِ سرخ اور برگِ مکوی ضماد کرین تاکہ وہ خونِ منجمد تحلیل ہو اور اگر ضرورت دیکھین تو دوسری طرف سے فصد بھی لین واضح ہو کہ اگرچہ بہت رگین اوردہ اور شریان یعنی جو قلب سے تعلق رکھتی ہین اور بدن کے مواقع مین کہولی جاتی ہین لیکن اس مختصر مین فقط اوردہ کی فصد کہ بکثرت مروج ہی اور اون سب کون کی فصد کا مطلب بھی انسے حاصل ہوجاتا ہی مذکور ہوتی ہین * **قیفال** * یعنی سر اور امراضِ دماغ کو نافع ہی اسکو کشادہ کہولین اگر نہ ملے تو کلائی پر اسکی شاخ کہولین * **اکحل** * یعنی نہر البدن اور ہفت اندام تمام بدن کا خون اوس سے نکلتا ہی اسکو دراز کہولین اور اسکے نیچے عصب ہی اوس تک نشتر نہ پہنچنے پاوے * **باسلیق** * امراضِ تنورِ بدن کو یعنی گردن کے نیچے سے کمر تک مفید ہی اسمین نشتر ترچھا لگاوین اور احتیاط کرین کہ اسکے نیچے شریان اور عصب ہی اوس تک نشتر نہ پہنچے اور اکثر اسکے دونون طرف شریان ہوتی ہین یہ تینون رگین بند و بست سے کہولی جاتی ہین * **اسیلم** * یہ داہنے ہاتہ سے امراضِ جگر اور بائین ہاتہ سے امراضِ طحال کو مفید ہی اسکو درمیان خنصر اور بنصر کے کہولکر ہاتہ گرم پانی مین رکھین اس لیے کہ خون اسکا غلیظ ہی پانی کی گرمی سے رقیق ہوکر نکلے * **صافن** * پانون سے کہولین گرہ پر واسطے اون بیماریون کے جو کمر سے نیچے ہون اور امراضِ دماغی خصوص مالیخولیا کو بطریق امالے کے اور امراضِ رحم کو مفید ہی اسکو ترچھی کہولین * **فصل** * بیان حجامت مین جسکو شاخ اور سینگی بھی کہتے ہین * **حجامت بلاشرط** * یعنی بے پچھنے کے مواد کو ایک عضو سے دوسرے عضو کیطرف کھینچتی ہی جیسا امراضِ دماغی مین

ساق اور کفِ پا پر لگانا اجزاء دماغ کو طرف اسفل کے کہینچتی ہی اور اس حرکت سے وہ اجزاے تحلیل بہی ہو جاتے ہین اور جس عضو پر رکہی جاتی ہی اوسکی ریح کو تحلیل اور درد کو ساکن کرتی ہی *حجامت مع الشرط* یعنی پچہنے کے ساتہ جس عضو پر لگائی جاوے اوس سے خون و مواد نکالتی ہی موے آدمی کو مفید ہی اور سولہوین سترہوین تاریخ مین بہتر ہی اور حمام کے بعد نکرین مگر جسکا خون گاڑہا ہووے اور مقدمِ سر کی حسِ ذہن کو مضر ہی نقرۂ گردن پر قائم مقام قیفال کے مگر نسیان لاتی ہی تہوڑا نیچے رکہین اور درمیان شانون کے قائم مقام باسلیق کے مگر خفقان پیدا کرتی ہی اور فمِ معدے کو مضر ہی تہوڑا مائل طرف اوپر کے رکہین کنپٹی پر سر اور کے اور ساق پر صافن کے قائم مقام ہی ٹہوڑی پر دانت اور منہ اور حلق کو مفید ہی کمر کے نیچے امراضِ گردہ اور مثانہ اور رحم اور مقعد اور ران کو نافع ہی اور ران پر امراضِ خصیہ اور زخم زانو کو اور زانو کے نیچے زخم ساق اور قدم کو اور پانون کی گرہ پر ادرارِ حیض اور عرق النسا اور نقرس کو مفید ہی اور بعد لگانے کے کپڑے سے زخمونکو صاف کر کے سفوفِ زردچوب ملنا چاہیے کہ زخم خشک ہو جاوین اور اگر مواد کا بہانا منظور ہووے تو شکری خام اور نوشادر سفوف کر کے لگاوین اور دو برس کی عمر سے ساٹہہ برس تک جائز ہی بعد اوسکے منع ہی* فصل ۳ *بیانِ محجمۂ ناری مین اسکو باڑہہ کہتے ہین تحلیلِ ریاح اور موادِ بلغمی مین نہایت موثر ہی الا اوسی عضو سے جسپر لگایا جاوے یا اوسکے اعضای قریب سے طریق اوسکا یہ ہی کہ سطحِ جلد کو تیل سے چکنا کر کے اوسپر تلی ٹکیا خام آردِ گندم سے کہکر ایک آبخورہ یا دوسرا ظرف مثل اوسکے جسکے لب باریک ہون اوسمین تہوڑی گہاس خواہ روئی یا کپڑا جلا کر رکہین جب جلنے لگے تب اوسکا منہ قرصِ مذکور پر رکہدین عضو کو پکڑ لیتا ہی بعد ایک ساعت کے جدا کرین اور بدفعات اسی تدبیر سے اوس مقام پر خواہ اوس سے متجاوز لگاوین* فصل ۴ *بیانِ علق مین جسکو جونک اور کیڑی کہتے ہین خون زائد و ناقص کے کہینچنے مین عضو خاص سے اور اعضای قریب سے اور جس مقام پر کہ حجامت مع الشرط نہو سکے بہت خوب ہی اور جو کیڑی چہوٹی خواہ متوسط ہووے پشت سبز رنگ اوسپر خطوطِ دراز برنگِ زرد اور پیٹ سرخ خواہ

برنگ جگر ہووے بہتر ہی اور جو سرخی اور سیاہ رنگ اور اوسپر خطِ لاجوردی خواہ طاؤسی ہوئن
ناقص ہی یہ کیڑا تالابون مین جسمین کائی اور سوار ہوتی ہی پیدا ہوتا ہی اوسکے پکڑنے کی یہ
تدبیر ہی کہ ایک ٹکڑا گوشت کا اوسمین ڈالدین دو تین پہر مین بہت کیڑیان اوسمین لپٹ جاتی
ہین جب پکڑین تب پہلے ایک دن اولٹا لٹکا رکھین کہ پانی ناقص اونکے پیٹ سے نکل جاوے
بعد اوسکے ایک روز بہو کہار کہکہ مقامِ ضرورت کے لگاوین اگر عضو کو نہ پکڑے مٹی تالاب کی
خوشبو عضو پر لگا کر لگاوین جب چہوڑانا چاہین اور از خود نچہوٹے تب اوسکے منہ پر تہوک ڈالین
کہ چہوڑ دے پہر اوسکی گردن پر ایک لکٹے فینسے جہو کر بالکل خون نکالکر برتن مین جسمین پانی اور مٹی بہری ہو
ڈال رکہین کہ زندہ رہے اور پہر کام آوے اور زخم عضو سے جب تک خون ناقص آوے
بند نکرین اور نیم کی سبزی اوسپر باندہے رکہین جب بند کرنا منظور ہووے اور از خود بند نہووے
تب ہلدی اور دیگدان کی پختہ مٹی یا اور مجففات سفوف کرکے زخمون پر چہڑکدین بند ہوجائیگا اور
زخم کو کہلا رکہین کہ ہوا کے لگنے سے ریم نہ لاوے اور اگر ریم لاوے تو خود بخود خشک ہوجائیگا
اور کیڑی لگانے سے پہلے روز تنقیہ کلی نہین ہوتا بلکہ اور بہی مواد آجاتا ہی اس لیے دوسرے
دن بہی لگانا ضرور ہی کہ بقیہ مواد خارج ہوجاوے * **فصل ۵** * قواعدِ مسہل مین جاننا چاہیے
کہ جو مسہل واسطے حفظِ صحت کے مستعمل ہو ایام ربیع خواہ خریف مین بہتر ہی اور جو دفعِ مرض کے
لیے مستعمل ہووے اوسمین انتظار فصل کا نہین ہوسکتا الا امراضِ مزمنہ مین اور ایام زیادہ سرد
یا زیادہ گرم مین اور بروزِ ابر و باد خلاف موسم کے اور ضعیف القویٰ اور ضعیف المعدہ اور بدن نحیف
اور لاغر کو استعمال مسہل کا منع ہی اور قبل مسہل کے استعمال منضج کا ضرور ہی اسواسطے کہ منضج سے
خلط قابل اخراج کے ہوجاتا ہی اور منضج خلط رقیق کو غلیظ اور غلیظ کو رقیق کردیتا ہی * **تدبیر
منضج کی** * یہ ہی کہ اجزا مناسب خلط کے شب کو تر کر رکہین صباح جوش خفیف دیکر ملکر
چہانکر پلاوین اور جسکی عادت مسہل کی نہووے اوسکو دوا قوی ندین اور جب تک مسہل کا عمل شروع
نہووے سونا نچاہیے الا مسہل قوی مین مگر مسہل قوی مین بعد شروع عمل کے ہرگز سونا نچاہیے

اور جب تک کہ مسہل معدے مین رہے غذا مطلقاً منع ہی اور مسہل جوشاندہ پر گرم پانی پینا اوسکے
عمل کو باطل کرتا ہی اگر پیٹ مین درد ہووے تو تھوڑا گرم پانی پینا اور چند قدم چلنا مفید ہی اور شربت
ورد پر پانی سرد معین اور جس مسہل مین حب الملوک یعنی جمالگوٹہ ہووے یا جس سفوف مین تربد اور
نمک ہووے قبل شروع عمل کے پانی سرد اور بعد عمل کے پانی گرم پینا بہتر ہی اور جس کسیکو مسہل سے
قی ہوجاتی ہو قبل مسہل کے دو روز تک متواتر قی کرنا مناسب ہی اور جسکو مسہل سے متلی ہو مقویات
معدہ مثل سیب بہی کے تھوڑا کہانا مفید ہی اور اگر مسہل عمل نکرے اوسیدن دوسرا مسہل پلانا
منع ہی مگر حقنے اور شافے سے تحریک کرنا جائز ہی اور اگر مسہل کی گرمی اعضای رئیس کو جاکر حالات
بد پیدا کرے تو فصد لینی چاہیئے اور اگر اسہال حد سے زیادہ گذرے اور تشنگی غالب ہو اور رنگ
مریض کا متغیر ہو چلے تو معدے پر قابضات لگاکر اسہال بند کرنا چاہیے اور تقویت مزاج کے
لیے شربتہای مناسب پلاوین اور قی کرانا بہی اسہال کو باز رکہتا ہی اور اگر کثرت اسہال سے
ہچکی پیدا ہووے تو چہینکین لاوین اگر اس سے بہی بند نہووے تو ترطیب معدے کی کرین

طریق مسہل مطبوخ بنانے کا یہ ہی کہ اجزای منضج مین اجزای مسہل کو ملاکر بدستور تر کرکے
جوش دیکر درست کرین اگر حموضات ملانا ہووے تو بعد جوش کے اوسکا زلال ملاوین اور
شیرخشت اور ترنجبین اور لب خیار شنبر بہی جوش نہ دینا چاہیے انکو علیحدہ تر کرکے اور ملکے
صاف کرکے ملاوین اور مسہل مین ملانا روغن بادام خواہ شیرہ بادام کا اسواسطے مناسب ہی کہ اجزای
مسہل معدے اور امعا مین نہ لپٹین اور نخود آب کا پینا اسہال کو بند کرتا ہی لیکن اوسکے گرم
پینے سے ابہرا ہوا مواد اور دوا ایک اجابت مین نکل جاتا ہی ترکیب نخود آب کی یہ ہی کہ نخود
سفید خواہ مونگ کو جوش کرکے پوٹلی کشنیز خشک اور الایچی سفید کی ڈالکر جوشاندے کو صاف
کرکے خوشبو کرکے پلاوین اور جسکو وجہ ممانعت کی نہووے گوشت حلوان بہی زیادہ کرین اور
جسکو روغن کا استعمال مضر جانین صرف زیرہ اور لونگ کے دہوین سے خوشبو کرین اور ہر حال
مین رعایت مرض اور مزاج کی ملحوظ رکہین جانا چاہیے کہ صفرای خالص تین روز مین اور غیر خالص

زیادہ اوس سے بلحاظِ اخلاطِ مخلوطہ کے نضج پاتا ہی اور بلغم خالص پانچ روز مین اور غیر خالص کم و
بیش مین اور سوداوی خالص نو روز اور غیر خالص کم و زیادہ مین نضج پاتا ہی اور اگر چند اخلاط کا
نکالنا منظور ہو تو منضج و مسہل بھی اونکے مناسب باہم کرکے استعمال کرین اور تعین تعدادِ ادویہ
اور مقدار و وزن دوا کا طبیب کی رای پر ہی اور ایسا ہی جوشاندہ اور خیساندہ اور گولی اور سفوف
بنانے مین جیسی مصلحت دیکھے کیونکہ ہر ایک ترکیب کی تاثیر جداگانہ ہی اور شروع منضج سے
اختتامِ مسہل تک بدون کرنے تقویتِ معدے کے غذا ثقیل نہ کھلاوین واضح ہو کہ دوای
معتدل مین قوتِ منضجہ اور دوای مسہل مین قوتِ مسہلہ بھی ہی لیکن ظہورِ ان تاثیرات کا تفاوت
وزن دوا اور تعدادِ ایام استعمال پر منحصر ہی *

فصل ۶ * قاعدۂ تلیین مین * جاننا چاہیے کہ
جس ترکیب مین اجزای مسہلہ قوی نہین ہین وہ تلیین ہی جب اخراج مواد کا صرف معدہ اور امعا
سے خواہ اعضای قریب سے ملحوظ ہووے تو اجزای مسہلہ کو خیساندہ خواہ جوشاندہ کرکے پلانا
چاہیے کہ اسہال کمتر سے خارج ہو اسی کو تلیین کہتے ہین اور تلیین مین دینا منضج کا ضرور
نہین ہی اور اگر بشرطِ فرصت کے دین تو زیادہ مفید ہی *

فصل ۷ * قواعدِ حقنہ مین * جسکو عمل جائز
اور عمل کہتے ہین **حکایت** ہی کہ ایک طبیب نے دریای شور کے کنارے دیکھا کہ ایک زاغ
نہایت ژولیدہ اور پژمردہ آکر بیٹھ گیا دوسرے زاغ نے چند قطراتِ آبِ شور منقار سے لیکر
مقعد مین ڈالا زاغِ علیل کو یہ حال ہوا صحت پاکر اوڑ گیا طبیب نے اس اختراع کو پسند کیا جس
مریض کے امعا مین مواد دیکھتا دریای شور کے پانی سے وہی عمل کرتا مفید پاتا جہان وہ پانی
میسر نہوتا نمک کو پانی مین ملاکر عمل کرتا فائدہ یکسان دیکھتا آخرکار دوای مسہلہ سے اطبا حقنہ
کرنے لگے جاننا چاہیے کہ حقنے سے موادِ امعا کا خارج ہوتا ہی اور جب اعضای اسفل مواد سے
خالی ہوجاینگا تب اوپر کے عضو سے بھی موادِ اسفل کو گرینگا چند حقنے مین وہ بھی خارج ہوجاینگا
الغرض امراضِ اعلی اور اسفل خصوصاً امراضِ دماغی کو حقنہ مفید ہی اگر قبل دوا ایک روز سے
استعمال منضج کا ہووے اور بروزِ حقنہ کوئی دوای مسہلہ کھائی جاوی تو زیادہ تر فائدہ ظاہر ہووے

[illegible]

* **طریق حقنے کا یہ ہی** * کہ ادویہ مسہلہ جوش کرکے آب صافی اوسکا مثانہ دواب مین جسکو
مل کرکے بارہا ہووے یا چمڑے کی تھیلی مین بہرکر اور اوسکے منہ پر لکڑی پتلی سوراخ دار باندہکر مریض کو
سیدہا لٹا کر اور سرین کے نیچے تکیہ رکہکے وہ لکڑی مقعد مین رکہکے دوا کو آہستہ آہستہ دباوے
کہ دوا امعا مین پہنچے اور زور سے دابنے مین امعا کو صدمہ پہنچتا ہی لیکن دوا مین کوئی روغن بہی
ملانا ضرور ہی تاکہ دوا سے امعا مین خراش نہ پہنچے کیونکہ امعا خو کردہ اس امر کے نہین ہین کہ
کوئی چیز ایسی جسپر معدے کا عمل ہوا ہووے اونمین پہنچے اور اگر ایسا روغن ہو کہ جسمین قوت
مسہلہ ہو تو بہتر ہی واضح ہو کہ متاخرین نے بجای تھیلی چرمی کے ایک آلہ فلزی اختراع کیا ہی
* **فائدہ** * طریق پچکاری کا مثل حقنے کے ہی ادویہ مدرات سے براہ بول کے * **فصل ۸**
قاعدہ شافہ مین بعضے اجزای مسہلہ کو باریک سفوف کرکے صابون مین ملا کر لنبی بتی مستحکم
ایک طرف پتلی دوسری طرف موٹی بنا کر اوسپر تیل لگا کر پتلی طرف سے مقعد مین رکہکر آہستہ آہستہ
داخل کرین اگر بمقدار چہہ انگل کے داخل ہوتی ہی تو اثر اوسکا امعای قولون تک پہنچتا ہی اور مواد کو
خارج کرتا ہی ورنہ طبیعت کو طرف دفع براز کے مستعد اور مائل کر دیتا ہی اور دوسری تدبیر یہ ہی کہ
صابون کو چھیلکر نکیلا شیاف بنا کر شہد لگا کر اوسپر سفوف رائی اور نمک کا چہڑک کر تھوڑا تیل
میں کے مستعمل کرین * **فائدہ** * مثل شافہ کے راہ بول مین بتی دوا کی واسطے ادرار بول کے
یا رفع قرحہ کے رکہتے ہین * **فصل ۹** * **قواعد قی مین** قی مواد کو معدے سے نکالتی ہی اور
امراض اسفل مین بطریق امالۂ مواد کے نہایت خوب معالجہ ہی عارضۂ عرق النسا اور وجع مفاصل کو
بہت مفید ہی بہترین شکل قی کرنے کی یہ ہی کہ دوا مقیات نوش کرکے آنکہہ پر پٹی باندہ کر
اور پیٹ اور کمر کو نرم باندہ کر کہڑے ہو کر قی کرین کہ اس طرح پر مواد بخوبی خارج ہوتا ہی اور ایک روز
پیشتر غذا نرم کہائین اور اگر ضرورت پر استعمال کرین تو لحاظ تاریخ کا نکرین اور اگر واسطے حفظ صحت
کے کرین تو چودہوین اور پندرہوین تاریخ ہر مہینے مین کیا کرین اور ایام گرمی مین قی کرنا خوب ہی
اور اگر قی سے ہچکی عارض ہو تو چھینک لانے سے بند ہوتی ہی اور اگر اس حیلے سے بہی

دفع ہووے تو اشیای مزعفر مثل بالائی وغیرہ کے کہلاوین *

فصل ۱۰ * قواعدِ ادرار مین *

جانا چاہیے کہ اگر اخراج مواد کا جگر اور گردہ و مثانہ اور اعضای تناسل سے مقصود ہووے تو استعمال مدرات کا بہتر ہی کیونکہ وہ مخرج طبعی فضلاتِ اون اعضا کا ہی اور اگر احتباسِ منی یا احتباسِ خون حیض کا ہووے تب مدرات اونکے استعمال کرنا مفید ہی اور طریقہ استعمال سب مدرات کا یہ ہی کہ ادویہ بطور شربت کے مستعمل ہووین یا دوسری تراکیب مشہورہ سے مستعمل ہووین لیکن طریقہ خاص کہ امراضِ سوزاک مین مستعمل ہی بیان ہوتا ہی کہ چند اجزای مدر قوی مثل کباب چینی اور قلمی شورہ اور خردل اور دانہ الایچی سفید کے سفوف کر کے شیرہ یا پانی مین ملا کر پلاوین اور تمام روز غذا نہ کہلاوین اور بدفعات دودہ اور پانی ملا کر پلایا کرین اسطرح کہ دودہ کا دہ چند پانی ہووے اور اگر مریض کو بسبب ہونے کہانسی وغیرہ کے استعمال دودہ کا مناسب نہووے تو صرف پانی پر خواہ عرق مکوی پر اکتفا کرین *

فصل ۱۱ * بیانِ قواعد و دستوراتِ معالجاتِ خارجی مین *

* جانا چاہیے کہ مقصود اصلی معالجے سے پہنچانا اثر دوا کا مقامِ مرض مین ہی خواہ وہ مرض تمام بدن مین ہووے خواہ عضوِ خاص مین ہو چنانچہ سوای طریقے کہلانے اور پلانے کے اور بھی بہت طریق ہین لیکن مختصراً اس مقام پر ذکر کیے جاتے ہین * **آبزن** * دوا جوش کر کے اوسکے آبِ صافی نیم گرم مین مریض کو بٹہالنا * **انکباب** * یعنی بپہارہ دوا جوش کر کے اوسکا دہوان تمام بدن پر خواہ عضوِ خاص پر مثل کان کے پہنچانا * **بخور** * یعنی دہونی دوا خشک جلا کر اوسکا دہوان تمام بدن پر خواہ عضوِ خاص مین مثل ناک کے پہنچانا * **پای شویہ** * دوا کو پانی مین پکا کر اوس پانی سے برسم معروف مریض کے پانون دہونا اور پانی پوچہکر اوپر سے کپڑا لپیٹنا اور تلوے کہلے رکہنا بعد چند ساعت کے نیچے کی جانب سے کہولنا * **تمریخ** * دوا باریک کر کے بدن پر ملنا اگر دوا خشک ہووے تو دسور اسے کہتے ہین اور اگر تر ہووے تو [illegible] کہتے ہین * **تدہین** * روغن ملنا * **حمول** * * دوا کو پوٹلی چہوٹی مین باندہ کر راہ بول یا نان مین رکہنا * **ذرور** * دوا خشک باریک گہسکر چہڑکنا * **سعوط** * دوا کا یا پانی ناک مین ٹپکانا **

سکوب دوا کا پانی نیمگرم بتدریج بدن پر گرانا *سنون* منجن دانت پر ملنا *شموم* دوا تر یا خشک سونگھنا *ضماد* یعنی لیپ دوا موٹی پیسکر ظاہر بدن پر لگانا *طلا* دوا پتلی لگانا *عطوس* دوا واسطے چھینک کے سونگھنا *فتیلہ* دوا کو کپڑے مین لپیٹکر عضو کے کسی سوراخ مین رکھنا *فرزجہ* دوا کپڑے مین لپیٹکر راہ بول عورات مین رکھنا جیسے ناسور *کحل* یعنی سرمہ دوا باریک آنکھہ مین لگانا *کاجل* دھوان دوا کا لیکر آنکھہ مین لگانا *کماد* دوا خشک خواہ تر پوٹلی مین باندہ کر نیمگرم بدن پر بتدریج رکھنا *لخلخہ* دوا رقیق و خوشبو چھوٹے ظرف مین رکھکر سونگھنا *نفوخ* دوا باریک گھسکر ناک مین خواہ کسی دوسرے عضو مین پھونکنا *نطول* یعنی تریڑا دوا کا پانی بدن پر بلا فاصلہ علی الاتصال گرانا *فصل ۱۲* جاننا چاہیے کہ اکثر تدابیر ایسی ہین کہ بدون دوا کے مریض کو فائدہ ہو *تربیط* یعنی پٹی باندہنا یا نون مین کہ ابخرہ دماغ سے کھینچتا ہی *تحکیک* پانون کا کھجلانا کپڑے سے یا دوسری چیز خشن سے ابخرہ دماغی کو فنا کرتا ہی یا بھینگے آدمی کے گوشۂ چشم کی طرف کو پھول لٹکانا کہ اوسے دیکھنے کی عادت کرنے سے دفع مرض ہو جاتا ہی یا صاحب لقوہ کو آئینہ چینی دکھلانا یا مدقوقکی تفریح لہو و لعب سے کرنا یا تبدیل ہوا کا کرنا

مقالہ پانچوان تاثیرات اور اغذا و ادویہ مفردہ مین

استعمال دوا کا باقتضای حالات مریض اور رعایت وقت اور وزن دوا اور رعایت اعضا کے اور ترکیب مناسب دینا اور مضرات سے پرہیز کرنا چاہیے مثلا جو چیزین قابل غذا کے ہین اونکو غذا اور چیزون کو دوا ٹھہرا دیگا یا داخلا جسطرح سے مناسب ہی استعمال کرین مثلا اگر کھانے کی دوا لگانے مین استعمال ہو تو فائدہ نہین حاصل ہو سکتا *معدلات* کہ خلط متغیر کو حالت اصلی پر لاوین *معدلات خون* تخم کاسنی کاہو کشنیز گل سرخ عناب صندلین شاہترہ منڈی حنا لیمون آلو برم و ندی خوب شیشم کچنال چوب آبنوس نیلکنٹھی برگ نیم گل تخم گل نیلوفر گل گاؤ زبان منڈی آخرہ گل گلشہ
معدلات صفرا خرفہ کاسنی تخم خیارین کشنیز صندل سفید تخم کاہو بہدانہ اسبغول *
معدلات بلغم بادیان انیسون اصل السوس مقشر کمون دار چینی مویز منقی سنبل الطیب خطمی خبازی زیرہ

* **معدلات سودا** * سپستان برگ گاؤزبان تخم خرپزہ اصل السوس انجیر مویز افتیمون

* **ملطفات** * کہ اخلاط غلیظ کو رقیق اور قطع کرین ابہل ادیل سقیل حماض سرکہ اسطوخودوس حب بلسان اقحوان انجیر بید بیدستر خردل قرطم بسبائذ بیخ کشت نانخواہ دارچینی سعد جعدہ فوج زوفا مرزنجوش باسبس قسط صعتر پودینہ زرا وند حرف حرمل ایرسا نمام سداب نانخواہ سکنجبین عاقرقرحا * **منضجات** کہ خلط متغیر کو لائق اخراج کے کرین * **منضجات صفرا** * عناب گل سرخ گل بنفشہ گل نیلوفر شاہترہ تخم کاسنی بیخ کاسنی عنب الثعلب * **منضجات بلغم** مویز تخم خطمی بادیان انیسون اکلیل الملک پرسیاوشان شکاعی انجیر زردگل سرخ گلقند یا سکنجبین * **منضجات سودا** * سپستان عناب گاؤزبان بادرنجبویہ اصل السوس مقشر پرسیاوشان اسطوخودوس شاہترہ شکاعی بادآورد بادیان ترنجبین یا گلقند * **مسہلات** * کہ خلط ناقص کو براہ براز کے دفع کرین اگرچہ کوئی دوا ایسی نہین ہی کہ سوای ایک خلط کے دوسرے کو نہ نکالے مگر جسکے واسطے مخصوص ہی اوسکو بیشتر نکالتی ہی اور سب مسہل مضعف معدہ ہین مگر ہلیلہ اور سنا مین اختلاف ہی بعضون کے نزدیک یہ دونو مقوی معدہ ہین اور افتیمون اور کشوث صرف جوشاندہ اور خیساندہ مین داخل کرنا چاہیے اسطرح پر کہ پوٹلی مین باندہ کر شامل دوسری دوا کے ترکرین وقت ملنے کے پوٹلی نچوڑ کر نکال ڈالین * **مسہلات صفرا** * تمر ہندی آلو بخارا ترنجبین شیرخشت برگ سنا ہلیلہ زرد گل بنفشہ گل سرخ تخم کشوث مغز فلوس خیارشنبر * **مسہلات بلغم** * شحم حنظل غاریقون تربد سفید مجوف خراشیدہ بسفائج کلونجی حب النیل سورنجان شیرین ریوند چینی زنجبیل مقل مغز تخم بید انجیر اور روغن اوسکا اور مغز فلوس خیارشنبر اور حب ایارج * **مسہلات سودا** * ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ حب النیل برگ سنا افتیمون اسطوخودوس ایارج فیقرا بسفائج ریوند خطائی لاجورد مغسول

* **مقیات** * کہ اخلاط ثلثہ موجودہ معدہ اور اوسکے حوالی کو قی سے نکالتے ہین آب ترب آب شبت تخم ترب تخم شبت بیخ خرپزہ اصل السوس غیر مقشر شہد سکنجبین شکر سرخ نمک آب گرم

* **ملینات شکم** * ترب یا آلک کرنب مغز بیہ دانہ چقندر عرق نیشکر شہد غیر کف گرفتہ شفتالو کہ

سر گرہ عضلی حب السمنہ ساگ خرفہ ساگ بتہوہ شیر میش اور گوسفند اور کثرت خورش کہن کی * حابسات شکم *
جگر بریان میش و گوسفند با کلای بریان بیخ انجبار بتہو چوکی کلہ یا پچہ بریان کچیال زیرہ سماق تخم ریحان
اسبغول گنوچہ بارتنگ بیلگری حب الآس دانہ الایچی بادیان انیسون جملہ بریان نشاستہ گندم گل ارمنی
زہر مہرہ * مفتحات * کہ سدہ اور ریاح کو دفع کریں اذخر شاہترہ غاریقون رازیانہ افسنتین
صعتر لسبابہ پنجنکشت حاوشیر کرفس اسطوخودوس افتیمون جنطیانا زیرہ کرمانی ایرسا نانخواہ بالون
تخم گزر زنجبیل دار فلفل سداب دارچینی زعفران مرزنجوش زراوند کباب چینی کشوث جند بیدستر *
* قابضات * پوست ترنج پوست بیرون پستہ پوست سنگدان مرغ جفت بلوط زرشک
حب الآس باقلا گلنار دم الاخوین طباشیر سماق عدس نشاستہ گندم بارتنگ مغز تخم کنار مغز تخم جامن
مغز تخم انبہ مائین مازو * مدرات بول * کہ اخلاط رقیق و ناقص کو براہ بول سے نکالکے دفع کریں *
* مدرات سرد * تخم خیارین تخم خرفہ خارخسک گل خیرو آب کدو آب خیار آب تربز تخم خربزہ تخم
چرچرہ تخم السی آتش جو آب کاسنی اور تخم کاسنی اور بیخ کاسنی کا کنج آب لیموں نمک * مدرات گرم *
بادیان انیسون کرفس زوفا یابس مغز تخم کدو پوست ملتاسن کباب چینی سداب تخم گزر پرسیاوشان
قسط شیرین زعفران اسارون سنبل الطیب سلیخہ ابہل شونیز نانخواہ پودینہ عود بلسان برنجاسف
آب نخود * مدرات حیض * کہ بحالت قلت اجرای حیض خواہ احتباس کے موافق مزاج مریضہ کے
ایام حیض میں خواہ اوسکے قبل سے استعمال کرنا چاہئیے سلیخہ شونیز ابہل حرمل جند بیدستر زنگ
کابلی برنجاسف قردمانا بابونہ قسط شیرین کباب چینی پرسیاوشان فراسیون عود فوفانیا جنطیانا ما
نانخواہ حاوشیر جعدہ سداب سعد زعفران اسارون تمام زوفا خشک کرفس مرزنجوش کماذریوس
حبۃ الخضرا اشکیطرا مشیع آب نخود * مصدعات * جنکے استعمال سے درد سر عارض ہو نخورہ
اظفار الطیب کا بزر البنج کہانا اور کندر کراث شبت لہسن پیاز گل خیرو سونگہنا اور عدس حلبہ برنگہان
بادنجان تمر علی الاتصال کہانا * منومات * کہ خواب لاویں تخم خشخاش یا پوست خشخاش سے
دماغ پر نطول کرنا یا گل خشخاش سونگہنا اور سوتے وقت سرہانے رکہنا زعفران گل معصفر گل بنفشہ

کشنیز تر آتشی چہ پینا شیرہ بادام روغن بادام روغن گل روغن نیلوفر لگانا پیشانی اور سر پر اور دلک
اعضا اور آواز پانی کی * **فائدہ** * اگر سوتے ہوئے آدمی کے چہرے پر مٹی قبر کی چھڑک دین جب تک وہ مٹی
جدا نہو نیند اوسکی موقوف نہو * **مسہرات** * کہ غلبہ خواب و غنودگی کو دفع کرین برگ پودینہ
سرکہ خردل قرنفل سر اور پیشانی اور کنپٹی پر لگانا مرچ سیاہ اور مشک سونگھنا نمک اور سرکہ سونگھنا
ایارج فیقرا سے غرغرہ کرنا اور کافور سونگھنا * **ف** * بخیال فاختہ یا بشیرہ سر بچہ یا بند پینا یا نخاع
مفید ہیں * **محلمات ردیہ** * جس سے خواب پریشان نظر آوین گندنا لوبیا باقلا پیاز خام کھانا
شراب تازہ پینا * **مانعات احلام ردیہ** * جس سے خواب پریشان دیکھنا موقوف ہو
سنگ بلور چوب زیت گلے مین لٹکانا زرنیخ یمانی سر کے نیچے رکھکے سونا * **مسرعات سکر** *
جس سے نشا شراب کا جلد ظاہر ہو زعفران بادام تلخ بہنگ جاوتری چھڑیلہ شراب مین ڈالنا
زعفران یا چھڑیلہ شراب پر سونگھنا یا بادام تلخ یا پانچ دانے کاکنج کے بعد شراب کے کھانا * **موخرات سکر** *
جس سے نشا شراب کا دیر سے ہو شراب پر سفرجل یا بادام شیرین یا گری ناریل کی کھانا یا کشنیز
کھانا * **دافعات خمار** * انار ترش کھانا عرق لیموں عرق گلاب شربت قند پینا گل سرخ سونگھنا
* **مقویات دماغ** * آملہ ہلیلہ مربی سیب بہی امرود گل سرخ گلاب نارنج فندق بالنگو سعد کوفی
سنبل الطیب تخم خشک جوزبوا مروارید عود عنبر قرنفل زعفران کندر بہلول خرد یاسمین نرگس کندری
ورد احمر کاہو صندل سفید بادام شیرین زنجبیل دماغ حیوانات گوشت ماہیان اجوائن مغز پستہ
* **مقویات دل اور مفرحات** * امرود انار شیرین انار ترش ابریشم آملہ پوست ترنج شگوفہ
لیموں اشنہ اظفار الطیب آلو بالو درنجوبہ مرجان بیخ مرجان بہمن بسفایج بذر الحماض برگ تنبول
سیب بہی انجیر تمر ہندی زہر مہرہ خطائی گل چاندنی جدوار دانہ الائچی سفید درونج دارچینی مشک
زرنب زرنباد یاسمین سلیخہ سنبل الطیب گل کرنل زعفران شقاقل صندل سفید طباشیر عنبر عود ورد
طلا ورق نقرہ مغز پستہ تخم خشک کہربا قرنفل کافور کندر کشنیز کتیرا گاؤزبان مروارید گل نیلوفر
نمام پودینہ گل سرخ یاقوت سنگ یشب لاجورد عرق کیوڑہ شراب الصالحین * **مقویات جگر** *

افسنتین جوزبوا ازرنباد سعد درونج دارچینی تخم کشوث اسارون مغز پستہ مصطگی قاقلہ عود ہندی زراوند بادرنجبویہ اظفار الطیب حماما مویز حب بلبسان ناردین غافث کاسنی گل سرخ زرشک نشاستہ انار آب باران* **مضراتِ جگر*** آب سرد نارنگی خرما انجیر تریا نہایت خشک اور مداومت سرکے کی اور شہد کہ موسم سرما مین مہیا ہووے* **مقویاتِ معدہ*** آملہ دانہ انار پوست بلیلہ سماق بہی طباشیر گل سرخ آلو خام ہلیلہ مربی جامون اسارون اذخر فلفل سیاہ پوست ترنج بالنگو جوزبوا دارچینی زرنباد اشنہ سعد سلیخہ ساذج ہندی کچنال قرنفل قاقلہ کندر مصطگی پودینہ عود ہندی سنگدان مرغ دہی* **مضراتِ معدہ*** آلو شیرین عناب تخم السی تخم پیہہ تنجی ساگ لوبیا شیر ناریل پنیر کہنہ تخم بالم کنجد سیاہ ماء الشعیر عدس آب گرم* **فائدہ*** جاننا چاہیے کہ جو چیز مفید یا مضر معدہ کی ہی اوسکا فعل مری اور امعا کے ساتہ بہی ویسا ہی ہی* **مقویاتِ اشتہای طعام*** عرق لیمون پوست لیمون پوست ترنج فلفل سکنجبین سفرجلی زرشک سرکہ مصطگی خولنجان نمک ہندی قاقلہ شیر شتر آب سرد* **ف*** مقویاتِ معدہ مقویاتِ اشتہا بہی ہین* **مقویاتِ دندان و لثہ*** گلنار شب کندر شاخ گوزن سوختہ مسی پوست ہلیلہ فوفل عاقر قرحا سماق زیرہ گلاب سعد عفص مازو مصطگی کندر دانہ الایچی فلفل سیاہ سوختہ کسیس طباشیر بہلا وان سوختہ استخوان ہلیلہ زرد سوختہ برادہ آہن کلی گلاب کی ناس تنباکو سوختہ سندروس انزروت سنگ جراحت کبابہ خندان خرمہرہ قسط شیرین مروارید چنبال مولسری تخم سرس زرنب سک رامک برگ بعرد کف دریا عدس مقشر تخم ہندسی مرکی بیخ نی مونگے کی جڑ* **مضراتِ دندان و لثہ*** تمام شیر خصوص شیر شتر اور مولی اور آب برف اور آب شورہ اور سب چیزین ترش* **مقویات و محددات بصر*** آملہ ہلیلہ زرد بادام شیرین بادیان تعبل پختہ عسل کہانا صدف سوختہ اور ابریشم سوختہ اور سرمہ اور کہریا سونے اور چاندی کی اور مرچ سیاہ لگانا اور مشک و زعفران و موتی حل کرکے سونے کی سلائی سے لگانا* **مضراتِ بصر*** کرنب کا ہو چرچرہ مسور گندنا بکثرت کہانا اور جماع بکثرت* **مقویات باہ*** گوشت بزغالہ یکسالہ اور مرغ اور دراج اور ماہی اور بیضہ مرغ اور دماغ عصافیر اور شلجم اور گزر اور

قسط فرفیون صابون قلقطار شنجار ذرایح * مُوکلات لحم خبیثہ * کہ گوشت زائد اور ناقص کو قرحہ سے کاٹے اور دور کرے انزروت اشنان نمک مرداسنگ توبال مس سفیدہ سیندور صدف سوختہ زنگار توتیا * مجلیات * کہ قرحہ کو ریم وغیرہ مواد ناقصہ سے پاک کرے ابہل زرفت شورہ نمک نبات آب کامہ ایرسا عسل زرنیخ حب بلسیان * قاتلات دود * جس سے زخم کے کیڑے یا کیچوے مرین برنگ کابلی افسنتین تخمہ زوفا ہی خشک کرویا حرف پودینہ قنبیل اشنیح شونیز برگ شفتالو ترمس * مدملات * ادویہ کہ قرحہ کو گوشت صحیح سے پر کرین اثمد صمغ الوانزروت اسفنج ورق بلوط دم الاخوین زرفت زراوند بابرنگ زیرہ ایرسا صبر گل مختوم سنگ جراحت رال * مجففات * کہ زخم اور قرحہ کو خشک کرین صدف سوختہ اور خرما سوختہ اور سم سوختہ اسپ کا اور خر کا اور انزروت اور اشنہ اور مرداسنگ * مانعات نزف الدم * کہ جریان خون کو زخم سے بند کرین اثمد زرشک باد روج جفت بلوط تسدو دم الاخوین کیر و عفص گل ارمنی کہربا کافور کندر بارتنگ تخم بیٹھیہ بیخ الجبار ریشہ برگدزیرہ مصطگی پودینہ نشاستہ مازو تہہ قنطوریون ریوند شاونہ جوزالسرو عذبہ بزرالبنج کشنیز خشک

* مقالہ چھٹا ادویہ مجربہ امراض ہر عضو مین *

واضح ہو کہ اطبای متقدمین نے ہرچند اقسام مرض اور معالجہ اونکا بہت صراحت سے لکھا ہے تب بھی اکثر امراض ایسے مشاہدہ ہوے کہ اصلا تذکرہ اونکا کتب مبسوطہ سابقہ مین پایا نگیا لیکن اگر سبب مرض کا بخوبی تشخیص کرکے موافق قوانین کے دوا کیجاوے تو کسی مرض کے معالجے سے محجوب نہوا اور اگرچہ اس مقام پر تجربہ متقدمین اور اس کے ترک کا تحریر ہوتا ہے تاہم بلا تشخیص کے صرف تجربے پر کاربند نہ ہونا چاہیے

* باب اول امراض دماغ مین *

فصل * دردسر مین دردسر اگر گرمی سے ہووے * **علاج** * گل سرخ کافور صندل سفید کشنیز تخم کاہو تخم خرفہ تخم کاسنی تخم خیارین مغز تخم کدو مغز تخم تربز مغز تخم بیٹھیہ بہدانہ شیرین تخم خشخاش آلو بخارا

گل نیلوفر گل بنفشہ پینا اور لگانا اور سونگھنا مفید ہی * ایضاً * افیون کو روغن گل یا سرکے مین
گھولکر لگانا * ایضاً * برگ یا پھول حنا کے سرکے مین پیسکر لگانا * ایضاً * آب کدو آب خیار
زلال تمرہندی زلال آلو بخارا قدرے شیرینی ملاکر پینا * ایضاً * افیون لگانا اور سونگھنا
* ایضاً * عرق لیمون کاغذی نیمگرم چند قطرے کان مین ٹپکانا * ایضاً * شیرہ بھنگرہ اور شیر
گوسفند مساوی نیمگرم ناک مین ٹپکانا * ایضاً * کباب چینی گلاب مین گھسکر ضماد کرنا * او اگر * سردی سے ہو
* علاج * زنجبیل مرزنجوش اسطوخودوس پودینہ زراوند بابونہ افسنتین کلونجی سرکہ یا پانی مین پیسکر
نیمگرم لگانا * ایضاً * زعفران مشک جندبیدستر تریاق اربعہ کھانا * ایضاً * مومیائی روغن
بنفشہ مین گھولکر ناس لینا * او اگر * بسبب کیڑون کے ہو نکلنا خون اور ریم اور کیڑون کا ناک سے
دلیل ہی * علاج * ریٹھا پانی مین گھسکر دو تین قطرے ناک مین ٹپکانا * ایضاً * آب برگ شفتالو
مین ایلوا گھولکر ٹپکانا * او اگر * دھوپ مین چلنے سے یا رہنے سے ہو * علاج * گلی چونے کی روغن زرد
مین ملاکر پیشانی پر لگانا * ایضاً * عرق بید پلانا * او اگر * نزلے سے ہو * علاج * چھینک سے مواد
دفع کرنا اور منضجات بلغم پینا * ایضاً * اطریفل کشنیزی کھانا * ایضاً * زنجبیل دارچینی لونگ
پوست بیخ ارنڈ پانی مین پیسکر لگانا * عصابہ * صرف درد ابرو پر ہوتا ہی اور طلوع آفتاب سے شدید
اور زوال سے کم اور غروب سے موقوف ہو جاتا ہی * علاج * کافور روغن گل مین گھولکر ناس لینا
* شقیقہ * درد نیم سر کو کہتے ہین بیشتر نزلہ یا ضعف دماغ سے ہوتا ہی * علاج * کاغذ یا استخوان
سگ جلاکر ناک سے دھوان کھینچنا فوراً دفع کرتا ہی * ایضاً * افیون زعفران گوند ببول سفیدی بیضہ
مرغ مین ملاکر کاغذ پر طلا کرکے کنپٹی پر جسطرف درد ہو لگانا * ایضاً * کنجد چرونجی مغز بادام شیرین
خرما مغز تخم کدوی شیرین شیر و سبوس گندم شیر گاو اور شکر سفید ملاکر کھانا اور دوسری دوائین درد سر کی
کرنا * غودہ * جو تمام سر مین مثل ٹوپی کے ہوتا ہی * علاج * سر کے بال دفع کرکے زعفران
جاوتری جایفل نمک پانی مین پیسکر نیمگرم تمام سر مین لگانا * ایضاً * ادرک کا مربی کھانا * فصل *
سدر اور دوار مین کہ وقت حرکت یا اوٹھنے کے تیرگی نظر یا سب چیزین پھرتی معلوم ہون * علاج *

کشنیز تمر ہندی بنفشہ گلِ نیلوفر ہلیلہ کابلی عرقِ گلاب کے ساتہ پینا * ایضاً * خرین ترش اور سرکہ کہانا
* ایضاً * کشنیز صندلِ سفید سرکے مین پیسکر پیشانی پر لگانا * فصل ۳ * زکام اگرچہ اس عارضے
کی دوا کمتر کرتے ہین اسواسطے کہ فضلۂ دماغی جو موجب انواعِ امراض کا ہی دفع ہوتا اوسکا بہتر ہی
لیکن اگر شدت اور تکلیف پیدا کرے دوا کرنی چاہئے * علاج * کپڑا گرم کرکے سر کو سینکنا
* ایضاً * گرم پانی مین کپڑا تر کرکے سر پر رکہنا * ایضاً * ارہر یا نخود بریان کرکے سونگہنا
اور سر کو سینکنا * ایضاً * چونا اور نوسادر ملاکر سونگہنا * اور اگر زکام بند ہوجاوے تو زیادہ تر تکلیف
اور باعث حدوثِ امراض کا ہوتا ہی * علاج * شربت بنفشہ عرقِ مکوی مین گہولکر پینا * ایضاً *
گلِ بنفشہ تخمِ خطمی اصل السوس بہدانہ باضافۂ شکر سفید کے جوشاندہ خواہ خیساندہ پینا * فصل ۴ * برسام مین
اگر * قرانیطس * یعنی دموی خواہ * قرانیطس خالص * یعنی صفراوی ہو * علاج * فصد سر اور کرنا و حجامت
مع الشرط یعنی بہری شاخین پسِ گردن پر رکہنا * ایضاً * سبوس گندم برگ کنار گلِ نیلوفر گلِ خیرو
گلِ بنفشہ نمکِ ہندی جوش کرکے پاشویہ کرنا * ایضاً * گلِ بنفشہ گلِ نیلوفر گلِ سرخ عنب الثعلب
اسفاناخ یا آبِ کدو پینا اور نطول کرنا * ایضاً * شیرِ عورت سر پر دوہنا * ایضاً * آشِ جو آبِ خیار
زلالِ تمر ہندی ملاکر پینا * اور اگر لیثرغس * یعنی بلغمی ہو * علاج * تخمِ خطمی تخمِ خبازی مکوی گلِ بنفشہ برگ
سنا شحمِ حنظل روغنِ بید انجیر لبِ خیار شنبر سے حقنہ کرنا اور اگر حقنہ نہو سکے بطور مسہل کے یہی اجزا
پلانا * ایضاً * زنجبیل عاقرقرحا فلفل شبت سر پر لگانا * ایضاً * کندش عاقرقرحا فلفل سے
چہینک کرانا * ایضاً * ایارہ فیقرا ایک ایک روز درمیان کرکے کہلانا * علاج مشترک *
کہ برسامِ صفراوی اور بلغمی دونو کو سودمند ہی شکمِ مرغ پہاڑ کر احشا اوسکے نکال کر گرما گرم سر پر
باندہنا * ایضاً * خونِ کبوتر یا قمری یا مرغ کا روغنِ گل ملاکر سر پر لگانا * ایضاً * مونگ کی روٹی
ایک طرف تابۂ آہنی پر رکہکر کچی طرف روغنِ گل لگاکر نیم گرم سر پر باندہنا * ایضاً * آردِ جو سوت
زعفران سفیدی بیضۂ مرغ مین ملاکر سر پر لگانا ورم کو اندر سے باہر کہینچ لیتا ہی * فصل ۵ * صرع مین
* علاج * حالتِ بیہوشی مین کندش عاقرقرحا شحمِ حنظل نوسادر شونیز خربقِ سفید فلفلِ سیاہ یا سفید

باریک کرکے ناک مین پہونکنا * ایضاً * تخم ڈہاک پیسکر ناک مین ٹپکانا * ایضاً * برگِ عشق پیچہ
نچوڑ کر ناک مین ٹپکانا * ایضاً * برگِ مذکور یا کٹہل ملا کر ناک مین دہوان دینا * ایضاً * مست
ہاتہی کا پسینا ناک مین ٹپکانا * ایضاً * بعد افاقت کے غاریقون اور تربد اور افتیمون اور بلیلہ سیاہ
اور شحم حنظل سے اسہال کرانا * ایضاً * اشیائی گرم اور مفتحات سدد کا استعمال کرنا اور اشیائی
منجرات مثل پیاز اور لہسن اور گندنا اور گوشت میش اور گاو سے پرہیز کرنا * ف * کابوس یعنی
ورنجک اگر اکثر ہوا کرے مقدمہ صرع اور سکتہ کا ہی تنقیہ دماغ کرنا مناسب ہی * فصل ۶ * سکتہ مین
* علاج * کندش فلفل وج عاقرقرحا جوزبوا شونیز جندبیدستر باریک کرکے ناک مین پہونکنا
اور پیشانی اور سر پر طلا کرنا * ایضاً * مرزنجوش سداب فرنفل نانخواہ ضماد اور نطول کرنا * ایضاً
ایرسا سنبل ہندی سرکے مین پیسکر سر پر ضماد کرین * فصل ۷ * جنون مین * علاج * گل سیوتی گل
سرخ گل نیلوفر گل بنفشہ اسطوخودوس برگ گاوزبان آملہ خیسانده کرکے باضافۂ شیرینی کے پینا *
* ایضاً * خیار کدو آش جو شیر گوسفند کہانا * ف * آدمی کے سر کے بال جلا کر روغن گل مین
ملا کر ناک مین ٹپکانا جنون کو زائل کرتا ہی * فصل ۸ * مالیخولیا مین * علاج * ابریشم خام صندل
سفید آملہ تخم خیارین تخم کاسنی بادرنجبویہ برگ گاوزبان کشنیز مغز تخم کدو کا ہو خرفہ بالنگو گلاب
ورق نقرہ سنگِ یشب زہر مہرہ ختائی تراکیب مناسب سے کہلانا * فصل ۹ * نسیان مین * علاج *
ہلیلہ کابلی بلیلہ آملہ دارچینی اسارون فلفل جوزبوا مویز کباب چینی کندر مصطکی کہانا * ایضاً * سداب
کرفس نانخواہ سر پر نطول کرنا * ایضاً * خردل پودینہ برنجاسف سرکے مین پیسکر پس سر بعد دفع
بالون کے ضماد کرنا * فصل ۱۰ * فالج مین اگر شق داہنی مین ہو علاج پذیر ہی اور اگر طرف بائین ہو تو
ہی اور فالج اگرچہ تنقیہ کثیرہ سے زائل ہوتا ہی تب بہی اندیشہ نکس کا اور کچہہ اثر اوسکا قائم رہتا ہی
* علاج * دو تین روز تک بے آب و دانہ رکہنا بعد اوسکے ایک حصہ شہد دو حصہ پانی مین
جوش کرکے جب نصف پانی باقی رہے تہوڑا تہوڑا پلانا * ایضاً * مسہلات بلغم کے دینا اور
ادہنین سے حقنہ کرنا * ایضاً * شیطرج اذخر دار شیشعان جندبیدستر مشک عنبر بہمن سورنجان شیرین

ملاٹ درزنجبیل وارفلفل دروبج نانخواہ سنبل ہندی جوزبوا زراوند مدحرج فلفل سیاہ مرچ ترکی کہلانا اورلگانا
* ایضاً * شہد گوشت کبوتر اور مرغ اور دُرّاج کہانا * ایضاً * مومیائی عصارہ مرزنجوش مین گہولکر
ناک مین ٹپکانا * ایضاً * برگ سنبہالو برگ سُداب برگ دہتورہ بیخ کٹائی پوست بیخ ارنڈ برگ بکائن ہموزن
پیسکر روغن سرشف مین پکاکر لگانا * فصل ۱۱ * لقوہ مین * علاج * کُندش اور مرچ سیاہ سے چھینک لانا
* ایضاً * روغن بادام روغن اخروٹ روغن پستہ ناک مین ٹپکانا * ایضاً * پودینہ زنجبیل مرزنجوش
عاقرقرحا خردل کرفس جوش کرکے غرغرہ اور مضمضہ کرنا * ایضاً * جندبیدستر سنبل ہندی درونج
شقاقل لنجان مغز تخم قرطم اذخر زرنباد سورنجان شیرین کرفس نانخواہ زنجبیل فلفل گرد فلفل دراز کہانا
* ایضاً * جوزبوا بسباسہ عاقرقرحا منہ مین رکہنا * ایضاً * شحم حنظل حب النیل افتیمون روغن بید انجیر
ایارہ فیقرا سے تنقیہ دماغ کرنا * ایضاً * سورنجان تلخ زراوند مدحرج مومیائی جندبیدستر مشک
زعفران دارچینی روغن زیت یا روغن سرشف مین پکاکر مالش کرنا * ایضاً * شوربای کبوتر اور ماء العسل
پینا * ایضاً * غاریقون اسارون مغز بادام شیرین ہر ایک پانچ جز شیرخشت دو جز انجیر ولایتی دو جز
گولی بناکے بقدر ایک ایک تولہ پانچ روز پیہم کہانا اور منہ مین رکہنا مجرب ہی * ف * رعشہ اور
استرخا اور خدر اور تشنج اور اختلاج کی وہی دوائین ہین جو فالج ولقوے مین مذکور ہوئین * ایضاً *
اجزای گرم سے نطول اور تدہین اور ضماد کرنا مفید ہی کیونکہ اخلاط گرم سے پیدا ہونا ان امراض کا
نادر ہی * ایضاً * تنقیہ مناسب خلط غالب کا کرنا * فصل ۱۲ * خدر مین * علاج * تنقیہ کرنا اور عضو
ماؤف پر حجامت مع الشرط کرکے پہٹکری سہاگہ عرق لیموں مین پیسکر لگانا جسمین مواد زخمون سے خارج
ہوئے اور جب زخم خشک ہوجائین عاقرقرحا خردل دارشیشعان سرکے مین پیسکر لگانا مفید ہی

* باب دوسرا امراض چشم مین *

* فصل ۱ * آشوب اور درد چشم مین * علاج * پہٹکری بریان لودہ آنبہ ہلدی رسوت افیون زعفران باہم
گہسکر شیر گرم پلکون پر لگانا * ایضاً * پہٹکری بریان افیون زعفران آب برگ مہندی مین گہسکر
شیر گرم لگانا * ایضاً * لودہ بطور سفوف باریک کرکے میدہ گندم روغن گاو مساوی سے غلولہ

بناکے آنکھہ کو سینکنا فوراً دردِ شدید کو زائل کرتا ہی * فصل ۲ * سرخیِ چشم مین * علاج * برگِ نیم برگِ گلو کا
رس نکالکر لگانا * ایضاً * افیون زعفران عرقِ گلاب خواہ پانی مین گھولکر لگانا * فصل ۳ * ڈھلکا
یعنی پانی آنکھہ سے جاری رہنا خواہ کیچڑ نکلنا * علاج * چوب نیم مین فلوس مسی وصل کرکے ظرفِ
مسی مین افیون خالص کو آبِ برگِ بیل ڈال کر چار پہر رگڑ کر لگانا * ایضاً * بھنگرے کے پانی مین
کپڑا تر کرکے خشک کرین مرچ سیاہ اور نمکِ سنگ بوزنِ مساوی باریک کرکے اوس کپڑے
مین رکھکر فتیلہ بناوین اور روغنِ گاو کے چراغ مین اوس فتیلے کو جلاکر اوسکا کاجل لگانا *
* ایضاً * سنگِ بصری اور پوستِ ہلیلہ زرد دو دو حصہ صبر سقوطری اور فلفلِ گرد پانچ حصہ سرمہ
کرکے لگانا * ایضاً * سنگِ بصری مرچ سیاہ شش شش عدد ظرفِ کالنسہ خواہ بیول مین بطور سرمہ
گھسکر لگانا * فصل ۴ * قرحہ چشم مین اکثر بعد آشوب کے اور کبھی خود بخود ہوجاتا ہی اور کبھی اوس سے
رطوبت بہ نکلتی ہی * علاج * السی اور میتھی کا لعاب آنکھہ مین ٹپکانا * ایضاً * زردیِ بیضۂ مرغ اور
زعفران لگانا * ایضاً * افیون زعفران پشتِ چشم پر لگانا * ایضاً * زبانِ سنگ جلاکر لعابِ دہن مین
گھسکر قرحہ پر لگانا * فصل ۵ * پھلی اور جالے مین * علاج * شیر زنان مین نباتِ سفید گھسکر
آنکھہ مین ٹپکانا * ایضاً * پھٹکری گلاب مین گھسکر ٹپکانا * ایضاً * کفِ دریا نمکِ سنگ برابر سرمہ
کرکے لگانا * ایضاً * ناخنِ فیل توتیای ہارونی زعفران مساوی شیرِ پستان مین گھسکر آنکھہ مین ڈالنا
* ایضاً * زنجبیل پھٹکری نمکِ سنگ مساوی سرمہ کرکے لگانا * ایضاً * نباتِ سفید مرچ سفید
سنگِ سرمہ سیاہ سنگِ بصری خرمہرۂ زرد سوختہ مغزِ تخم نرس مساوی سرمہ کرکے لگانا * فصل ۶ * باہنی
مین جسمین پلک کے بال گرجاتے ہین اور پلکین موٹی اور سرخ رہا کرتی ہین اور اکثر روشنی مین نظر خیرہ
کرتی ہی * علاج * مغز بادام شیرین شیر زنان مین گھسکر لگانا * ایضاً * شیرۂ برگِ دھتورہ اور شیرۂ
برگِ بھنگرے مین کپڑا تر کرکے روغنِ گاو سے اوسکا فتیلہ جلاکر کاجل اوسکا لگانا * ایضاً *
دھتورہ سفیدی تخم مرغ مین گھسکر لگانا * فصل ۷ * شعیرہ مین یعنی بلنی جو ورم پلک کے کنارے ہوتا ہی
* علاج * موم گرم کرکے لگانا * ایضاً * کشمش چبا کر نیمگرم ورم پر رکھنا * ایضاً * خرمہرۂ کلان

پانی مین گھسکر لگانا * ایضاً * مکھی کو سر کاٹ کر اوسپر ملنا * ایضاً * ریسوت پانی مین گھسکر لگانا
* فصل ۸ * ناخنہ مین جو گوشۂ چشم سے سرخ جالہ نمودار ہوتا ہی * علاج * کندر گلاب مین گھسکر لگانا * ایضاً *
چنبیلی کی کلی اور نبات سفید برابر سرمہ کرکے لگانا * فصل ۹ * طرفہ مین یعنی نقطہ جو سفیدی چشم مین
برنگ سرخ یا نیلا پیدا ہوتا ہی * علاج * کبوتر کا کچا پر اوکھاڑ کر خون گرم اوسکا لگانا * فصل ۱۰ *
سبل یعنی جو بال اندر پلک کے جمتے ہین اور آنکھہ مین چبھتے ہین * علاج * بال اوکھاڑ کر افیون خالص
زعفران خون فاختہ مین گھسکر لگانا * ایضاً * بال رفع کرکے بیضۂ مور چگان ملنا * فصل ۱۱ * شب کوری مین
* علاج * صابون گھسکر آنکھہ مین لگانا * ایضاً * آب گندش تر لگانا * ایضاً * زہرۂ گوسفند لگانا
* ایضاً * حقہ کی کیٹ لگانا * فصل ۱۲ * نزول الماء مین ابتدا مین جب تک تخیلات نظر آوین خواہ
دھند نظر پڑے دوا ندیری آخر کو بدون قدح کے نہین جاتا * علاج * کافور بھیمسینی شیر پستان مین
گھسکر لگانا * ایضاً * تخم نیل جنگلی سرمہ کرکے لگانا * فصل ۱۳ * ضعف بصر مین جو بسبب نزول کے ہو
* علاج * مروارید ناسفتہ دو ماشہ مامیران چینی تین ماشہ بورۂ ارمنی چار ماشہ قرنفل و زعفران اور
سرمہ سیاہ ایک ایک ماشہ مشک خالص دو رتی سرمہ بناکر لگانا * ایضاً * ہلیلہ سیاہ نبات سفید
مساوی شیر زنان مین گھسکر لگانا * ایضاً * سنگ سرمہ شیرۂ برگ کسوندی مین گھسکر لگانا ۞

* باب تیسرا امراض ناک مین *

* فصل ۱ * رعاف مین یعنی نکسیر پھوٹنی * علاج * پھٹکری سفوف کرکے ناک مین پھونکنا * ایضاً *
افشردۂ سرگین خر ڈالنا * ایضاً * گانہا اور مہاوڑا اور کافور ٹپکانا * ایضاً * انار خام گل معصفر
پیسکر ناک مین نچوڑنا * ایضاً * گل ملتانی اور نرسبی پیشانی پر لگانا * ایضاً * فصد باسلیق کرنا
* فصل ۲ * بطلان شم مین یعنی کسی چیز کی بو دریافت نہونا * علاج * زعفران مصطگی جہربلہ برابر
سفوف کرکے سونگھنا * ایضاً * سنگ گرم پر سرکہ خالص ڈالکر آنکھہ بند کرکے سونگھنا * ایضاً *
تخم ترب جنگلی کو سفوف کرکے سونگھنا * فصل ۳ * ناک سے بوی بد محسوس ہونا * علاج *
حنظل برگ پودینہ تازہ پیسکر ناک مین ٹپکانا * ایضاً * قرنفل حب بالسنی پودینہ مساوی سفوف کرکے

ناک مین پہونکنا * ایضاً * کدوی تلخ کا پانی دو ایک قطرے ناک مین ڈالنا * فصل ۴ * ہپنیں مین
* علاج * احمبودہ یا برنگ شنگرف اجواینِ خراسانی زعفران بوزنِ مساوی سرمہ سا کرکے ناس لینا
* ایضاً * ہلدی دارچینی جاوتری لونگ بوزنِ مساوی سفوف کرکے دو چندان شہد مین ملاکر
ہر روز تو ماشے کہانا * فصل ۵ * ورم اور درد اور تنگی مین * علاج * کاتِ سفید ہلیلہ سیاہ پانی مین
گہسکر شیر گرم لگانا * ایضاً * سنداِل روغنِ کنجد مین پیسکر لگانا * فصل ۶ * قرحہ مین جو اندر ناک کے
ہوتا ہی کبہی رطوبت نکلتی ہی اور کبہی خشک ریشہ * علاج * چربیِ مرغ اور موم روغنِ گاو سے
فتیلہ بناکر ناک مین رکہنا * ایضاً * کہتہ سفید اور چربی مرغ کی طلا کرنا * ایضاً * مرداسنگ مغز
ساقِ گاو خواہ میش چربیِ مرغ اور روغنِ گل سے مرہم بناکر فتیلہ تر کرکے ناک مین رکہنا ⁘

* باب چوتہا امراض گوش مین *

* فصل * دردِ گوش مین * علاج * شیرِ پسر کان مین ڈالنا * ایضاً * زنجبیل شیرِ گاو اور روغنِ گاو مین
پکاکر روغن ڈالنا * ایضاً * شیرہ ادرک اور شہد اور روغنِ کنجد نمک سنگ بوزنِ مساوی باہم
پکاکر شیر گرم ٹپکانا * ایضاً * کاغذی لیموں تراش کر اوسپر نمک لگاکر نیم گرم چند قطرے ٹپکانا * ایضاً *
آبِ برگِ کرن سیریا اور آبِ برگِ سداسوہاگ اور آبِ برگِ آک اور مہاوڑ ٹپکانا * فصل ۲ *
کرمِ گوش مین * علاج * نمک سرکۂ خالص مین ملاکر کان مین ڈالنا * ایضاً * آبِ برگِ شفتالو
اور پودینہ سرکے مین ملاکر ٹپکانا * ایضاً * ایلوا پانی مین گہولکر خواہ آبِ پیاز ٹپکانا * فصل ۳ *
قرحۂ گوش مین * علاج * زہرہ گاو شہد مین ملاکر فتیلہ تر کرکے کان مین رکہنا * ایضاً * سفوفِ کفِ
دریا کان مین پہونکنا خواہ آبِ برگِ نیم ملاکر کان مین ڈالنا * ایضاً * سہاگہ باریک کرکے کان مین
ڈالنا اوسپر چند قطرے عرقِ لیموں ڈالنا اگرچہ تکلیف ہوتی ہی لیکن قرحۂ قدیم کہ بمنزلہ ناسور کے ہووے دفع ہوتا ہی * فصل ۴ *
آوازِ گوش مین * علاج * اگر خشکی سے ہو روغنِ بادام کان مین ڈالنا اور اگر ریح سے ہو روغنِ سداب
یا روغنِ سرشف یا روغنِ گل یا روغنِ مچہلی یا روغنِ گل اور سرکۂ خالص یا آبِ پیاز ٹپکانا * فصل ۵ * بہرے
ہوجانے مین * علاج * برگِ آک خود مائل بزردی نیم گرم کان مین نچوڑنا * ایضاً * بولِ شتر ڈالنا

* ایضاً * رسوت شیر زنان مین گہولکر شہد ملاکر خواہ آب پیاز اور برگ پودینہ اور روغن کنجد مساوی پکاکر روغن ڈالنا * ایضاً * افشردہ سرگین تازہ اسپ خواہ آرد گندم اور قند سیاہ کا گلگلہ تیل مین پکاکر نیمگرم کان پر باندہنا * ف * بیل خرد خام کو بول گاو مین پیسکر نیم پاو روغن کنجد اور اسیقدر شیر گاو دو سیر آب دریا مین ملاکر پکاوین جب صرف روغن باقی رہے صاف کر رکہین کان مین ٹپکایا کرین ہر قسم کے بہرے پن کو مفید ہی * فصل ۶ * ورم بن گوش مین یعنی کرل * علاج * اگر رنگ سرخ ہو پہلے گیرٹی لگانا * ایضاً * آملہ ایک جز زرد چوب دو جز پانی مین گہسکر لگانا * اور اگر سفید رنگ ہو تو * علاج * بیخ بسکہپرا طلا کرنا * ایضاً * کائیفل کلونجی کلہتی زنجبیل کالی زیری بوزن مساوی نیمگرم لگانا * ایضاً * بیخ ہنس ہی کہ درخت جنگلی خار دار ہی خواہ زرنیخ سیاہ اور گیرو لگانا * فصل ۷ * اگر دانہ خرد کان مین جا رہا ہو * علاج * لکڑی پر روئی لپیٹکر گندر گرم کرکے لگاوین اور کان مین پہیرین دانہ لپٹ آویگا * ایضاً * کان مین تیل ڈالکر عطسہ لاوین اور ناک اور منہ بند رکہین کہ قوت دافعہ کان کیطرف مصروف ہو

* باب پانچوان امراض لب مین *

* فصل ۱ * ورم لب مین * علاج * پوست ہلیلہ زرد آملہ ہلیلہ سیاہ برگ تنبول باہم پیسکر طلا کرنا * ایضاً * مازو سبز شہد مین گہسکر اور اسبغول سرکے مین ترکرکے لگانا * ایضاً * جدوار اور رسوت نیمگرم لگانا * ایضاً * چربی مرغ چار جز اور موم کافوری دو جز گرم کرکے مردار سنگ ایک جز ملاکر مرہم بناکر طلا کرنا * فصل ۲ * پہٹنگی لب مین * علاج * روغن گاو لگانا * ایضاً * ہلیلہ سیاہ پانی مین گہسکر لگانا * ایضاً * رسوت آب برگ مکوہی خواہ پانی مین گہسکر لگانا * فصل ۳ * ترقید لب مین * علاج * نشاستہ گندم کتیرا اسفیدہ مساوی الوزن چربی مرغ مین مرہم بناکر لگانا * ایضاً * روغن بادام مین موم گداخت کرکے لگانا * ایضاً * شبت اور بابونہ روغن گل مین پیسکر لگانا *

* باب چہٹا امراض دندان اور مسوڑہون مین * *

* فصل ۱ * درد دندان مین * علاج * کافور گلاب اور سرکے مین ملاکر نیم گرم مضمضہ کرنا * ایضاً * کافور اور نمک گہسکر ملنا * ایضاً * برگ نیم نکوفتہ دانت کے نیچے رکہنا * ایضاً * پوست ہلیلہ زرد

* **ایضاً** * عاقرقرحا او رجنیت برابر سفوف کرکے ملنا * **تریاق الاسنان** * عاقرقرحا مرچ سیاہ
ہینگ بریان زرکچور نمک لاہوری کچور بوزن مساوی سفوف کرکے شہد مین گولیان بنا کر خشک کرنا اور
دانت کے نیچے رکھنا * **ایضاً** * مویزمع تخم نیم نا باریک مین پیکر نیم کوفتہ کرکے دانت سے دابنا اور لعاب گرانا * **فصل ۲**
جنبش دندان مین * **علاج** * پھٹکری بریان ایک جز شہد خالص دو جز کہ خالص ایک جز پکا کر جب گاڑہا ہوجاوے دانت پر
ملنا * **ایضاً** * سپاری سوختہ کات سفید مرچ سیاہ مصطگی رومی نمک سنگ مساوی سفوف کرکے ملنا * **ایضاً** * گل سرخ مازو سبز
پوست ہلیلہ زرد پھٹکری بریان مصطگی رومی شیر برگ مولسری مین پیکر ملنا * **فصل ۳** * سیاہ ہوجانا دندان * **علاج** * پا بچہ
خرگوش شیر گاو مین جوش کرکے مضمضہ کرنا * **ایضاً** * مصطگی روغن گاو مین پکا کر مضمضہ کرنا * **ایضاً** *
مصطگی باریک برابر سفوف کرکے ملنا * **ایضاً** * روغن قسط گردن پر ملنا * **ایضاً** * سیلکنڈہ کا
گلے مین لٹکانا * **فصل ۴** * دانت بند ہوجانے مین * **علاج** * زنجبیل و کندش باریک کرکے ناک مین
پھونکنا * **ایضاً** * حنظل پانی مین پیسکر اوپر لگانا * **ایضاً** * عاقرقرحا زنجبیل کلان نمک سنگ منہ کے
اندر ملنا * **ایضاً** * کاکنفل لہسن پانی مین پیسکر تیل مین پکا کر رخسارون پر لگانا * **فصل ۵** * گندہ دندان
* **علاج** * کباب خواہ روٹی گرم دانتون سے دابنا * **ایضاً** * مغز بادام تلخ جا یفل چبانا * **فصل ۶**
ورم مسوڑہون مین * **علاج** * عاقرقرحا مرچ سیاہ عدس برگ مکوی جوش کرکے مضمضہ کرنا * **ایضاً** *
برگ چنبیلی پوست درخت گوندی پوست درخت مولسری جوش کرکے مضمضہ کرنا * **ایضاً** * مرچ سیاہ
پھٹکری بریان ہلیلہ سیاہ نمک سنگ سفوف کرکے ملنا * **فصل ۷** * خون مسوڑہون سے نکلنا * **علاج**
مازو سبز تخم خرفہ پانی مین پیسکر مضمضہ کرنا * **ایضاً** * مائین شاخ گوزن سوختہ نمک سنگ سفوف کرکے
ملنا * **ایضاً** * خبث الحدید کہنہ حب الاس مصطگی باریک کرکے ملنا * **فصل ۸** * قرحہ اور ناسور مسوڑہون مین
* **علاج** * مازو پھٹکری مساوی سرکے مین جوش کرکے مضمضہ کرنا * **ایضاً** * کندر و مصطگی لگانا

* باب ساتوان امراض دہان اور زبان مین *

فصل ۱ * قلاع یعنی منہ آنا اگر سرخ ہو * **علاج** * کشنیز خشک طباشیر نشاستہ گندم مساوی سفوف
کرکے قدری کافور ملا کر منہ مین چھڑکنا * **واگر** * سفید ہو * **علاج** * پھٹکری زنگار مساوی سفوف کرکے

شہد و پانی مین ملاکر مضمضہ کرنا * اور اگر سیاہ ہو * علاج * نمک سرکے مین ملاکر چار پہر آفتاب مین رکہکر مضمضہ کرنا * فائدہ * پوستِ ہلیلۂ زرد و بلیلہ آملہ جوش کرکے مضمضہ کرنا سب قسم کو مفید ہی * ایضاً * کاتِ سفید کافور پوستِ درختِ کنارِ جنگلی ثمر مغیلان سفوف کرکے چہرکنا * ایضاً * برگ چنبیلی پوست بیخ درختِ کنارِ دشتی جوش کرکے مضمضہ کرنا * ایضاً * برگ ارہر اور کشنیز جوش کرکے مضمضہ کرنا * فصل ۲ گندہ دہنی مین * علاج * نمک پانی مین ملاکر مضمضہ کرنا * ایضاً * مصطگی ناگرموتہہ کباب چینی جائفل جاوتری عودِ ہندی بوزنِ مساوی سفوف کرکے پانی سے گولی بناکر سایہ مین خشک کرنا اور منہ مین رکہنا * فصل ۳ * گرانیِ زبان مین * علاج * خردل نکوفتہ جوش کرکے قدرے سرکہ ملاکر مضمضہ اور غرغرہ کرنا * ایضاً * نوسادر خردل مرچِ سیاہ فلفلِ دراز بوزنِ مساوی سفوف کرکے زبان پر ملنا اور لعابِ دہن دفع کرنا * ایضاً * عقرقرحا زنجبیل نمکِ سنگ مساوی ملنا * فصل ۴ * کلانیِ زبان مین * علاج * شورہ اور نمک زبان پر ملنا * ایضاً * تخم کتان تخم حلبہ انجیر جوش کرکے مضمضہ کرنا * فصل ۵ * ترقیدگیِ زبان مین * علاج * کتیرا اور سپستان برابر سفوف کرکے گولی بناکر منہ مین رکہنا * ایضاً * لعابِ اسبغول سے مضمضہ کرنا * ایضاً * پوستِ درختِ گولر اور تخم خرفہ پانی مین پکاکر مضمضہ کرنا

* باب آٹہوان امراضِ بشرہ یعنی چہرے مین *

فصل ۱ * کلف[له] مین * علاج * پہٹکری اور کہربا سرکے مین پیسکر لگانا * ایضاً * زعفران صندل سفید ناگیسر خس ترنج پانی مین پیسکر لگانا * ایضاً * مغز تخم خربزہ شیرگاو مین پیسکر لگانا * ایضاً * پوستِ ترنج نرکچور پانی مین پیسکر لگانا * ایضاً * شیرِ گاو کے پینے مین جو کف نکلتا ہی تازہ لگانا * فصل ۲ * مہاسے[له] مین * علاج * جواسا جوش کرکے منہ دہونا * ایضاً * مغزِ تخم خربزہ سرکے مین گہسکر لگانا * فائدہ * پوستِ درختِ نیم پوستِ درختِ سرس پوستِ درختِ ناہلدی ارہلد ناگرموتہہ لودہ مساوی پیسکر طلا کرنا کلف اور مہاسے کو دفع کرتا ہی

[له] یعنی جھائین ۱۲

[له] یعنی بادادرد ۱۲

* باب نوان امراضِ حلق مین *

فصل ۱ * خناق مین * فصد سرارو اور تنقیہ مسہلات بہترین تدبیرات ہی * ایضاً * برگ شہتوت برگ مکوی برگ سبنہالو برگِ ارہر دانہ مسور جوش کرکے مضمضہ اور غرغرہ کرنا * ایضاً * اسپند جوش کرکے

غرغرہ کرنا * **ایضاً** * لُبِ خیارشنبر شیرۂ برگ مکوی سے نیمگرم لیپ کرنا * **ایضاً** * تخم ترک اسپند ہینگ ایلوا انوسادر سبھی مساوی شہد مصفا عسل پانی ملاکر جوش کرکے غرغرہ کرنا * **ایضاً** * چمگیدڑ کہ ایک طائر ہی جلاکر اوسکی خاک دو جز نشاستہ مازو جٹا ماسنی ہر ایک ایک جز وسفوف کرکے شہد میں گولی بنا کے منہ میں رکہنا * **فصل ۲** * ذبحہ یعنی حلق بند ہوجانا اور اوپر حلقوم کے کان سے کان تک ورم لال شکل ظاہر ہونا * **علاج** * دموی میں فصد سر ارو کرنا * **ایضاً** * علق یعنی جونک لگانا * **ایضاً** * لعاب اسبغول آب جو آب کشنیز سے غرغرہ کرنا * **ایضاً** * آب برگ مکوی صندل سفید روغن بادام خواہ شیر بادام ملاکر لگانا * **علاج** * بلغمی میں تنقیہ مسہلات کرنا * **ایضاً** * عاقرقرحا اور زنجبیل سے غرغرہ کرنا * **فصل ۳** * یعنی اختناق آواز بند ہوجانا * **علاج** * پوست ہلیلہ پیپلا مول نمک سنگ مساوی دو چند ان شہد ملاکر ہر روز پانچ ماشہ کہانا * **ایضاً** * نزنیخ کسونڈی بیخ برگ تنبول منہ میں رکہنا اور چوسنا اور اگر خشکی سے ہو مسکہ نبات سفید ملاکر چاٹنا * **ایضاً** * لعاب السی شکر تال کے بہ تجربہ پینا * **فصل ۴** * قرحہ حلق میں کہ ورم اور درد اور اخراج ریم سے معلوم ہوتا ہی * **علاج** * دانہ انار مازو کتیرا مساوی گولی بنا کے منہ میں رکہنا اور چوسنا * **ایضاً** * ست لوبان کا خواہ زیرہ گل سرخ نشاستہ گندم ایک ایک جز پہٹکری بریان نیم جز وموم سفید نیم جز روغن گل قدری ملاکر گولی بنانا اور زردہ تخم مرغ میں حل کرکے چاٹنا مفید ہی * **فصل ۵** * خنازیر ظاہر گلو میں کہ غدود ورم کر جاتے ہیں * **علاج** * تخم خرما تخم تمر ہندی برگ حنا پیسکر نیمگرم ملا کرنا * **ایضاً** * برگ لسوڑا پیسکر نیمگرم لگانا * **ایضاً** * موش خانگی کو روغن گنجد میں پکاکر لگانا * **ایضاً** * دو مونہا سانپ کو مار کر زمین میں دفن کریں جب گوشت تحلیل ہوجاوی سب استخوان اوسکے بجنسہ دہاگے میں گوندہ کر گلو پر باندہیں * **ایضاً** * ادیم یعنی چرم بوددار باندہنا مفید ہی * **فصل ۶** * استرخاے لہاۃ میں یعنی کوے کا لٹک آنا اور ڈہیل جانا * **علاج** * پوست انار شیرین گلنار طباشیر سفید ایک ایک جز مازو سبز اقاقیا بادیان ہر ایک نیم جز وسفوف کرکے انگلی سے کوے پر لگانا * **ایضاً** * سماق مازو گلنار اقاقیا نوسادر پہٹکری برگ جہاو بیخ گلاب سفوف کرکے حلق میں نفوخ کرنا * **ایضاً** * فلفل سفید پہٹکری مازو سبز باریک کرکے نفوخ کرنا * **ایضاً** *

یعنی پہونکنا

گل پختہ و نگیدان مرچ سیاہ باریک کرکے لگانا *فصل ۷* جونک حلق مین لگنا *علاج* سرکے نمک اور سینگ حل کرکے غرغرہ کرنا *ایضاً* تالاب کی مٹی خریطہ بھر کے منہ مین لینا کہ جونک اوسمین لپٹ آوے *ایضاً* نانخواہ جوش کرکے غرغرہ کرنا *فصل ۸* استخوان حلق مین گرنا *علاج* اسپند جوش کرکے غرغرہ کرنا *ایضاً* لقمۂ کلان کہانا اور اگر مچھلی کا کانٹا حلق مین گڑے یہی تدبیر مفید ہے اور بگلے کی ہڈی باریک کرکے حلق مین پہونکنا اور شیاف زیر بغل کے منہ مین رکہنا کہ لعاب نگلنے سے تعلق سست ہوکر کانٹا جدا ہو جاوے

باب دسوان امراض صدر مین

فصل ۱ سعال اگر رطوبت سے ہو *علاج* پیپلا مول کاکڑا سینگی نمک سانبھر بوزن مساوی گولی بناکر منہ مین رکہنا اور چوسنا *ایضاً* ایک خرمے سے تخم نکال کر اوسمین لونگ اور مرچ سیاہ تین تین عدد رکھکر برگ ارنڈ مین لپیٹکر جلاکر اوسکی خاک شہد ملاکر چاٹنا *ایضاً* برگ آگ نانخواہ نمک کہاری مغز گہیکوار مساوی ظرف گلی مین رکھکر گل حکمت کرکے خاک کرنا اور قدرے قدرے کہانا *ایضاً* اصل السوس پرسیاوشان زوفا سپستان گل بنفشہ مویز منقی جوش کرکے باضافہ شکر سرخ کے نوش کرنا *اگر کہانسی خشک ہو *علاج* کتیرا گوند ببول نشاستہ گندم سے گولی بناکر منہ مین رکہنا اور چوسنا *ایضاً* مسکہ نبات سفید ملاکر چاٹنا *ایضاً* بہدانہ مویز منقے سپستان تخم السی خیساندہ کرکے باضافہ شکر سفید نوش کرنا اگر ریزش نزلہ سے ہو *علاج* شربت خشخاش دیا قوزا کوکناری چاٹنا *ایضاً* اصل السوس گوند ببول تخم السی بریان مساوی سفوف کرکے آب کوکنار سے گولی بناکے منہ مین رکہنا اور چوسنا *فصل ۲* خون تہوکنے مین *علاج* انار شیرین خام پانی مین پیسکر باضافہ قدرے شکر خام پینا *ایضاً* مویز مع تخم پیسکر پینا *ایضاً* گل ارمنی طباشیر کہربا اقاقیا کتیرا صمغ عربی نشاستہ گل ملتانی کافور بہدانہ کے لعاب مین گولی بناکر منہ مین رکہنا *اور اگر اعضای دہن سے ہو *علاج* صندل سفید صندل سرخ اصل السوس کشنیز خشک پانی مین پیسکر مضمضہ کرنا *فصل ۳* ضیق النفس مین اگر رطوبت سے ہو

یعنی دم چڑہنا ۱۲

* **علاج** * شاخِ گوزن سوختہ مرچ سیاہ نمکِ سنگ مساوی باریک کر کے قدرے منہ مین رکھنا * **ایضاً** * تخم بلیلہ زرد بطور تنباکو حقہ مین کھینچنا * **ایضاً** * اجواین دیسی اجواین خراسانی اجمودہ مرچ سیاہ پیلاپول زنجبیل کلان نمکِ سنگ نمکِ کھاری جملہ مساوی مغز گھیکوار حسبِ مجموع کا ظرفِ گلی مین رکھکر گل حکمت کر کے خاک کرنا اور اوسی خاک کو شیرہ ادرک خواہ شہد مین ملا کر چاٹنا * اور اگر خشکی سے ہووے * **علاج** * شربتِ بنفشہ اور لعابات نوش کرنا اور لعوق سپستان چاٹنا * **فصل ۴** * ورم اور درد اندرونی و بیرونی سینہ مین واضح ہو کہ اگرچہ اطبا نے باعتبار ہر عضو کے نام مرض کا اور معالجات علیحدہ لکھا ہی لیکن اس مقام پر چند معالجہ مشترک کہ سب قسم کو مفید ہون تحریر ہوتے ہین * **علاج** * فصد باسلیق کرنا * **ایضاً** * اصل السوس گلِ بنفشہ عناب سپستان بہدانہ تخم السی تخم خطمی تخم خبازی جوش کر کے پینا * **ایضاً** * کتیرا نشاستہ مویز منقی صمغ عربی گولی بنا کر منہ مین رکھنا * **ایضاً** * تخم خطمی تخم السی شیرہ برگ مکوی تازہ لب خیارشنبر ضماد کرنا * **ایضاً** * موم روغن طلا کرنا * **ایضاً** * شاخ گوزن زنجبیل پوست بیخ ارنڈ لگانا *

* باب گیارہوان امراضِ دل و مرارہ و طحال و جگر مین *

* **فصل ۱** خفقان * **علاج** * آملہ اور گلقند آفتابی اور گلقند سیوتی کھانا * **ایضاً** * زیرہ سفید نبات کے ساتھ پینا * **ایضاً** * آملہ مربی کھانا * **ایضاً** * برادہ صندلِ سفید برگ گاؤزبان کشنیز خشک نیلوفر خس نیمکوفتہ آملہ خشک پانی مین تر کر کے باضافہ قدرے نبات سفید کے نوش کرنا * **ایضاً** * ریوند چینی درمیان دونون شانون کے طلا کرنا * **ایضاً** * آبِ آہن تاب پینے کی مداومت کرنا * **فصل ۲** غشی مین * **علاج** حالتِ بیہوشی مین معطسات سونگھنا اور تسریط کرنا اور بعدہ تقویت قلب کی ملحوظ رکھنا * **ایضاً** * شربتِ گاؤزبان گلقند سیوتی مربی سیب کا مربی آملہ کا کھانا * **ایضاً** * روغن کاہو سینہ پر لگانا * **ایضاً** * صندل سفید لگانا * **فصل ۳** * یرقان زرد و سیاہ **علاج کلیہ** * استعمال جموضات اور مدرات کا مفید ہی * **ایضاً** * شیرہ تخم کاسنی سکنجبین سادہ ملا کر پینا * **ایضاً** * سکنجبین بزوری جسمین ریوند چینی داخل ہو آب کاسنی مروق کے ساتھ پینا * **ایضاً** *

تخم سنداں پانی مین گھسکر ناک مین ڈالنا * ایضاً * آب برگ کاسنی آب برگ مکوی آب برگ کشنیز با مناقہ شکر خام کے پینا * ایضاً * صندل سفید دار ہلد مساوی سفوف کر کے شہد ملا کر پانچ ماشہ کہانا * ایضاً * برگ حنا شب کو تر کرنا صباح زلال وسکا پینا فصل ۴ * ورم طحال مین جسکو بروٹ کہتے مین علاج * عرق گوگر د قدرے قدرے پانی مین ملا کر پینا * ایضاً * قدرے نوشادر آب برگ ترب مین ملا کر پینا * ایضاً * مولی اور کندر سیاہ پیسکر نیمگرم ضماد کرنا * ایضاً * لک مغسول چرچرہ کہانا * ایضاً * انجیر ولایتی سرکے مین پروده کر کے کہانا * ایضاً * نمک سنچی جوا کہار حرمل مرچ سیاہ مغز گہیکوار مین گولی بنا کر کہانا * ایضاً * پیپلا مول چیتا وزنجبیل کلان تخم ملیں نمک سنگ مساوی شیرہ ادرک مین گولی بنا کر کہانا فصل ۵ * استسقا اگرچہ یہہ مرض کئی قسم کا ہوتا ہی اور کتب مطولہ مین بیان شرح اور مفصل موجود ہی اس مختصر مین معالجہ مشترک مفید ہر قسم کا مذکور ہوتا ہی * علاج * تربد پوست خراشیدہ اور حب اندرونی دفع کر کے شہد مین گولی بنا کر کہانا تاکہ مواد اسہال کے ساتہہ دفع ہو * ایضاً * شربت دینار عرق بادیان کے ساتہہ پینا * ایضاً * برگ اگروند برگ عنب الثعلب ہر تدبیر سے کہانا * ایضاً * تشنگی پر صبر کرنا اور ادویہ مجففات استعمال کرنا * ایضاً * آب برگ کچنال مین منڈوے کی روٹی پکا کر کہانا اور بجای پانی کے عرق برگ کچنال وسعتر کا پینا

* باب بارہوان امراض معدہ مین *

* فصل ۱ * درد اور نفخ معدہ مین * علاج * سداب مرچ سیاہ نمک سیاہ پیسکر نیمگرم پینا * ایضاً * پوست بیخ اکہ مرچ سیاہ زیرہ سیاہ بابرنگ پوست ہلیلہ زرد زنجبیل کلان فلفل دراز جوا کہار نمک سنگ مساوی سفوف کر کے پانچ ماشہ کہانا * ایضاً * پان بنگلہ برگ پودینہ پیپلا مول جوش کر کے پینا * ایضاً * زنجبیل سہاگہ بریان نمک سیاہ مساوی آب پوست درخت سہجن مین گولی خرد بنا کر کہانا فصل ۲ * ورم معدہ مین * علاج * فصد باسلیق یا ہفت اندام کی کرنا * ایضاً * تلین طبیخہ کی لب خیار شنبر اور گلقند آفتابی سے کرنا * ایضاً * برگ مکوی لب خیار شنبر زنجبیل ضماد کرنا * ایضاً * تخم شبت نانخواہ شونیز بیخ اذخر سرکہ خالص مین پیسکر نیمگرم ضماد کرنا * ایضاً * برگ سنبہالو

اصل بیل درخت روسے کی اسگند گل ارمنی پانی مین پیسکر قدرے سرکہ ملاکر نیمگرم ضماد کرنا * فصل ۲
قی مین * علاج * اولا سکنجبین اور نمک اور آب ترب گرم پانی مین ملاکر قی کرنا تاکہ مواد ناقص دفع
ہوجاوے * ایضا * بابڑنگ زنجبیل مرچ سیاہ برابر سفوف کرکے شہد ملاکر چاٹنا * ایضا
عود غرقی ناگیسر دارچینی تالیسپتر زنجبیل برابر سفوف کرکے شہد ملاکر چاٹنا * ایضا * ہلدی جلاکر
پانی مین بجہانا اور اوس پانی کو پینا * ایضا * زیرہ سیاہ دانہ الائچی سفید قرنفل نبات سفید پینا
* ایضا * برگ پودینہ زرشک مغز تخم کنول گٹہ سفوف کرکے شہد مین ملاکر چاٹنا * ایضا *
سماق زیرہ سیاہ نبات سفید ملاکر پینا * ایضا * مغز تخم کنار ناگرموتھہ الائچی خرد صندل سفید
سفوف کرکے شہد مین ملاکر چاٹنا * فائدہ * قی صفراوی مین استعمال حموضات کا مفید ہی
* فصل ۳ * قی الدم مین یعنی خون کی قی ہونا * علاج * اگر طاقت ہو فصد باسلیق کی کرنا *
* ایضا * برگ انار بیخ انجبار پانی مین پیسکر پینا * ایضا * مازو برگ ببول برگ کنار پیسکر معدے پر
ضماد سرد لگانا * ایضا * صندل سفید گل ارمنی عرق گلاب خواہ پانی مین پیسکر معدہ و سینہ پر
طلا کرنا * فصل ۵ * ہیضہ مین * علاج * اگر قی اور اسہال جاری ہون پہلے ادویہ سے مدد کرنا
چاہیے کہ بالکل مواد موذی دفع ہوجاوے تب دوسری تدبیر کرین * ایضا * بیخ درخت پہوکہ
دو ماشہ پیسکر گرم پینا * ایضا * بیخ کٹائی کلان اور مرچ سیاہ پینا * ایضا * انڈے کے جوز
کہانے کا ایک گولی سفوف زردچوبہ مین غلطان کرکے پانی گرم کے ساتھ نگلنا * ایضا * سنداب
مرچ سیاہ نمک سنگ گولی بنا کر کہانا * فصل ۶ فواق مین یعنی ہچکی * علاج * زردچوبہ جوکوب
اور تر کرکے حقے پر مثل تنباکو کے رکہکر دہوان کہینچنا * ایضا * ایسا ہی ابریشم خام یا پر طاؤس
یا تراشہ بانس یا ٹاٹ کہنہ یا دانہ مونگ کا دہوان کہینچنا * ایضا * عود ہندی جلاکر اوسکی خاک
شہد ملاکر چاٹنا * ایضا * ٹاٹ کہنہ اور ریشہ بالائی ناریل جلاکر اوسکی خاک شہد کے ساتھ چاٹنا *
* فائدہ * اگر امتلائی ہو تنقیہ قی اور اسہال سے مفید ہی اور اگر کثرت استفراغ سے ہو
مسکہ اور شیرہ بادام نبات ملاکر چاٹنا * ایضا * مسکہ اور سفیدی تخم مرغ معدے پر طلا کرنا

فصل * آروغ مین یعنی ڈکار و مبدم آنا * **علاج** * پوست ہلیلہ پوست بلیلہ آملہ مصطگی زیرہ سیاہ نانخواہ دانہ الایچی خرد و کلان زنجبیل مرچ سیاہ مساوی سفوف کرکے نبات سفید ہموزن ملا کر کہانا

* باب تیرہوان امراض امعا یعنی ودہ مین *

فصل ۱ * اسہال مین * **علاج** * اولاً تنقیہ ساتہہ اسہال کے کرنا بعد اوسکے ادویہ قابضات پینا اور لگانا * **ایضاً** * آملے کو دہی ترش مین پیسکر گرد ناف کے حلقہ بنا کر شیرہ ادرک اوسمین پر کرنا عجیب النفع ہی * **ایضاً** * پوست درخت انبہ سرکۂ خالص مین پیسکر ناف پر لگانا * **ایضاً** * درخت گُنار مین جو مثل گوند کے نکلتا ہی وہی مین پیسکر لگانا * **فصل ۲** * پیچش اور سنگرہنی مین * **علاج** * چار تخم یعنی کنوچہ بارتنگ اسبغول تخم ریحان چرب کرکے لعاب ریشۂ خطمی کے ساتہ پینا اور بعد چند بریان کرکے * **ایضاً** * لعاب بہدانہ اور ریشۂ خطمی شکر سفید ملا کر پینا * **ایضاً** * کشنیز زیرہ سیاہ بادیان پیسکر باضافۂ شکر سفید کے پینا * **ایضاً** * تخم کنوچہ تخم خشخاش سفید تخم جو کا تخم خرفہ صمغ عربی سب کو بریان کرکے گل ارمنی دانہ الایچی سفید جملہ بوزن مساوی اور شکر سفید ہموزن مجموع کی سفوف کرکے کہانا اوسپر قدری آب سرد پینا * **ایضاً** * صندل سفید اور کافور ناف پر طلا کرنا * **ایضاً** * کشنیز سوختہ بلا گل دہادہ زیرہ سفید نبات سفید سفوف کرکے کہانا * **ایضاً** * پوست ہلیلہ نانخواہ زیرہ سفید ہر یک مساوی اور بریان سفوف کرکے بقدر مناسب کہانا اوسپر مہی ترش پینا * **ایضاً** * ہلیلہ سیاہ روغن زرد مین بریان اور سفوف کرکے ہموزن شکر سفید ملا کر کہانا اوسپر قدرے مہی پینا * **فصل ۳** * قولنج مین * **علاج** * اولاً ساتہ پینے روغن بیدانجیر کے خواہ دوسرے اجزا کے تدبیرات اسہال کی کرنا اگر بعد دفع فضلہ کے درد ساکن نہو تو دفع درد کی دوا کرنا * **ایضاً** * نانخواہ بابرنگ پوست ہلیلہ جوا کہار نمک سنگ سفوف کرکے کہانا * **ایضاً** * اسارون عاقرقرحا تج سرخ زنجبیل مرچ سیاہ سفوف کرکے شہد مین گولی بنا کر کہانا * **ایضاً** * ہلدی زنجبیل ہالون پیسکر تہوڑی اینون ملا کر طلا کرنا اوسپر برگ بیدانجیر نیمگرم باندہنا * **ایضاً** * مونگ کی روٹی ایک طرف پکا کر اوسپر بطرف خام روغن بیدانجیر لگا کر سفوف زنجبیل و ہینگ کا

چہڑک کر نیمگرم پیٹ پر باندہنا * **فصل ۴** * سول اوربا وگولہ * **علاج** * چرچرہ جلا کر خاک اوسکی رات کو تر کرنا اور صباح آب صاف اوسکا پینا * **ایضاً** * سہنگرہ سبز اور نمک کہاری ہموزن گولی بنا کر کہانا * **برء الساعۃ** * پوست بیخ بید انجیر زنجبیل جوش کر کے نمک سیاہ ملا کر پینا * **ایضاً** * نمک سنگ زنجبیل سہاگہ بریان ہینگ بریان مساوی آب پوست درخت سہجن مین گولی بنا کر کہانا اور اوسی کو نیمگرم طلا کرنا * **ایضاً** * کچلون جوا کہار سجی نمک سیاہ اہلبیت ہو بہو کر مول مساوی سفوف کر کے کہانا

فصل ۵ * سبحان ہونا امعا کا جسکو عرف عام مین ناف ٹلنا کہتے ہین * **علاج** * تدبیر مشہور و مفید مالش ناف کی ہی لیکن اگر نہو سکے یا مفید نہو تو گندش یعنی نکہکنی ایک ماشہ سفوف کر کے چہہ ماشہ قند سیاہ اور چہہ ماشہ روغن گاو مین ملا کر کہانا مفید ہی * **ایضاً** * لیمون کاغذی تراش کر تخم نکال کر سہاگہ بریان بوزن ایک ماشہ اوسپر لگا کر نیمگرم چوسنا * **ایضاً** * ناخواہ زنجبیل گندش مساوی سفوف کر کے دو چندان قند سیاہ اور روغن گاو مین ملا کر کہانا * **ایضاً** * جوز القی یعنی مینسل پانی مین پیسکر کف دست و کف پا پر لگانا مفید ہی

* باب چودہوان امراض گردہ و مثانہ مین *

فصل ۱ * درد گردہ مین * **علاج** * فصد باسلیق اور مدرات مفید ہی * **ایضاً** * تخم خربزہ نیکوب جوش کر کے باضافہ شکر سرخ نیمگرم پینا * **ایضاً** * مغز تخم کرخار خسک تخم خربزہ پیس اور چہان کر باضافہ شکر سفید کے روغن گاو سے خوشبو کر کے پینا * **ایضاً** * نمک گندش باریک کر کے کہانا * **ایضاً** * گل داودی سفید بوزن ایک تولہ پیسکر باضافہ شکر سفید کے پینا * **ایضاً** * مغز تخم کدوہ سفید ہی تخم مرغ مین ملا کر لگانا * **ایضاً** * برگ بینا کو ضماد کرنا * **فصل ۲** * سنگ اور ریگ گردہ اور مثانہ مین * **فائدہ** * سرخی رنگ کی گردے سے اور سفیدی اوسکی مثانے سے ہوتی ہی اور دوسری پہچان یہ ہی کہ خارش موضع خاص مین معلوم ہو مگر علاج دونو قسم کا یکسان ہی * **علاج** * آب تربت شکر سفید کے ساتہ پینا * **ایضاً** * حجر الیہود اور شیرہ تخم کاسنی پینا * **ایضاً** * آب تخم کلتہی شیرہ کاسنی پینا * **ایضاً** * گل داودی سفید خواہ بزیرہ جوش کر کے نیمگرم پینا خواہ

سفوف کرکے کہانا * ایضاً * چوب درخت انگور جلا کر اوسکا کوئلا پانی مین گہسکر پینا * ایضاً *
بیخ درخت جیت کو آب بیخ سانٹھی مین پیسکر پینا * ایضاً * مغز تخم خربزہ مغز تخم کر تخم کلتھی جوش
کرکے شکر سرخ ملا کر پینا * ایضاً مغز تخم خربزہ نانخواہ تخم ترب تخم کرفس زیرہ سفید مغز بادام تلخ مساوی
سفوف کرکے شکر سفید ملا کر کہانا اوسیر جوشاندہ پرسیاوشان پینا * فصل * حبس بول مین علاج
ایک ریشہ زعفران کا احلیل مین رکہنا بالخاصہ ادرار بول کرتا ہی * ایضاً * گل ڈہاک جوش
کرکے مثانے پر نطول کرنا * ایضاً * شورہ قلمی ناف پر رکہنا * ایضاً * روغن بید انجیر شیر گاو
مین ملا کر پینا * ایضاً * ریوند چینی شورہ قلمی پہٹکری پانی مین پیسکر پینا * ایضاً * استعمال مدرات
کرنا * فصل * قرحہ گردہ و مثانہ مین بلا علامت سوزاک اور قرحہ احلیل کے ریم کا قطرہ بول کے
ساتھہ بایدون آوسکے آتاہی اور اکثر بمقام گردہ و مثانے کے درد محسوس ہوتاہی * علاج * مغز تخم خربزہ
مغز تخم خیارین مغز تخم کدوی شیرین تخم خرفہ نشاستہ گندم کتیرا رب السوس بیخ انجبار سنگ جراحت
بوزن مساوی باریک کرکے گولی بنانا اور بقدر مناسب کہانے کی مداومت کرنا * فصل ۵ *
ذیابیطس مین آدمین بول پر مہور و مگس جمع ہوتے ہین اور غلبہ تشنگی کا مدون علامت تپ کے
ہوتاہی تفریق اقسام معالجات کی اوسکے کتب مبسوطہ مین بہت خوب ہین لیکن چند مجربات اس
مختصر مین بہی تحریر ہوتے ہین * علاج * پوست اندرونی درخت گولر سفوف کرکے ہموزن نبات
سفید ملا کر ایک تولہ نہار کہانا بشیر مفید ہی * ایضاً * صندل سفید گلنار برگ مغیلان گل ارمنی تخم کاہو
گروے پر ضماد کرنا * ایضاً * علیا شیر رب السوس مغز تخم خیارین تخم کاہو تخم خرفہ بریان صندل
سفید ہر ایک ایک جزو کشنیز خشک بریان گل ارمنی نشاستہ کتیرا ہر ایک نیم جزو گلنار سماق صمغ
عربی ہر ایک یکنیم جزو قرص بنا کر کہانا * ایضاً * پوست درخت روس سمندر سوکہ کتیرا اکتھہ سفید
مساوی سفوف کرکے شہد مین ملا کر کہانا * فصل ۶ * سلس البول مین اور حالت خواب مین بول
ہو جانا * علاج * سنگہاڑہ اور نبات سفید ہموزن سفوف کرکے کہانا * ایضاً * کنجد سیاہ
یک جزو نانخواہ نیم جزو قند سیاہ یکنیم جزو کوٹ کر کہانا * ایضاً * کونپل لسلسے کی قند سیاہ کے ساتھہ کہانا

* ایضا * پوست ہلیلہ پوست بلیلہ آملہ کانا رجنت بلوط گل سرخ مساوی سفوف کرکے روغن گل مین چرب کرکے سہ چندان نبات سفید مین قوام کرکے بقدر مناسب کہانا * ایضا * ناگر موتہہ تخم تره تیزک پودینہ مساوی الوزن سفوف کرکے وقت خواب کے کہانا * ایضا * اسی برنجان زرد چوبہ کندر مساوی سفوف کرکے ہمچند شکر ملا کے کہانا * فائده * تقطیر بول اگر ضعف دافعہ سے ہووے دوا حبس بول کی کرنا * اور اگر ضعف ماسکہ سے ہووے دوا سلسل بول کی کرنا * فصل ۶ * بول الدم مین * علاج * برگ انار شیرین بیخ انجبار پیسکر شربت انار ملا کر پینا * ایضا * شاخ گوزن سوختہ کتیرا بوزن مساوی آب برگ انار شیرین مین قرص کرکہانا

* باب پندرہوان امراض اعضای تناسل مین *

فصل ۱ * سوزاک مین اگرچہ نسخے اس مرض کے ازبس مشہور ہین الا بنظر مناسب چند نسخے مجرب تحریر ہوتے ہین * علاج * اولا اندری جلاب مفید ہی ص کباب چینی ریوند چینی ارپیا دانہ الاچی سفید ہر ایک ایک جزو شوره قلمی دو جزو نبات سفید چار جزو سفوف کرکے شیر گاو مین ملوٹا کرکے پینا او سیر شیر گاو اور آب سرد ملا کر بدفعات پینا اور غذا شیر اور برنج کہانا * ایضا * ست سلاجیت سہ چند شہد مین ملا کر کہانا * ایضا * دانہ الاچی کہیان بند کباب چینی پیسکر باضافہ شکر خام کے پینا * ایضا * دانہ الاچی سفید ست گندہ بہروزه مساوی سہ چندان شکر ملا کر سفوف کہانا * ایضا * زیره سفید دو جزو لوبان سفید ایک جزو شکر سفید تین جزو سفوف کرکے کہانا * ایضا * بیخ ترب مین گند بہروزه اور شوره قلمی رکہکر گل حکمت سے پکا کر پیسکر باضافہ شکر خام کے پینا * ایضا * روغن بہروزه شربت مین ملا کر پینا * فصل ۲ آتشک مین اس مرض کے بہت قسم ہین بہرحال خون فاسد ہوجاتا ہی اور ایک حرارت ایسی لاحق ہوجاتی ہی کہ تبرید فائده نہین کرتی اودویہ حار مفید ہوتی ہین * علاج * شنگرف مازو عاقرقرحا اسگند ناگوری موسلی سیاه موسلی سفید گوکہرو جزو مساوی سفوف کرکے آتش کنا صحرائی پر ڈال کر تمام بدن پر بخور کرنا اور ہر روز بدفعات اسیطرح سے کرنے سے ایک ہفتے مین زائل ہوتی ہی * ایضا * عاقرقرحا مازو شنگرف سہاگہ خام

ہر ایک پانچ پانچ ماشے کوٹ کر پانی مین ملا کر چار حصے کر کے چار دفعہ پتنا یعنی تمام شب مین حقے پر رکھکر مثل تنباکو کے
پینا اور تمام شب بیدار رہنا صبح کو غسل آب سرد سے کر کے شوربا مرغ کا اور نان گندم کہا کر سونا اگرچہ گرمی
بہت معلوم ہوتی ہی اور اکثر قی اور اسہال بہی ہوتے ہین لیکن ایک ہی بار مین قرحے تک خشک ہو جاتے ہین * ایضاً
ملوطیا می سنبرپان پوست ہلیلہ کلان ہلیلہ سیاہ ہر ایک ایک جزو خرمہرہ زرد چار جزو عرق لیمون مین تین روز
کہرل کر کے بقدر نخود کے گولی باندہنا اور ایک گولی ہر روز کہانا اور کسی چیز سے چندان پرہیز نکرنا * ایضاً * روغن
کنجد سفید مین برگ نیم نیمکوفتہ پکا کر روغن صاف کر کے موم زرد گداخت کر کے سفوف سنگ بُزد سنگ جراحت کاشت
سفید سپاری سوختہ ملا کر مرہم بنا کر لگانا قرحے کو خشک کرتا ہی * فائدہ * اس مرض مین اکثر منہ آتا ہی برگ حنبلی اور
پوست درخت املتاس جوش کر کے مضمضہ کرنے سے دفع ہوتا ہی * فصل ۲ * رقت اور جریان منی مین * علاج * گوکہرو
کلان موچرس تال مکہانا لاک معسول گوند ڈہاک مساوی نبات سفید دو چند سفوف کر کے ایک تولہ ہر صباح کہانا اور سیر
شیر گاو نیم تاو پینا * ایضاً * برگ ببول شکر سفید مساوی سفوف کر کے کہانا * ایضاً * اندرجو تال مکہانا پاچ بند تخم بالنگو
مغز تخم کنولی پنج موچرس گوند ڈہاک ہموزن مساوی سفوف کر کے شکر سفید ہموزن ملا کے کہانا * ایضاً * موسلہ سینبہل موسلی سیاہ
موسلی سفید بہمنین ستاور تخم گذر تخم گندنا تخم پیاز تخم شلجم اندرجو ہر ایک ایک جزو ثعلب مصری شقاقل
مصری نیم جزو سفوف کر کے کنجد سفید مقشر مغز فندق مغز چلغوزہ مغز اخروٹ ہر ایک دو جزو نیمکوفتہ
یک چند شہد خالص اور یک نیم چند شکر سفید مین قوام کر کے بقدر مناسب کہانا * ایضاً * مسکہ
میش ظروف جست مین گولی سیسے سے گہسکر گردے پر طلا کرنا * ایضاً * سیسے کا پتر گردے پر باندہنا

* باب سولہوان امراض مقعد مین *

فصل ۱ * بواسیر مین * **قسم خونی** * **علاج** * سرمہ سیاہ ایک جزو قند سیاہ نو جزو ملا کر گولی بقدر
کنار دشتی کے ہر روز کہانا * ایضاً * کہربا گل مختوم اتیس ہر ایک ایک ماشہ سفوف کر کے کہانا
* ایضاً * کشنیز چار جزو رسوت ایک جزو سفوف کر کے کہانا * ایضاً * مویز مع تخم ایک عدد مرچ سیاہ
ایک دانہ باہم پیسکر گولی بنا کر کہانا * ایضاً * رسوت دو جزو مسکہ گاو چہہ جزو مین ملا کر کہانا * ایضاً *
روغن موم یا روغن لوبان کہانا * **قسم ریحی** * **علاج** برگ گلکرونده اور مرچ سیاہ مساوی گولی بنا کر کہانا

* ایضاً * معجون مقل کہانا * ایضاً * مغز تخم تربز مغز تخم خیار بکائین شیر و برگ مکوی مین پیسکر لگانا * ایضاً * مغز تخم کدوی شیرین اور مغز تخم آلوی بخارا شیر گوسفند خواہ پانی مین پیسکر مقعد مین لگانا * ایضاً * آرد جو رسوت سفیدی تخم مرغ اور روغن گل مین پیسکر لگانا * فائدہ * مچھلی قسم شور کا سر آگ سے خشک کرکے سفوف کرکے چھڑکنا بالخاصیت مسے کو خشک کرکے گراتا ہی * ایضاً * روغن چنبیلی اور روغن سرشف اور روغن کنجد سیاہ اور روغن السی ہر ایک دو دو جز ملا کر گندھک لوبان ایک ایک جز باریک کرکے اور میعہ سائلہ ایک جز ملا کر آگ پر رکہین اور قسط تلخ پوست بیخ کبر پوست بیخ کنیر اور سپند ہر ایک نیم جز سفوف کرکے ملا کر مرہم بناوین اسکے لگانے سے مسے خشک ہوکر گر جاتے ہین *

فصل * نواسیر مین * **علاج** * استخوان پنجہ شیر گہسکر لگانا * ایضاً * زرد چوبہ مرداسنگ ہر ایک تین جز روغن گل دو جز موم زرد ایک جز پانی ملا کر پکانا جب پانی نہ رہے مثل مرہم کے ہوجاوے تب لگانا * ایضاً * شلجم کو پیسکر روغن کنجد مین مثل مرہم کے پکا کر لگانا * *

فصل ۳ * خروج مقعد مین * **علاج** * مازو سبز پوست درخت انار جوش کرکے آبدست لینا * ایضاً * روغن السی سے چرب کرکے سرمہ اور سفیدہ ارزیز پہلی ہول کی بوزن مساوی باریک کرکے پتہر کے ٹکڑے پر چھڑک کر دبانا اور اینٹ کوری گرم کرکے دبانا * ایضاً * عنب الثعلب تین جز گل سرخ عدس مقشر دو جز آب گشنیز مین پیسکر زردہ تخم مرغ اور روغن کنجد سفید ملا کر لگانا *

* باب ستر ہوان پانون کے امراض مین ران سے قدم تک *

فصل ۱ * عرق النسا اور نقرس اور وجع مفاصل مین * **علاج** * تنقیہ کرنا قی اور اسہال اور فصد سے * ایضاً * افیون دو جز زعفران ایک جز مغز نان خمیری پانچ جز شیر گاو پندرہ جز باہم پکا کر شیر گرم لگانا اور اگر ممکن ہو تو بندہا رکہنا * ایضاً * روغن موم لگانا * ایضاً * چربی شیر کی روغن بابونہ مین ملا کر لگانا * ایضاً * پوست بیخ ارنڈ اور پوست بیخ کٹائی برگ آگ برگ دہتورہ برگ سنبہالو مساوی پیسکر روغن سرشف مین پکا کر لگانا * ایضاً * مقل پانچ جز ایلوا دو جز روغن سرشف مین پکا کر لگانا * فائدہ * یہی ادویہ درد پشت اور درد کمر مین بہی لگانا مفید ہی * **فصل ۲** * درد ساق

اور عقب مین * علاج * تخم شبت جوش کرکے نطول کرنا * ایضاً * افیون ایک جزو قسط تلخ شنگرف ایلوا ہر ایک دو جز شیرہ ادرک مین پیسکر نیم گرم طلا کرنا * ایضاً * سینگی لگا کر جونک ملنا * فصل ۳ * رانون کی گرانی اور ٹخنے سے جنبش سُستی مین * علاج * گوگل کہانا * ایضاً * روغن مالی گرم لگانا * فصل ۴ * دوالی مین کہ رگین پانون کی موٹی اور ہموار اور منعقد ہو جاتی ہین اور داء الفیل مین یعنی فیل پانون * علاج * گل خیرو پیسکر سپیدی تخم مرغ ملا کر لگانا * ایضاً * بابونہ مرچ سیاہ زرچوبہ احمودہ تخم سوا چوب چینی بابزرنگ چوب نی برابر پیسکر شہد ملا کر نیم گرم لگانا * ایضاً * محللات ورم لگانا * فصل ۵ * عرق مدنی یعنی نارو * علاج * سرگین کبوتر اور قند سیاہ لگانا * ایضاً * ریزنج اور ناگرموتہہ لگانا * ایضاً * مقل ور بورق یعنی سہاگہ لگانا * ایضاً * سہاگہ بریان ایک جز قند سیاہ چہہ جز ہر روز بوزن نو ماشہ کہانا * ایضاً * صبر کہانا اور لگانا * فائدہ * جب علامت نکلنے کی ہو اگر کافور اور مرچ سیاہ لگائی جاوے تو نہین نکلتی اور مواد تحلیل ہو جاتا ہی * ایضاً * اگر چنا ورپیسکر روغن گاو ملا کر لگایا جاوے تو بالکل نکل کر سلسلہ موقوف ہو جاتا ہی * فصل ۶ * اکوتہ مین * علاج * برگ حنا زردچوبہ عدس بریان مساوی پانی مین پیسکر لگانا * ایضاً * مغز تخم ارنڈ شیر زمین پیسکر لگانا * ایضاً * گلیم کہنہ سوختہ روغن سرشف مین ملا کر لگانا * ایضاً * چوب کہنہ تاڑ کہ بعد شکست برگ کے رہتی ہی جلا کر روغن بید انجیر مین لگانا * ایضاً * سُم اسپ سوختہ اور استخوان سگ سوختہ باریک کرکے روغن کنجد سیاہ مین لگانا * ایضاً * بلادر روغن کنجد مین جلا کر طوطیا بریان خاکستر سُم اسپ مساوی ملا کر کہرل کرکے لگانا * ایضاً * سیندور مردار سنگ پہٹکری کتہہ سفید نمک سنگ مساوی سرکہ خواہ عرق لیمون ملا کر کہرل کرکے روغن سرشف اور شہد ملا کر لگانا * فصل ۷ * شقاق عقب مین یعنی ایڑی پہٹنا * علاج * صابون ولایتی پانی مین گہسکر بہرنا * ایضاً * زرد سفیدہ و چربی مرغ کی مرہم بنا کر لگانا * ایضاً * مغز تخم بادیہ بخیر پیسکر لگانا * ایضاً * تخم خشخاش سپید لگانا

* باب اٹھارہوان امراض موی و رناخن مین *

فصل ۱ * داء الثعلب یعنی بال جہڑ جانا * علاج * جرگ نکس شیر میش مین ملا کر لگانا * ایضاً * روغن بیضہ زردہ تخم مرغ اور روغن کنجد لگانا * ایضاً * خاکستر دندان فیل در شیر میش ملنا * ایضاً * خاکستر

حب النیل یعنی کالا دانہ پیسکر لگانا * ایضاً * دندانِ فیل اور رسوت مساوی گھسکر لگانا * ایضاً *
زہرہ گاو لگانا * ایضاً * آب آملہ سے دہونا * فصل ۲ * ناخن خشک اور شق ہوجانے مین علاج *
زرد چوبہ اور پوستِ ہلیلہ زرد ظرفِ آہنی مین گھسکر لگانا * ایضاً * ہرتال اور کلونجی لگانا * ایضاً *
مسکۂ میش یا گوسفند لگا کے سینکنا * ایضاً * روغنِ بیدانجیر لگا کر چوب انجیر آگ جلا کر سینکنا * فصل ۳ *
داحس یعنی بسہری مین ناخن کے تلے ورم حار اور دردِ شدید تپک کے ساتہ ہوتا ہی اور کبھی ناخن گر جاتا ہی
* علاج * اسبغول باندہنا * ایضاً * پنڈول مٹی لگانا * ایضاً * کلونجی پیسکر باندہنا اگرچہ درد شدید ہو تو بھی
لیکن پکا دیتی ہی * ایضاً * موم خام ۱ تولہ روغن بابونہ مین ۲ تولہ پکا کر آب برگ حنای سبز آب برگ
یا آب برگ لٹ زیرہ ۲ تولہ ملا کر جلا دے جب پانی جل جاوے ۲ تولہ مثل مرہم لگا کر باندہے ۲ تولہ

* باب وںیسواں امراضِ جلد مین *

* فصل ۱ * سعفہ مین یعنی گنجہ ہونا * علاج * پہٹکری چہر یلہ سرکے مین پیسکر لگانا * ایضاً * کسیلہ
ایک جزو سہاگہ خام نصف جزو روغنِ تلخ مین ملا کر لگانا * ایضاً * کونپل ارنڈ کی پیسکر قدرے نمک
ملا کر لگانا * ایضاً * کچلہ پلاس پاپڑہ زیرہ سفید مساوی روغنِ تلخ مین جلا کر مثل مرہم کے لیسکر لگانا
* ایضاً * خردل نیم بریان سفوف کر کے روغنِ کنجد مین ملا کر لگانا * ایضاً * پوستِ درخت نیم
مسور نخود ہر ایک سوختہ یک جزو مردار سنگ طوطیا مرچ سیاہ ہر ایک نیم جزو باریک کر کے روغن کنجد
سیاہ مین ملا کر لگانا * فصل ۲ * سبوسے مین یعنی کسی عضو کی جلد سے یا سر سے مثل بہوسی کے نکلنا
جدا ہونا * علاج * زہرہ گاو روغنِ سرشف مین ملا کر لگانا * ایضاً * برگِ گرہل تازہ لگانا * ایضاً *
پیازِ دشتی پیسکر شہد ملا کر ملنا * ایضاً * بہنگرا آملہ پوستِ ہلیلہ جرکِ آہن تخمِ نیل پہٹکری مساوی
سرکے مین پیسکر لگانا * ایضاً * نمک باریک کر کے روغنِ گل مین ملا کر لگانا * فصل ۳ *
ابرس اور چہاجن مین * علاج * دانۂ خشخاش سفید شیرِ میش خواہ پانی مین پیسکر لگانا * ایضاً *
تخمِ سپ سوختہ آملہ سوختہ ہر یک تین جزو کمیلہ ایک جزو سہاگہ خام نیم جزو روغنِ تلخ مین مرہم بنا کر لگانا
* فصل ۴ * برص اور بہق سپید مین * علاج * برگِ گرنج زرد چوبہ ہر ایک ایک جزو سہاگہ دو جزو پیسکر لگانا

* ایضاً * تخم ترب زرد چوبہ ناگیسر شنف ہی مین پیسکر لگانا * فصل ۵ * شری مین یعنی پتی * علاج * چرونجی اور گیرو روغنِ تلخ مین پیسکر لگانا * ایضاً * نانخواہ اور گیرو سرکے مین پیسکر لگانا * ایضاً * تخم خربزہ و تخم خیارین اندرجو سرکے مین پیسکر لگانا * ایضاً * سکنجبین عرقِ مکوی مین ملاکر پینا * فصل ۶ * توبا یعنی داد مین * علاج * برگِ املتاس تازہ ہر روز پانچ چار بار ملنا * ایضاً * صندلین اور سہاگہ عرقِ لیموں مین گھسکر لگانا * ایضاً * بیخ بالک جہی عرقِ لیموں مین گھسکر لگانا * ایضاً * تخم پنواڑ کبخی سیاہ سرشف پیسکر لگانا * فصل ۷ * خارش مین * علاج * روغنِ گاو گرم کرکے پارہ اور مرم زرد ملاکر لگانا * ایضاً * چوک سہاگہ طوطیا گھسکر باضافہ روغنِ تلخ لگانا * ایضاً * برگِ برگد جلاکر روغن سرشف ملاکر لگانا * ایضاً * برگِ تازہ حنا برگِ تنبول بنگلہ ہر ایک دو جز سیماب ایک جز جلا دیوین جب سیماب مخلوط ہو جاوے طوطیا سبز مردار سنگ مرچ سیاہ تخم پنواڑ تخم بکچی سفیدہ کمیلہ ہر ایک نیم جز ملاکر کھرل کرین اور روغنِ گاو بکصد و یک بار شستہ سات جز روغن کنجد سفید دس جز ملاکر لگایا کرے * فائدہ * جذام کو تنقیہ ہای مکرر اور تصفیہ خون دواء اور غذاء درکار ہی * فصل ۸ * عرق بدبو بدن سے خواہ بغل سے نکلنا * علاج * سفیدہ قلعی مازو مساوی گھسکر روغنِ گل ملاکر لگانا * ایضاً * برگِ تنبول روغنِ کنجد سفید مین پکاکر لگانا * ایضاً * بادنجان جوش کرکے اوسکے پانی سے بدن دہونا * ایضاً * ناگرموتہ تخم نسٹبت چرونجی پیسکر لگانا * فصل ۹ * آگ سے خواہ روغن یا پانی گرم سے جل جانا * علاج * فوراً خون تازہ گوسفند یا سفیدی تخم مرغ کی لگانا * ایضاً * روغن السی اور شیر گاو یا گوسفند ملاکر برگِ مغیلاں و سمین جلاکر مثل مرہم کے بناکر لگانا * ایضاً * سرشف جلاکر پانی مین پیسکر لگانا * ایضاً * مغز گھیکوار لگانا * ایضاً * کلی چونے کی روغنِ السی مین حل کرکے مثلِ مرہم کے لگانا * فصل ۱۰ * ضربہ اور سقطہ مین * علاج * ماش مثل مہیلے کے پکاکر اوس سے سینکنا * ایضاً * دارہلد چوب میدہ سنجی ہر ایک دو جز باریک کرکے مایدہ گندم تین جز قند سیاہ ایک جز سفیدہ تخم مرغ اور روغن السی ملاکر لوئی بناکر سینکنا اور باندہنا * ایضاً * زرد چوبہ اور چونہ سرکے مین گھسکر نیم گرم ضماد کرنا * ایضاً * زرد چوبہ دارہلد اصل السوس چوب دیودار گلو ہر ایک نیکوفتہ دو دو

چہیر کا جہان چنے ہوئے جاوین جملہ مساوی دہ چند روغن کنجد سفید اور چہل چند پانی ملا کر پکاوین جب
پانی جل جاوے صاف کر کے روغن لگانا اور اگر زخم مواد سے پر ہو اوسی روغن سے تر کر کے رکھنا

فصل ١١ * اورام اور دنامیل اور بثورات مین جانا چاہیے کہ اورام پر محللات ضماد کرنا خواہ کرنی
خون نکالنا کافی ہی اور دنبل پر اگر اولاً یہہ تدبیرات کافی ہوون تو پکا کر دوا سے خواہ نشتر سے توڑنا
اور مواد نکال کر مندمل اور خشک کرنا چاہیے بثورات پر روادعات اور محللات کافی ہوتے ہین **علاج**
محلل برگ مکوی تازہ کشنیز خشک لب خیار شنبر لگانا * **ایضاً** * گیرو برگ گلاب گل بابونہ لگانا **ایضاً**
اسگند ناگوری پیسکر پانی مین تر رکہین اور بدفعات لگایا کرین ورم سخت تحلیل ہوتا ہی * **علاج** * پختگی مین ایہہ
آرد گندم خواہ جوار یا برنج دہی مین پکا کر قدرے نمک ملا کر شیر گرم لگانا * **ایضاً** * اصل السوس تخم
السی تخم میتھی آرد جو مساوی شیر گوسپند مین پکا کر لگانا * **ایضاً** * گندہک دو جز آرد جو ایک جز پیسکر نیم گرم
لگانا * **علاج** * شگفتگی کا بیخ چنبیلی پیسکر شہد ملا کر لگانا * **ایضاً** * سہاگہ خام لگانا * **ایضاً** * سرگین
کبوتر خواہ کنجشک لگانا * **ایضاً** * مقل پانی مین پیسکر نیم گرم لگانا * **علاج** * اخراج مواد اور اندمال مین
موم زرد دو جز روغن کنجد سپید چار جز دونون گداخت کر کے سنگ جراحت و ارسنگ طلیار ال سفید سر ایک
ایک جز باریک کر کے روغن السی مین ملا کر خوب حل کرین اور چند مرتبہ پانی سے دہو کر لگانا * **علاج** * بثورات کا
صندل سفید شیر برگ مکوی تازہ مین گہسکر لگانا * **ایضاً** * مردار سنگ سوخت صندل سفید لگانا * **ایضاً** * کافور روغن گل لگانا

* باب بیسوان امراض مین خاص مردونکے * *

فصل ١ * ورم اور درد خصیہ مین * **علاج** * دموی مین تنقیہ خون کرنا * **ایضاً** * کتیرا آرد جو لعاب
اسبغول روغن گل ملا کر لگانا * **ایضاً** * جوز القی پانی مین پیسکر لگانا * **ایضاً** * بیخ حنظل لگانا *
ایضاً * گل ٹیسو جوش کر کے نطول کرنا اور باندہنا * **ایضاً** * برگ بیت جوش کر کے باندہنا
فصل ٢ * فتق مین * **علاج** * بیخ اور سرشف پیسکر نیم گرم طلا کرنا * **ایضاً** * پوست بیخ ارنڈ اور زنجبیل
لگانا * **ایضاً** * دانہ موشہ اور تخم شبت یعنی سویا اور گل بابونہ لگانا * **ایضاً** * برگ تنباکو سبز
نیم گرم باندہنا * **فصل ٣** * آماس قضیب مین * **علاج** * برگ مغیلان اور برگ کنار اور برگ انار پیسکر سرد لگانا

ایضاً مازو اور سوت پیسکر لگانا *ایضاً* چھالیہ اور صندلِ سفید لگانا *فصل ۴* خارش
اور دانہای خصیہ و قضیب میں *علاج* مرداسنگ کو روغنِ گاو میں چوبِ نیم سے گھسکر لگانا
ایضاً ہلیلہ سیاہ اور سوت پیسکر تھوڑا روغنِ گل ملاکر لگانا *فصل ۵* قرحۂ اعضای مذکورہ اور آبلہ میں
علاج برگِ نیم روغنِ کنجد سفید میں پکاکر روغن صاف کرکے اوسمیں موم سفید گداخت کرکے
سرد لگانا اور حلیل میں ٹپکانا *فصل ۶* سرعتِ انزال اور کثرتِ احتلام میں *علاج* خبث الحدید کہنہ
سرکۂ خالص میں سات بار بجھاکر مائیں اور ثمرِ زرمِ مغیل مغز تخم تمر ہندی شستہ مساوی الوزن سفوف
کرکے ہمچند نبات سفید ملاکر کہانا *ایضاً* برگِ ببول سفوف کرکے برابر شکر ملاکے کہانا *ایضاً* تخم ریحان
سفوف کرکے برابر قندِ سیاہ ملاکے کہانا *فائدہ* جبتک اوسکے کا پتر گرے پر باندھنا اور ادویہ جریان بہی کہانا مفید ہی

* باب اکیسوان امراض مین مخصوص عورتون کے *

فصل ۱ ورمِ پستان میں *علاج* دموی میں فصد کرنا اور کیری لگانا اور جملہ اقسام میں ناگرموتھہ
اور میتھی شیر گوسپند میں پیسکر لگانا *ایضاً* برگِ نیم اور برگِ بکاین سے سینکنا اور باندھنا *ایضاً*
برگِ گلِ عباس اور برگِ ماو پیسکر لگانا *ایضاً* اکلیل الملک اور سوت شیرۂ برگ مکوی تازہ میں
پیسکر لگانا *ایضاً* کاہو سرکے میں پیسکر لگانا *ایضاً* اسبغول سرکے میں پکاکر لگانا *فصل ۲*
قلتِ شیر میں *علاج* ستاور شیر گاو میں پیسکر شکر سفید ملاکر پینا *ایضاً* زیرۂ سفید برنج ساٹھی
دودہ میں پکاکر کہانا *ایضاً* زیرۂ سفید نانخواہ نمک سنگ بوزن مساوی سفوف کرکے دہی میں
ملاکر کہانا *ایضاً* اجمودہ انیسون بوزیدان بادیان تخم سویا برابر سفوف کرکے شہد ملاکر بقدر مناسب
کہانا *فصل ۳* پرسوت کہ مشہور ہی بعد ولادت کے اکثر ہوتا ہی *علاج* ستِ لوبان ایک ماشہ
مشک دو سرخ ہر روز ایک ہفتہ تک کہانا *ایضاً* ناگیسر ایک جزو مرچ سیاہ دو جزو شیرۂ ادرک میں
گولی بناکر کہانا *ایضاً* لوبان اجمودہ دارچینی مساوی سفوف کرکے ہمچندان شکر سرخ ملاکر کہانا *ایضاً* کندر زیرہ جدا جدا
ہر ایک ایک جزو مشک نیم جزو سفوف کرکے شہد ملاکر کہانا *ایضاً* فلفل سیاہ زنجبیل ایک ایک جزو تخم شبت نیم جزو سفوف کرکے
گولی بقدر ایک سرخ کے بناکر کہانا *فصل ۴* ابتدای رطوبت میں رحم سے *علاج* پہلی پختہ کیلے کی شیرۂ آملہ اور شکر ملاکر

بطورِ حلوا پکاکر کہانا * ایضاً * تخمِ خرما پوستِ درختِ انار پوستِ درختِ انبہ تخمِ کنوچہ مساوی سفوف
کرکے شکر ملاکر کہانا * فصل ۵ * کثرتِ حیض مین * علاج * کنارِ دشتی سفوف کرکے شکر اور گہی ملاکر
بطورِ حلوے کے پکاکر کہانا * ایضاً * کہربا مائین مساوی سفوف کرکے زردۂ تخمِ مرغ بریان مین ملاکر
کہانا * فصل ۶ * انسداد اور قلتِ حیض مین * علاج * اسپند اور چوبِ بنجِ سیاہ جوش کرکے پینا * ایضاً *
بابرنگ جوش کرکے پینا * ایضاً * مجیٹہ بابرنگ مچ کنکول ہر ایک ایک جزو اجمودہ بادیان دانۂ الائچی کلان سپستان
بہروزہ مصطگی ہر ایک نیم جزو سفوف کرکے دوچندان شہد ملاکر بقدرِ مناسب کہانا

* مقالہ ساتوان بیانِ سمیات اور اوسکے علاج مین *

جاننا چاہیے کہ بعض لوگ کہانا سمیات کا بامیدِ منفعت کے اختیار کرتے ہین اس سبب سے کہ
بتدریج بڑہانے سے عادت ہو جاتی ہی مضرت محسوس نہین ہوتی * فائدہ * بعض سمیات گرم
ہین کہ شدتِ حرارت سے روح کو کہ موجبِ حیات کی ہی تحلیل کر دیتے ہین اور بعضے سرد اور مخدر
کہ روح کو بے حس و حرکت کر دیتے ہین اور بعضے مسدد کہ منافذِ روح مین سدہ ڈال دیتے ہین
* علامات * زہرِ گرم کی سوزش معدہ اور اعضای اندرونی کی اور شدتِ تشنگی اور خشکی دہن اور
منخرین کی ہی * علاج * قی کرنا اور روغنِ گل اور بنفشہ اور خیار اور کاہو اور صندل اور کافور اور گلاب
معدہ او جگر پر طلا کرنا اور روغنِ بادام اور شیرِ گاو اور جعزات پینا اور قرصِ کافور کہانا * علامات *
زہرِ بارد کے نوم بے اختیاری اور گرانی اعضا اور خلاف علاماتِ حرارت کے ہین * علاج *
شرابِ کہنہ شیرِ گوسفند یا گاو مین ملاکر پینا اور تریاقِ اربعہ کہانا اور پودینہ اور فرحِ سیاہ اور عاقرقرحا
اور قسطِ شیرین مساوی شہد مین ملاکر کہانا * فائدہ * مسموم کو مطلقاً خواب سے بچانا چاہیے اور قی کرنا
اور کوشش اور تفحص اس امر مین کہ کون سم ہی تاکہ معالجہ خاص اوسکا ہووے اور یہہ امر اکثر
رنگ اور بوی دہن اور قی سے دریافت ہوتا ہی * فصل ۱ * بیانِ اکثر سمیاتِ معدنی مین زرنیخِ
خام * علامات اوسکے دردِ شکم اور اسہالِ خون اور گرانی زبان کی اور تالم اکثر اعضای اندرونی کا
* علاج * برگ و بیخِ کرتب اور تخمِ شبت جوش کرکے شہد و نمک ملاکر پینا اور قی کرنا * ایضاً * روغنِ گل

شیرِ گاو مین ملا کر پینا کہ قی یا اسہال سے خارج ہو جاوے اور مضرت اوسکی باقی نرہے * اور اگر
پارہ کان مین پڑ جاوے تو کان مین دردِ شدید اور اختلاطِ عقل ہوگا تدبیر یہ ہی کہ روغن گرم کان مین
ٹپکا کر کندش وغیرہ سے عطسہ لاوین اگر اس سے دفع نہو رانگ کی سلائی کان مین ڈالکر پھیرین کہ
اوسمین لپٹ آویگا * شنگرف * علامات اور تدبیر اوسکی مثل زیبق کے ہی * سنکھیا *
علامات اوسکے بدحواسی اور سکوت اور خشکیِ زبان اور خواب مثل سکتے کے اور قولنج اور خناق ہی
* علاج * لعابِ اسبغول اور بہدانہ اور خیرات اور گلاب پینا اور قرصِ کافور کہانا * مردار سنگ *
علامات اوسکے دردِ شکم اور قولنج اور دشواریِ بول اور آماسِ بدن * علاج * قی کرنا مقیات سے
مثل ترب اور شبت اور بورہ کے اور جوارشِ سفرجلی مسہل کہانا اور جن چیزون سے اسہال و ادرار ہو
استعمال کرنا * زنگار اور ہڑتال اور نورا * علامات اونکے دردِ شکم اور امعا اور دشواریِ بول
اور اسہالِ خون اور خناق اور غشی اور برودتِ اطراف اور اکثر بول کے ساتھ ان چیزون کا نکلنا
* علاج * تخم السی اور حلبہ اور تخم خبازی جوش کرکے شہد ملا کے قی کرنا اور دودہ اور لعابات اور
شوربا ہای مرغ بہ پینا * برادۂ آہن * علامات دردِ شکم اور دردِ سر اور خشکیِ دہن * علاج * شوربای مرغ
اور دودہ اور روغن اور لعابات پینا اور مزلقات کے ساتھ مسہل کرنا * الماس * قوی ترین سمیات سے ہی
فوراً اعضای اندرونی قطع ہو کے قی سے نکلنے لگتے ہین اور اصلا علاج پذیر نہین ہی * فصل ۲ *
سمیاتِ نباتی مین * بیش * یعنی بچہناگ بدترین سمیات سے ہی علامات اوسکے خشکیِ لب و زبان
اور حدوثِ غشی اور دوار * علاج * قی کرنا اشیای مذکورۂ بالا سے اور تریاقات کہانا اور خاص
تریاق اوسکا پوستِ بیخِ کبر ہی * یتوعات * یعنی شیرِ آک اور زقوم کا اور مثل اوسکے قاتل ہین کثرتِ
اسہال سے * علاج * شیر اور روغنِ گاو اور مسکہ اور لعابِ بہدانہ وغیرہ ابتدا پینا بعد اوسکے
قرصِ طباشیر قابض اور قرصِ کہربا اور ربِ بہ اور ربِ سیب کہانا مفید ہی * بلادر * یعنی بہلاوان
علامات اوسکے ورمِ فمِ معدہ اور امعا اور بثورات اور آبلۂ لب و دہن اور تنگیِ دم اور اکثر آماسِ
ظاہرِ بدن * علاج * روغنِ کنجد آبِ گرم مین ملا کے قی کرنا اوسکے بعد سرد چیزین کہانا اور سرد

پانی سے نہانا اور فادزہر خاص اوسکا مغز اخروٹ ہی * خربق سیاہ * غاریقون سیاہ * تربد
زرد و سیاہ * علامات اونکے کثرتِ اسہال اور تشنج اور خناق اور خفقان اور سوزش زبان کی ہی
* علاج * قی کرنا اور ادویہ سرد پینا اور کہانا * افیون * علامات اوسکے خواب مثلِ غشی کے اور
ہچکی اور تیرگی چشم اور دردِ بدن اور دردِ سر ہی * علاج * قی کرنا پھٹکری پیسکر و مغز پنبہ دانہ پینا اور ہینگ
پانی مین گھولکر پینا اور آب برگ و بیخ کرنبوا کا پینا اور کاغذ سفید پانی مین گھولکر پینا اور ترش چیزین کہانا
* جوز ماثل * یعنی دہتورا اگرچہ اسکے چوب اور برگ مین زہر قلیل ہی لیکن تخم اسکا بوزن یکنیم تولہ کے
سمِ قاتل ہی علامات اوسکے سرخی چشم اور تاریکی نظر اور دوار اور سبات اور عرقِ سرد اور بیہوشی
* علاج * قی کرنا روغنِ کنجد اور آب گرم سے اور اشیای سرد کہانا اور شیر تازہ یا سرکہ صعتر اور
اسخدان اور فوتنج اوسمین جوش کیا جاوے پینا اور فادزہر خاص اوسکا پنبہ یعنی کپاس ہی مقابل
تخم کے تخم اور برگ کے برگ اور چوب کے چوب * فصل * زہر حیوانات مین جاننا چاہیے کہ بعض
حیوان کا تمام جسم سمی ہی لیکن دانت اور ناخن اور نیش سب حیوان مین سم ہی یہان تک کہ آدمی کے
دانت اور ناخن مین بھی سم ہی مگر اثر اونکا باعتبار جسم مسموم کے ظاہر ہوتا ہی چنانچہ بعضے کو زہر
سانپ اور عقرب کا بھی اثر نہین کرتا اور زہر دن مین بھی تفاوت ہی بعضون کا اثر فوراً تمام جسم کو پہنچتا ہی
مثل سانپ کے اور بعض کا عضو خاص مین مثل زنبور کے اور بعض سم بہت دیر سے ظاہر ہوتا ہی مثل
کاٹنے سگِ دیوانہ کے * علاجِ کلی * انکے عضو ماؤف کے اوپر سے باندہنا مستحکم اگر ممکن ہو اور دوسرا
عضو ماؤف پر حجامت مع الشرط کرنا اور پچھنے لگا کے ادویہ مفرحہ لگا کر مواد سمیہ بہانا لیکن حجام کو
چاہیے کہ سرکہ اور روغن سے مضمضہ کرکے شاخ چوسے تاکہ اثر سم سے محفوظ رہے اور اخال
باز یا کبوتر یا بط کا لگانا اور خاکستر چوب انجیر کی لگانا یا ہینگ کو سرکے مین پیسکر لگانا یا انجیر بستانی
خواہ دشتی کا دودہ لگانا اور تریاقات کہانا اونمین اسطوخودوس نانخواہ جند بیدستر مقل زنجبیل
شہد مین ملاکر کہانا اور فادزہر کہانا اور لگانا * سانپ * اوسکے اقسام بہت بدترین اوسکا افعی
جسکے کاٹنے سے سوءِ تنفس اور رعشہ اور غشی ہوتی ہی اور بعضے اوسی غشی مین مسموم ہلاک ہوتا ہی

اور اگر غشی سے افاقہ ہو تو عضوِ ماؤف میں سوزش اور اوس سے خون وریم جاری ہوتا ہی اور
دوسرے اعضا تک بڑہتا جاتا ہی اور عرقِ سرد اور ہچکی اور عسرِ بول لاحق رہتا ہی بہترین تدبیر عضوِ
ماؤف کا کاٹنا ہی اگر ممکن ہو ورنہ اخراجِ موادِ سمیہ جیسا اوپر مذکور ہوا اور تریاقِ کبیر اور تریاقِ افاعی
کہانا اور مارِ سیاہ وغیرہ جو اس ملک میں بیشتر ہیں انکے کاٹنے سے بہی غش ہوتا ہی اور عضوِ ماؤف
ورم کرتا ہی دوا پلانے اور لگانے سے انکا زہر زائل ہوتا ہی حتی کہ خود بخود بہی زائل ہو جاتا ہی جسکو عوام
تاثیر افسون کی جانتے ہیں اور نہیں دیکہتے کہ لرزہ وغیرہ عوارض کیسا وقت پر زائل ہو جاتے ہیں
علاج تخم لیموں کاغذی سات عدد پانی میں پیسکر پینا اور لگانا مجرب ہی اور ہینگ کو شراب میں
گہول کر لگانا *ایضاً* زہر مہرہ جو سانپ اور غوک کے سر پر مثلِ سنگِ سیاہ کے نکلتا ہی زخم پر رکہنے
سے سب زہر کہینچ لیتا ہی اور دودہ میں ڈال دینے سے اوس زہر سے صاف ہو جاتا ہی *عقرب*
اوسکے بہی اقسام ہیں اسکی سمیت نیش کی یہانتک ہی کہ سنگ خاکستر ہو جاتا ہی اور جسمِ حیوان کا پانی
ہو جاتا ہی اور درخت میں آگ لگ جاتی ہی اور بدترین اقسام جرارہ ہی کہ وقت چلنے کے دم ڈالے
چلتا ہی علامات اوسکے حرقتِ شدید زخم کی اور ترقی کرنا اوسکا دوسرے اعضا کیطرف اور سرخی
اطراف اور اکثر سوزش اور خفقان اور استرخای بدن *علاج* تدابیرِ بالا سے اخراجِ مواد کرنا اور
وہی عقرب اگر ہاتہہ آوے کچلکر عضوِ ماؤف پر رکہنا اور موش اور مینڈک زندہ پہاڑ کر باندہنا اور تخم
خام اور السی پیسکر لگانا اور ہینگ لگانا اور برگِ کپاس پیسکر روغنِ گاو ملا کر لگانا *فائدہ* باقی حیوان
حزوکہ جنکے نیش خواہ مل جانے سے عضوِ ماؤف پر ورم خواہ آبلے نمودار ہوتے ہیں اشیای
ترش زخم پر لگانا مفید ہی *شیر کی موچہہ کا بال* بدترین سمیات سے ہی کہ رطوبت
پاتے ہوئے شاخیں اوس میں نکل آتی ہیں اور قی دموی شروع ہو جاتی ہی اور احشا میں
خلیدگی معلوم ہوتی ہی اگر فوراً جگرِ خام گوسفند کا کہا کر قی کی جاوے تو بیشتر نکل جاتا ہی فقط

مقالہ آٹھواں ادویہ مرکبہ تراکیب یونانیہ میں

واضح ہو کہ اکثر غلطی کاتبوں سے ادویہ مرکبہ میں نہایت تجاوز اور تفاوت واقع ہی اور بعض

اجزای کتاب کے مندرج ہونے سے طیاری اونکی دشوار ہوتی ہی لہذا بتقابلہ کتب صحیحہ اور
معتبر و بعد صحت تمام بدرستی اوزان اور اندراج اون ادویہ کے جو بطریق بدل بجای اجزای کتاب
کہ داخل ترکیب ہو سکتی تہین اور بعد حذف زوائد کے کہ جنکے نکلنے سے مزاج اصلی نسخہ کا تبدیل
نہین ہوتا چند نسخہ جو بیشتر بکار آمد ہین اس مقالہ مین تحریر ہوتے ہین* انوشدارو ی سادہ*
تقویت باہ اور معدہ اور اعضای رئیسہ کی اور نفع خفقان کو اور بدن کو خوشرنگ اور دہن کو خوشبو
کرے اور طیاری سے بعد چالیس روز کے استعمال کرنا چاہیے خواہ قبل طعام یا بعد طعام کے اور
قوت اسکی دو سال تک قائم رہتی ہی* صن* آملہ منقی تخم برآوردہ شیر گاو مین آٹھ پہر تک تر کرکے صاف
کرین اور اسقدر پانی ملاکے پکاوین کہ تمام پانی جذب ہوجاوے تب ملکر صاف کرین کہ ریشے
اوسکے سب دفع ہوجاوین اوسمین ہموزن شکر سفید اور ہموزن اوسکے شہد کف گرفتہ ملا کر قوام
کرین اوسپر گلسرخ ناگرموتہہ لونگ مصطکی رومی سکند یا الاچیا مانسی دانہ الایچی سفید سب برابر کہ مجموعہ
شہد کا سوم حصہ ہو ملاوین* انوشدارو ی لولوی* مفرح اور مقوی قلب نافع خفقان اور جیارہ
حارہ* صن* مروارید ناسفتہ سنگ یشب ایک ایک جزو تین روز تک عرق کیوڑہ اور گلاب مین حل
کرکے عود خام طباشیر سنبل الطیب دو دو جزو سفوف کرکے ابریشم خام کنیم جزو و چندان شیرہ آملہ
تازہ مین ساتہہ قند سفید کے کہ سہ چندان مجموعہ کے ہو بدستور تیار کرین* ایارج* مواد سودا کو
کو خارج کرے اور اقسام درد سر اور درد گوش اور درد وار اور ثقل سمع اور فالج اور رعشہ اور لقوہ اور تپ
ربع اور جذام کو مفید ہی* صن* شحم حنظل غاریقون سقمونیا پانچ پانچ جزو افتیمون مقل افسنتین تخم سپند
زنجبیل اسطوخودوس گل سرخ بادرنجبویہ تین تین جزو پودینہ پوست ترنج برگ گاوزبان دو دو جزو سفوف
کرکے دو چندان شہد خالص مین ملاوین بعد چالیس روز کے استعمال کرین خوراک چہہ ماشے سے
ایک تولہ تک* اطریفل اسطوخودوس* کہ امراض دماغی اور جلدی کو مفید ہی* صن* پوست
بلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ خشک تخم برآوردہ ایک ایک جزو اسطوخودوس گل بنفشہ دو دو جزو افتیمون
افسنتین بادرنجبویہ شاہترہ ہندی نیم نیم جزو سفوف کرکے سہ چندان شہد خالص کف گرفتہ میں قوام

ملاوین * اطریفل کشنیزی * سر اور آنکہہ اور کان کے درد کو جو ابخرے اور نزلے سے ہو اور ضعف بصر رطوبی اور ہر قسم بواسیر کو مفید ہی * ص * پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ کشنیز خشک جملہ مساوی سفوف کرکے بروغن بادام خواہ روغن گاو مین چرب کرکے سہ چندان شہد کف گرفتہ مین ملا رکہین بعد دو مہینے کے استعمال کرین نو ماشے سے ایک تولہ تک * بالیقون مقوم دافع سیلان اشک اور ناخنہ اور بامہنی اور مفید ابتدای نزول آب اور ضعف بصر کو ہی * ض * کف دریا سنگ بصری سادج ہندی زرد چوبہ ایک ایک جزو قرنفل صبر نوشادر ربع ربع جزو سرمہ سفید نصف جزو سرمہ ساکرکے آب پوست ہلیلہ زرد مین شیاف بنا رکہین بوقت حاجت پانی مین خواہ آب برگ نکوی مین کہسکر آنکہہ مین لگاوین * برشعثا * کہ فی الحال بلفظ ترس کے معروف ہی معنی برء الساعت اور ترکیب حکمای قدیم کی ہی زکام اور نزلہ اور تیرگی چشم اور دوار اور آواز گوش اور لقوہ اور فالج اور رعشہ اور صرع اور سبات اور نسیان اور مالیخولیا اور ہذیان اور ضعف اعصاب و استرخای لثہ اور بلادت ذہن اور کندگی ذہن اور سیلان لعاب دہن اور سعال اور نزف دم اور اوجاع بلغمی اور ضعف معدہ اور جگر اور انواع استسقا اور سرعت انزال کو مفید اور دافع زہر سموم کا ہی * ص * فلفل سیاہ فلفل سفید بذر البنج ہر ایک چار جزو افیون مصری دو جزو زعفران ایک جزو سنبل الطیب عاقرقرحا فرفیون ربع جزو جدا جدا سفوف کرکے سہ چندان شہد مین قوام کرین اور تین مہینے جو مین رکہکر استعمال کرین خوراک دو سرخ سے ایک ماشے تک ہی قوت اوسکی پانچ برس تک باقی رہتی ہی * * طلیہ * کہ بدن کو خوشرنگ اور نرم کرے * ص * صندل زعفران کہگت حن مساوی سفوف کرکے چہرہ وغیرہ اور مایدہ گندم سب کو پانی مین پیسکر اور روغن خوشبو ملا کر استعمال کرین * تریاق اربعہ * تالیف حکیم اندروماخس کی ہی محلل ریاح غلیظ اور مصلح جگر اور طحال اور مفتح سدد ہی اور دافع زہر سموم حیوانات اور مدر فضلات اور مخرج جنین میت اور نافع صرع و خفقان اور جمیع امراض باردہ * ص * حب الغار جنطیانا مر صاف زراوند طویل خواہ زراوند مدحرج مساوی الوزن سفوف کرکے سہ چندان شہد کف گرفتہ مین ملاوین خوراک ایک ماشے سے چار ماشہ تک اور اگر ایک جزو

زعفران ملاوین زیادہ تر لطیف اور قوی ہو * **تیزاب** * کہ گوشت زائد کو زخمون سے قطع کرتا ہی اور
دنبل سخت کو توڑتا ہی اور بثورات فم منہ کا مواد بہاتا ہی * **ص** * شورہ قلمی پھٹکری نوشادر بوزن
مساوی ترکیب کرکے ایک گھڑے مین رکھکر ایک ہانڈی اوسکے منہ پر وصل کرین ہانڈی کی کمر مین
سوراخ کرکے موی اسپ خواہ سینکین لگا کر گھڑے کو تر چہار دیگدان پر رکھکر آنچ مناسب کرین اور
پیالہ چینی متصل سوراخ ہانڈی کے رکھکر عرق تیزاب لین * **جوارش دارچینی** * کہ تمام اعضا اور
باہ کو قوت دے اور درد سر اور سعال بلغمی اور نواسیر اور درد اور نقرس اور بہق اور سنگ گردہ اور
مثانہ کو مفید ہی * **ص** * سنبل الطیب دانہ الائچی سعدتج دارچینی کلیجن لونگ ناگرموتھہ زنجبیل مرچ سیاہ
پیپلا مول قسط شیرین اسگند بالاہر ایک دو جزو زعفران ایک جزو مصطگی پانچ جزو سفوف کرکے
ہمچند شکر سفید اور دوچندان شہد کے ساتھہ قوام کرکے ملاوین * **جوارش کمونی** * مقوی معدہ
اور ہاضم اور کاسر ریاح اور دافع فضلات * **ص** * زیرہ سیاہ سرکہ خالص مین تین بار تر اور
خشک کیا ہوا سات جزو مرچ سیاہ زنجبیل سداب پیپلا مول پودینہ پوست ہلیلہ زرد تین تین جزو نمک
سنگ چار جزو سفوف کرکے سہ چندان شہد مین ملاوین * **جوارش مصطگی** * دافع برودت معدہ
اور جگر اور سیلان لعاب دہن اور مقوی معدہ اور ہاضمہ * **ص** * مصطگی رومی ایک جزو سفوف کرکے
قند سفید سولہ جزو عرق گلاب مین قوام کرکے ملاوین * **جوارش عود ترش** * مقوی معدہ اور ہاضم
طعام * **ص** * عود پانچ جزو قرنفل دو جزو سنبل الطیب و زرشک ایک ایک جزو سفوف کرکے آب لیمون
سات جزو شکر سفید بیس جزو قوام کرکے ملاوین * **حب الشفا** * امراض نزلہ اور سبہای بلغمی اور
سوداوی کو مفید ہی چار گھڑی قبل طعام کہانا چاہیے * **ص** * تخم جوز ماثل یعنی دہتورہ تین جزو ریوند چینی
دو جزو زنجبیل کلان ایک جزو سفوف کرکے آب صمغ عربی مین بقدر نخود کے گولیان بناوین * **حب شبیار** *
تنقیہ دماغ کرے اور امراض دماغی کو مفید ہی * **ص** * پوست ہلیلہ کابلی سناء مکی پوست ہلیلہ زرد ہر ایک
تین جزو مقل ایک جزو گل سرخ حب النیل صبر ہر ایک چار جزو عصارہ ریوند مصطگی ہر ایک دو جزو بقدر نخود
گولیان بناوین خوراک چار ماشہ وقت شب قبل از خواب * **حب السعال** * صمغ عربی بریان

کثیرا النشاستہ ہر ایک ایک جزو اصل السوس مقشر مغز تخم خیارین مغز تخم کدوی شیرین مغز بادام ہر ایک دو جزو
زعفران نیم جزو بدستور گولی بناوین اور منہ مین رکہین * **حب ممسک** * افیون جائفل مشک
کافور مساوی شیرۂ برگ تنبول بنگلہ مین بقدر چار سرخ کے گولی بناوین اور بیش از جماع ایک گولی
کہاوین * **ایضاً** * زعفران قرنفل جوزبوا افیون مساوی شہد کف گرفتہ مین گولی بقدر نخود کے
بناکے قبل از جماع کے کہاوین * **ایضاً** * کنجشک نر خانگی وقت ہیجان کے شکار کر کے ذبح
کرین پر اور احشا دفع کر کے ایک خرما مین بقدر اسکے تخم کے افیون بہر کر شکم کنجشک مین رکھکر
آرد گندم سے گل حکمت کر کے پکاوین اور بعد دفع آرد کے شکم کنجشک سے نکالکر گولی بقدر نخود کے
بناکر قبل از وقت کہاوین * **حلوا** * مسمن اور مقوی باہ ہے * **ص** * خرما مع خرشیر گاو مین پکاکر پیسین
اور نشاستہ گندم اور بیسن نخود بریان ہر ایک مساوی اوسکے اور شکر سفید مساوی سب کے روغن
گاو بقدر نصف شکر کے ملا کر باہم حلوا پکاوین مغز بادام مغز فندق مغز چلغوزہ مغز پستہ مغز اخروٹ
ہر ایک مساوی کہ مجموع ہموزن خرمے کے ہو ریزہ ریزہ کر کے ملاوین * **حلوای مہی** * دال نخود کو
شیر میش مین تین مرتبہ تر و خشک کر کے روغن گاو مین بریان کر کے میدہ کرین اور باضافہ شیرینی
اور لوزیات کے حلوا بناوین * **خمیرۂ صندل** * کہ خفقان کو مفید ہے * **ص** * برادۂ صندل
سفید نیم پاو ایک شبانہ روز نیم آثار عرق گلاب مین تر کر کے جوش کرین جب غلیظ ہووے خوب
ملکر تین پاو شکر تین ملاوین * **خمیرۂ گاوزبان** * مقوی دل و دماغ نافع خفقان اور غشی ہے
* **ص** * برگ گاوزبان دس جزو بادرنجبویہ پانچ جزو سنبل الطیب گل سرخ برادۂ صندل سفید ہر ایک
ایک جزو سہ چندان پانی اور دو چندان گلاب مین تر کر کے جوش کرین جب چہارم حصہ پانی رہے
ملکر چہلنی سے شش چند شکر سفید کے ساتھ قوام کرین اور ربع جزو زعفران باریک گہسکر ملاوین **
* **دیاقوذا** * اقسام کہانسی اور تپ اور نزلے کو مفید ہے * **ص** * کوکنار مع دانہ دو جزو اصل السوس
پوست خراشیدہ تخم خبازی تخم خطمی ہر ایک نیکوفتہ تین جزو صمغ عربی بہدانہ اسبغول ہر ایک ایک جزو
دہ چند آب باران مین چار پہر تر کر کے جوش کرین جب سوم حصہ پانی رہے ملکر چہان لین شش چند

جملہ ادویہ کے شکر سرخ ملا کر قوام کریں * دخمر ثنا * کہ قولنج ریحی اور دیگر امراض بادی کو مفید اور مدر حیض ہے
* ص * تخم اسپند بابرنگ چار چار جزو مرچ سیاہ عاقرقرحا شگند بالا تج زنجبیل قسط شیرین ہر ایک تین تین جزو
جزو زعفران دو جزو سفوف کر کے دو چندان شہد میں ملاویں * دبید الورد * مقوی معدہ و جگر اور
نافع استسقا * ص * سنبل الطیب مصطگی زعفران طباشیر دارچینی بیخ اذخر شگند بالا گل سرخ
تخم کشوث تخم کرفس زراوند دانہ الائچی سفید عود غرقی جملہ مساوی گل سرخ ہموزن مجموع کے سفوف
کر کے سہ چندان شہد میں ملاویں * (ای الطویل ۱۲) روغن حنا * نافع ہر درد خصوصاً وجع مفاصل * ص * برگ حنا تازہ
ایک جزو چار جزو پانی میں جوش کر کے جب ایک جزو باقی رہے صاف کر کے ایک جزو روغن کنجد
سفید ملا کے پکاویں جب روغن باقی رہے استعمال کریں * روغن شیخ صنعان * نافع
التیام انواع زخم اور ناسور اور بواسیر اور ضربہ اور سقطہ اور محلل ورام باردہ اور مقوی اعضا * ص *
اصل السوس چوب دیودار زرد چوبہ پوست درخت مغیلان دار ہلد آبنوس چوب چینی پوست ہلیلہ زرد
پوست بلیلہ آملہ مرچ کنکول ہو سیر کات سفید مردار سنگ کمیلہ رال سفید برگ حنا دو شقاق گلسن
بوزن مساوی جو کوب کر کے آٹھ پہر پانی تالاب خواہ دریا میں کہ وہ چند سب دوا کا ہو تر کریں
زاں بعد دو چند سب دوا کے روغن السی ملا کر پکاویں جب پانی جل جائے اور کف دہنا موقوف
ہو روغن صاف کر لیں * روغن موم * کہ واسطے درد اعصاب اور تحلیل مواد کے نہایت مفید ہے
* ص * موم زرد ایک جزو نمک کھاری تین جزو دیگ میں ڈالکر بطور عرق کے کھینچیں * ایضاً *
نمک سانبھر نکوفتہ دو جزو موم زرد ایک جزو ملا کر مثل تدبیر تیزاب کے کھینچیں * روغن بہروزہ *
دو چار قطرے شکر سفید کے شربت میں ملا کر پینے سے سوزاک کہنہ دفع ہوتا ہے * ص * تھوڑی
ریگ خام مخروف گڑے میں رکھکر اوپر بہروزہ رکھیں اور مثل تیزاب کے کھینچیں * روغن حواصل *
واسطے فالج اور لقوے اور درد جمیع امراض باردہ دماغی کے مفید ہے * ص * ایک حواصل کو پر اور
احشا سے صاف کر کے پارچہ کریں سورنجان تلخ خولنجان کٹ تلخ لونگ جائفل جاوتری زنجبیل
ایک ایک تولہ سفوف کر کے ڈالیں اور روغن سرشف پاؤ آثار آب دریا دس سیر ملا کر دیگ سرشتہ میں

سرسوں ۱۲

دو پہر تک پکاکر سرد کرکے روغن صاف کرلین * **روغن گل** * گل سرخ ہموزن روغن کنجد سفید مین ملاکر تین روز آفتاب مین رکہین جب ژولیدہ ہوجاوے ملکر صاف کرین پہر اوس روغن مین اسیقدر پہول ملاکر ملکر صاف کرین تیسری مرتبہ پہول ملاکر رکہین * **فائدہ** * روغن بابونہ بہی قوی تر ایسی ترکیب سے ہوتا ہی * **فائدہ** * روغن سوا روغن ریحان روغن پودینہ کہ واسطے امراض ریحی کے مفید ہی * **ص** * برگ تازہ کوٹ کر پانی اوسکا چہانکر ہموزن روغن کنجد سفید ملاکر پکاوین جب پانی جل جاوے روغن استعمال کرین * **روغن باوام** * اور دوسرے روغن مغزیات کی یہ تدبیر ہی کہ نیکوب کرکے نبات سفید ملاکر گوشہ ظلمت مین رکہین اور اوسکے نیچے آگ رکہین روغن بطرف گوشہ زیرین سکے فراہم ہوگا * **ایضاً** * مغزیات کو خوب کچلکر پانی مین جوش کرین جب ثفل دوا کا تہ نشین ہوجاوے روغن کو پانی کے اوپر سے نکال لین * **ایضاً** * بہ تدبیر معروف جوار سکین خواہ چرخ سے نکالین * **سنون** * کہ درد دندان اور لعاب دہن دفع کرے * **ص** * تنباکو خوردنی اور مرچ سیاہ بوزن مساوی سفوف کرکے استعمال کرین * **سنون** * کہ استحکام دندان کرے * **ص** * شاخ گوزن سوختہ عود سوختہ مصطگی زنجبیل پھٹکری بریان سہاگہ بریان چہالیہ سوختہ بوزن مساوی سفوف کرکے استعمال کرین * **سکنجبین سادہ** * سرکہ خالص دو چندان شکر سفید کے ساتھہ قوام کرین * **سکنجبین بزوری بارد** * مفتح سدہ جگر مدر بول نافع استسقا و یرقان اور پیاس گرم اور دافع تشنگی * **ص** * پوست بیخ کاسنی ہفت جزو تخم خیارین تخم کاسنی پانچ جزو جملہ نیکوفتہ ہشت چند پانی مین جوش کرین جب چہارم حصہ باقی رہے ملکر چہان لین اور چہار چند مجموعہ کے سرکہ خالص اور دو چند سرکہ سے شکر سفید ملاکر قوام کرین * **فائدہ** * جب لطافت دوا کی مطلوب ہو بدون ملنے کے چہانین اور بجای شکر کے قند خواہ نبات ملاوین * **سکنجبین بزوری حار** * تخم کاسنی تخم کرفس بادیان انیسون ہر یک نیکوفتہ تخم کشوث ایک ایک جزو پوست بیخ بادیان پوست بیخ کرفس دو دو جزو بدستور مذکور طیار کرین اور اگر ایک جزو ریوند چینی اضافہ کرین قوی تر ہووے * **سکنجبین بزوری معتدل** * مفتح سدہ طحال و جگر اور معدہ اور دافع پیاس مرکبہ اور کہنہ اور مدر بول * **ص** * تخم کاسنی تخم کرفس بادیان بوزن مساوی

بدستورِ مذکور طیار کرین * **فائده** * اگر سرکہ خارج کر کے انہین اجزا کو انہی مقدار سے بدستورِ مذکور

تیار کرین یہی شربت بزوری بالفاظِ مذکور ہی * **سکنجبین عنصلی** * دافعِ سختی جگر اور طحال ورسدۂ احشا اور

قاطعِ اخلاطِ غلیظہ اور نافعِ سعال وضیق النفسِ رطوبی * **ص** * پیازِ عنصل اوس قسم کی جو پوست

بر پوست ہوتی ہی نیکوفتہ کر کے پانی مین پکا کر ململ چہان لین اور دو چند سرکہ اور سہ چند شکر سرخ ملا کر

قوام کرین * **سفوفِ سرطان** * کہ تپِ دق اور سل ورتیہای کہنہ کو مفید ہی * **ص** * کتیرا

نشاستہ گندم صمغ عربی مغزِ تخمِ بادام شیرین مغزِ تخم کدوی شیرین طباشیر گلنار گلِ ارمنی رب السوس

سرطانِ سوختہ پوستِ خشخاش سفید مساوی الوزن سفوف کر کے ہمچندان نباتِ سفید ملا وین *

* **سفوفِ مسہل** * برگِ سنای گلِ سرخ پوستِ ہلیلۂ زرد تربد سفید نمک سنگ بوزنِ مساوی

سفوف کر کے خوراک بوزنِ یک تولہ * **سفوفِ مغلظِ منی** * تال مکہانا تخم ہندی مقشر سفوف کر کے

تین مرتبہ شیر گاو مین تر اور خشک کر کے ہموزن نباتِ سفید ملا کر سفوف بنا وین * **شربتِ بزوری** * و

کہ تپِ کہنہ اور سعال اور نزلہ کو مفید ہی * **ص** * برگِ گاوزبان صندلِ سفید پرسیاوشان تخمِ خشخاش

سفید مع تخم ہر ایک دو دو جزو اصل السوس بادیان تخمِ خطمی گلِ سرخ گلِ سیوتی ایک ایک جزو مویز منقی کشنیز

جزو شکر سفید شش چند مجموع کے بدستور تیار کرین * **شربتِ اعجاز** * اقسامِ سرفۂ خشک اور تپہای

حار اور تپِ دق کو مفید ہی * **ص** * عناب بیس عدد سپستان ساٹھ عدد اصل السوس تخم خبازی

تخمِ خطمی گلِ نیلوفر گلِ بنفشہ ہر ایک دو تولہ صمغ عربی کتیرا بہدانہ ہر ایک ایک تولہ باضافۂ شکر

سفید بدستور تیار کرین * **شربتِ دینار** * ملینِ طبع اور دافعِ حمیاتِ عفنہ اور سوء القنیہ اور استسقا

اور دردِ جگر اور شکم اور رحم اور مثانہ اور ذات الجنب ورام اور ورامِ احشا اور مدرِ بول * **ص** * تخم کاسنی

گلِ سرخ گلِ نیلوفر برگِ گاوزبان بادیان اسطوخودوس ایک ایک تولہ پوستِ بیخ کاسنی پوستِ بیخ

بادیان دو دو تولہ تخم کشوث ریوند چینی نیکوفتہ پوٹلی بستہ نو نو ماشہ باضافۂ شکر سفید کے بدستور تیار کرین

* **شربتِ وردِ مکرر** * اس ترکیب سے تیار کرین گلِ سرخ تازہ شش چند پانی مین جوش کرین

جب ایک جزو پانی جل جائے ململ صاف کرین اور اوس پانی مین ایک جزو گلِ سرخ اور ملا کر جوش

جوش کرین چار بار ایسا ہی کرین کہ دو جزو پانی باقی رہے تب تین جزو شکر سفید خواہ قند سفید ملا کر قوام
کرین چار تولہ آب برف خواہ آب شورہ مین حل کر کے نوش کرین اور آب سرد پینے سے اسکے
عمل کو قوت ہوتی ہی شربت بنفشہ * گل بنفشہ ایک جزو چار جزو پانی مین جوش کرین جب چہارم
حصہ باقی رہے صاف کر کے چار جزو شکر سفید ملا کر قوام کرین * فائدہ * خشک دوا کے شربت
بنانے کا یہی دستور ہی اور تر دوا مین شیرینی ہموزن دوا کے چاہیے اور جن اشیا کا پانی لیکر شربت بناوین
مثل انار اور لیموں کے اونمین بقیم چند پانی کے شیرینی ملانا چاہیے اور بدون ملانے آب خالص کے
تیار کرین * فائدہ * رب مین پانی کا چہارم حصہ شیرینی چاہیے * شیاف * کہ واسطے ثقل اور
بطلان سماعت کے مفید ہی * ص * مرزنجوش خردل سداب تخم حنظل تخم ترب بوزن مساوی
سفوف کر کے زہرہ گوسفند مین شیاف بناوین اور بوقت حاجت روغن بادام تلخ مین گھسکر کان مین
ٹپکاوین اور اگر زراوند مدحرج ایک جزو اضافہ کرین قوی تر ہو * طلا * مقوی باہ اور دافع سستی اعصاب
کہ بسبب جلق خواہ رطوبت فضلیہ کے ہوئے * ص * شنگرف سیماب ہرتال طبقی پیاز نرگس دار چینی
بوزن مساوی زہرہ گوسفند مین بارہ پہر تک کھرل کر رکھین اور حشفہ محفوظ رکھکر طلا کرین * ایضاً *
خراطین زلو نیر سہوبی ہموزن مسکہ میش مین چار پہر کھرل کر کے طلا کرین اور برگ تنبول قسم بنگلہ اوپر
باندھین * ایضاً * پوست بیخ کبر سفید پیاز نرگس مغز کدو تلخ ہموزن شیر میش مین کہ چار چند مجموع کا ہو
جوش کرین جب ایک ثلث باقی رہے دودھ کو صاف کرلین اوسکا مسکہ نکال کر طلا کرین اور اگر قدرے
جند بیدستر اوس مسکہ مین ملاوین زیادہ تر قوی ہو * ایضاً * تخم سپندان مغز تخم ارنڈ خردل مساوی
روغن چنبیلی مین پیسکر شیر گرم ذکر اور خصیے اور عانہ پر طلا کرین * عرق * مقوی اور مہیی اور خوش کیف
* ص * گل گڑہل تازہ کشمش نبات سفید ہر ایک پاو آثار قرنفل جوز بوا ثعلب مصری شقاقل مصری
مغز پستہ مغز چلغوزہ ہر ایک دو تولہ جو کوب کر کے تین سیر آب باران ملا کر ایک ہفتہ آفتاب مین
رکھکر صاف کرین خوراک چار تولے سے چھ تولے تک * عرق * مسکر اور مکیف کہ عبارت
شراب سے ہی مقوی اور مہیی اور ہاضم طعام اور بدن کو خوش رنگ کرے * ص * قند سیاہ

تین سیر مویز دو سیر پوست درخت مغیلان ایک سیر آملہ گل منڈی بھنگرہ ہر ایک پاؤ سیر چرایتہ جٹاماسی
اجوائن خراسانی تخم کشوث ترنج ناگرموتھہ زرکچور برادہ صندل سفید تخم حنا موصلہ سنبل ہر ایک ایک
چھٹانک موصلی سفید و سیاہ بہمن سرخ و سفید تودری زرد و سفید الائچی سرخ اندرجو ہر ایک نیم چھٹانک
بادیان نیم پاؤ سبکو جوکوب کرکے چار من آب باران ملا کر تین روز رکھین جب جوش آجاوے تب پانچ سیر
شیرگاؤ ملا کر عرق کھینچین * **قرص خشخاش** * واسطے قرحہ سینہ اور خشونت سینہ کے مفید ہی * **ص** *
رب السوس نشاستہ کتیرا چھہ چھہ ماشے پوست خشخاش سفید نو ماشے گل سرخ صمغ عربی طباشیر سفید
پانچ پانچ ماشے زعفران دو ماشے سفوف کرکے قرص بناوین خوراک تین ماشے ساتھ چار تولے
عرق مکوہ کے * **ایضاً** * واسطے اسہال دموی اور صفراوی اور بواسیر خونی کے مفید ہی
* **ص** * دم الاخوین تخم انجبار گلنار سماق تین تین جزو گل ارمنی طباشیر سفید نشاستہ صمغ عربی
پوست خشخاش دو دو جزو کافور نیم جزو برسم معروف قرص بناوین خوراک پانچ ماشے **قرص طباشیر**
قابض پیچش محرقہ اور صفراوی اور اسہال اور تشنگی کو مفید ہی * **ص** * صمغ عربی نشاستہ تخم خرفہ
یعنی خرفہ کا گل ارمنی ایک ایک تولہ طباشیر زرشک سماق تخم خرفہ بو دادہ نو نو ماشہ سفوف کرکے
عرق گلاب مین قرص بناوین خوراک تین ماشے * **قرص طباشیر ملین** * نافع حمیات صفراوی
اور کہنہ اور مقوی معدہ اور مسکن حرارت * **ص** * طباشیر سفید زرشک گل سرخ مویز منقی ترنجبین تخم
کاسنی جملہ ہموزن سفوف کرکے قرص بناوین * **قرص کافور** * واسطے تپ دق اور سل کے
مفید ہی * **ص** * کافور سرطان محرق زعفران رب السوس تخم کاہو تخم خرفہ ایک ایک جزو مغز تخم کدو
شیرین مغز تخم خیار گل سرخ دو دو جزو لعاب اسبغول مین قرص بناوین * **قیروطی** * کہ واسطے شقاق
لب کے مفید ہی * **ص** * لعاب بہدانہ دو ماشے روغن گل ایک تولہ موم زرد چھہ ماشے باتش
نرم درست کرین * **قیروطی** * کہ واسطے ضیق النفس اور ذات الجنب کے مفید ہی * **ص** * تخم خطمی
تخم اکلیل الملک چھہ چھہ ماشے سفوف کرکے روغن بادام نو ماشے روغن گل تین تولے موم
سفید ایک تولہ ملا کر بناوین اور سینہ اور پہلو پر لگاوین * **کحل الجواہر** * مقوی بصر اور دافع امراض چشم

ص * مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی لاجورد شاخ مرجان ایک ایک ماشہ تین روز عرقِ گلاب مین
صلایہ کرکے سرمۂ اصفہانی مامیرانِ چینی دو ماشہ فلفلِ سفید نوشادر کا نیم ماشہ ملاکر ایک روز اور
صلایہ کرکے استعمال کرین **کحل** واسطے ناخنہ اور سبل اور رطوباتِ چشم کے مفید ہی **ص** * مغزِ تخم
ریٹھا مغزِ تخمِ کھرنی گھونگچی سفید ایک ایک ماشہ سنگِ بصری دو ماشہ سرمۂ سیاہ تین ماشہ مرچ سیاہ
چار عدد بدستور کھرل کرکے استعمال کرین * **کحل** * واسطے احول و ابتدای نزول کے مفید ہی
ص * کندر ایک تولہ فتیلہ مین رکھکر روغنِ گل سے چراغ روشن کرکے دخان اوسکا لین اور
ہموزن اوسکے مشک و عنبر ملاکر صلایہ کرین * **لعوقِ بادام** * کہ خشونتِ حلق اور سرفۂ یابس کو
مفید ہی **ص** * مغزِ بادامِ شیرین مغزِ تخمِ کدوی شیرین دو دو تولہ صمغِ عربی کتیرا نشاستہ ربّ السوس
ایک ایک تولہ لعابِ بہدانہ نیم تولہ قندِ سفید پاؤ آثار ملاکر تیار کرین * **لعوقِ سپستان** کہ سعال
مزمن اور ضیق النفس اور نزلے کو مفید ہی اور اخراج مواد کا سینے سے بآسانی کرے * **ص** *
سپستان دو سو عدد عناب پچاس عدد تخمِ السی تخمِ خطمی اصل السوس ایک ایک تولہ بہدانہ چھ ماشہ
آدہ سیر شکر کے ساتھہ برسمِ معروف تیار کرین * **لبوبِ کبیر** * مقوی دل و دماغ و گردہ اور مولدِ منی
اور مقوی باہ اور مسمّنِ بدن اور محسّنِ لون **ص** * بہمن سرخ و سفید تودری زرد و سفید شقاقلِ مصری
ثعلبِ مصری تخمِ گزر تخمِ شلجم تخمِ ملیون تخمِ پیاز تخمِ گندنا اندرجو ناگرموتھہ کبابِ چینی خولنجان بوزیدان
بہمن سرخ سورنجانِ شیرین برگِ پودینہ درونجِ عقربی ایک ایک تولہ دانۂ خشخاش مغزِ پستہ مغزِ بادام مغزِ چلغوزہ مغزِ فندق
مغزِ اخروٹ کنجدِ مقشر نارجیل مغزِ پنبہ دانہ دو دو تولہ زنجبیل قرنفل جوزبوا دانۂ الائچی سفید چھ چھ ماشہ
سفوف کرکے دوچندان قندِ سفید یا شکرِ سفید قوام مین ملاوین * **لبوبِ صغیر** * مغزِ بادام مغزِ اخروٹ
مغزِ چلغوزہ مغزِ پستہ مغزِ فندق نارجیل حب الصنوبر کنجدِ مقشر تین تین تولہ تودری سرخ و زرد بہمن سفید و سرخ
ثعلبِ مصری شقاقلِ مصری خولنجان ایک ایک تولہ دارچینی بسباسہ عاقرقرحا فلفل دراز فلفلِ سیاہ زنجبیل
چھ چھ ماشہ سفوف کرکے دوچندان شہد کف گرفتہ مین ملاوین * **ماء اللحم** * کہ مقوی اعضا اور مقوی
قوی اور مسمّنِ بدن اور دافعِ امراضِ سوداوی **ص** * چوبِ چینی صندلِ سفید صندلِ سرخ بادرنجبویہ

گل منڈی برگ گاؤزبان بہمن سرخ و سفید دارچینی دانہ الائچی کلان چھریلہ ناگرموتھہ تین تین تولہ گل سرخ گل بنفشہ گل گاؤزبان جن جنا ماسی عشبہ مغربی ایک ایک تولہ جوزبوا بسباسہ چھہ چھہ ماشہ آب دریا مین خیسانیدہ کرکے آب یخنی دس سیر گوشت جنی جوان اور قوی کا اضافہ کرکے عرق کھینچین اور اگر گوشت طیور زیادہ کرین قوی تر ہووے * **مرہم** * کہ واسطے جراحات قضیب اور خصیہ کے مفید ہی * **ص** * دم الاخوین مردہ سنگ طوطیا سبز سونا ماکہی پانچ پانچ ماشے کات سفید سنگ جراحت دو دو ماشے موم زرد دو تولہ روغن گل تین تولہ ملاکر بآتش نرم مرہم بناوین * **مرہم** * کہ پہوڑے سے گوشت ناقص رفع اور قرحے کو مندمل کرے * **ص** * رال سفید باریک کرکے ہموزن روغن السی مین حل کرکے چند بار پانی سے دہووین جب سفید ہوجاوے مستعمل کرین * **مرہم باسلیقون** * کہ تحلیل ورام اور اندمال جراحات کرے * **ص** * رسوت ہندی مرکی رال سفید پھٹکری بریان جملہ مساوی باریک کرکے ہر وزن ایک جزو موم زرد ہموزن مجموع کے روغن کنجد سفید بقدر چند موم کے بآتش نرم پکاوین * **مرہم دخلیون** * کہ یعنی بتوڑی کو تحلیل کرے اور جراحات کو صحت دیوے * **ص** * لعاب اسبغول لعاب میتھی لعاب السی چھہ چھہ ماشہ موم زرد دو تولہ روغن کنجد سفید تین تولہ ملاکر پکاوین جب پانی جل جاوی خاکستر چوب انگور پھٹکری بریان زنگار تین تین ماشہ سفوف کرکے ملاوین * **مرہم** * کہ گوشت زائد کو کاٹے * **ص** * حب السلاطین یعنی جمالگوٹہ ایک جزو زنگار نیم جزو باہم گھسکر لگاوین جب گوشت زائد دفع ہوجاوے دوسرے مرہم سے مندمل کرین * **معجون کاکنج** * کہ قرحہ گردہ اور مثانہ اور بول الدم کو نافع ہی * **ص** * کاکنج تین جزو مغز بادام شیرین مغز فندق مغز تخم خربزہ دو دو جزو دم الاخوین بادیان بیخ انجبار ایک ایک جزو سفوف کرکے سہ چندان قند سفید کے قوام مین ملاوین * **معجون** * دافع سرعت انزال * **ص** * پوست بلیلہ کابلی بروغن گاؤ بریان کردہ ایک جزو بہمن سفید زرد جوبہ حب الآس کندر سعد کوفی نیم نیم جزو سفوف کرکے سہ چندان شکر سفید کو شیرہ آملہ تازہ مین قوام بناکر ملاوین * **معجون مقل** * دافع بواسیر بادی و ورم مقعد * **ص** * مقل دو جزو پانی مین گھولکر پوست بلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ تخم سپند تخم گندنا ایک ایک جزو سفوف کرکے سہ چند شہد کف گرفتہ مین ملاوین * **مفرح معتدل** * نافع خفقان اور مقوی قلب

اور معدہ و دافع خیالاتِ فاسدہ اور نشاط افزا * ص * صندل سفید آملہ عود ہندی کشنیز خشک
سنبل الطیب گلِ سرخ کہربا گلِ گاوزبان مساوی سفوف کرکے ابریشم مقرض ورقِ نقرہ ایک ایک
جزو و دو چند ان نباتِ سفید کے قوام مین ملاوین * مسی * کہ دانتون کو صاف اور مستحکم اور خوشرنگ
کرے * ص * مازو توتیا سبز سونا ماکہی برادۂ آہن ہیرا کسیس سنگِ جراحت مساوی الوزن سفوف
کر کے ملین اوسپر بیڑہ پان کا کہاوین * نورہ * ہرتالِ زرد سجی شورۂ قلمی چونہ سنگ مساوی الوزن
پانی مین پکا کر بال پر لگاوین اور بال دفع کرین * فائدہ * قبل لگانے کے جلد پر روغن لگاوین
کہ جلد مین قرحہ نکرے اور اگر قدرے کپور کچری کافور سپیدی بیضہ داخل کرین تو جلد خوشبو اور خوشرنگ
ہو * ایضاً * چار جزو چونے پر تہوڑا پانی ڈالین ہنوز سرد نہوا ہو ایک جزو ہرتال سفوف کرکے
ملاوین اور خوب لت کرکے استعمال کرین * نمک ترب * ہاضمِ طعام دافعِ تخمہ محللِ ریاح * ص *
بیخ اور برگِ ترب خشک کرکے جلاوین اور اوسکی خاکستر کو چار پہر پانی مین تر کرکے زلال لیکر پکاوین
گاڑہا ہو کر نمک خشک رہ جائیگا اور ایسی ہی تدبیر سب نمک نکالنے کی ہی * یاقوتی * دافعِ خفقان
اور وسواس اور جمیع امراضِ سوداوی اور مقوی دماغ و قلب * ص * یاقوتِ رمانی مروارید ناسفتہ لاجورد
کہربا ایک ایک جزو ایک ہفتہ عرقِ کیوڑہ مین صلایہ کرکے مشک و عنبر فرنجمشک زعفران عودِ خام
نیم نیم جزو سفوف کرکے شش چند قوامِ نباتِ سفید مین کہ ساتھ عرقِ گاوزبان اور عرقِ
گلاب کے تیار کیا ہووے ملا کر ورقِ طلا اور ورقِ نقرہ ملاوین اور بعد چالیس روز کے استعمال کرین

* مقالہ نوان بیانِ تراکیبِ ہندیہ مین * *

اگرچہ پوتہی بیدین اور منگسین اور رس پریت اور سارنگ دہر وغیرہ کے دیکھنے سے ظاہر ہی
کہ ہر نسخے کو تراکیب متعدد اور مختلف اختراع اور ایجاد کیا ہی لیکن چند ترکیب سہل الوجود اس
رسالے مین بتصحیح تمام تحریر ہوتی ہین * چندرا ودی * کہ تپہای فرمنہ اور حالتِ ضعف مین شیرہ
ادرک خواہ شہد کے ساتھ دیتے ہین انتعاشِ حرارتِ غریزی مین ایسا موثر ہی کہ فوتی مسلوب بہی ایک
ساعت کو عود کر آتے ہین * ص * سیماب دو تولہ اکتالیس بار پارچہ سنگین مین صاف کرکے

ورق طلا بدفعات اوسمین ڈال کر کھرل کرین جب تین تولہ ورق طلا اوسمین حل ہو جاوے اور ایسا
مخلوط ہو جاوے کہ تمیز باقی نرہے تب ایک تولہ مروارید ناسفتہ اور چھہ ماشے شنگرف اوسمین ملا کر
عرق لیموں کاغذی مین آٹھ روز تک کھرل کر کے چند عدد قرص بنا کر ایک پیالہ گلی مین رکھکر دوسرے
پیالے سے بند کر کے کپڑے اور آٹے سے گل حکمت کر کے ایک چقر مین دو من پاچک دشتی کی
آنچ دے کر نکال رکھین ایک سال تک استعمال نکرین بعد اوسکے جسقدر کہنہ ہوتا ہی مفید زیادہ ہوتا ہی
بسنت مالتی کہ لونگ اور پیپل اور شہد کے ساتھہ تپ فرمنتہ مین اور زیرہ سیاہ کے ساتھہ
سنگرہنی اور اتیسار مین اور رکت تپ یعنی فساد خون و صفرا مین رسوت کے ساتھہ اور پت یعنی فساد
بلغم مین شہد کے ساتھہ دیتے ہین اور خوراک اوسکی دو رتی سے زیادہ نہین ہی اور اسکو کیا رس کہتے ہین
رص کہیریا دس تولہ مرچ سیاہ پانچ تولہ شنگرف ایک تولہ مروارید ناسفتہ ورق طلا چھہ ماشے
سبکو سفوف کر کے تین تولہ مکہن مین کھرل کرین جب خوب مخلوط ہو جاوے سات روز تک عرق
لیموں مین کھرل کر کے خشک کرین اوسکے بعد دو ہفتے اور عرق لیموں مین کھرل کر کے خشک کرین
اوسکے بعد تین ہفتہ اور عرق لیموں مین کھرل کر کے قرص بنا کر آفتاب مین خشک کر رکھین *ایضاً*
کہیریا دو جزو مرچ سیاہ ایک جزو مکہن ربع جزو ایک پہر کھرل کر کے پندرہ روز تک عرق لیموں مین
کھرل کر کے قرص بنا رکھین *بنگ* یعنی کشتہ ارزیز اکثر تراکیب یونانی مین بھی مستعمل ہی امراض
باردہ اور سستی اعصاب کو نہایت مفید ہی سعال بلغمی اور ضیق النفس اور حمیات باردہ مین شیرہ پان بنگلہ
خواہ شیرہ ادرک خواہ شہد کے ساتھہ اور سوزاک مین زیرہ سفید یا کباب چینی کے ساتھہ اور سرعت
انزال اور جریان منی یعنی پرمیہ مین تال مکہانا خواہ موچرس کے ساتھہ کھلاتے ہین اور خوراک اوسکی
چار رتی تک ہی *رص* ہرن کھری کو سات سات مرتبہ روغن سرشف اور حغرات اور جوشاندہ
کلتھی اور جوشاندہ ہلیلہ بلیلہ آملہ اور آب برگ نیم مین بوجھا کر اوراق باریک پیٹ کر ٹکڑے ٹکڑے
تراش کر دودھی نیکوفتہ خواہ برگ نیم نیکوفتہ خواہ بھنگ مین تو بہ تو رکھکر لپیٹین اور سیر پوست تازہ
نیکوفتہ درخت بیل کو لپیٹکر اوپر اوسکے ٹکڑا ٹاٹ کا لپیٹکر مستحکم باندہین اور ایک چقر مین گز بھر گہرا اور

اور ایک گز کا دورہ ہو دوسرے پا چکند شتی سہر کرو واکو درمیان مین رکہکر آنچ دین اور چقر کو خاکستر وغیرہ
سے بند رکہین کہ آنچ خوب اثر کرے جب سرد ہو جاوے نکال کر خاکستر سے علیحدہ کر لین اور
خوب صلایہ کرکے بعد چہہ مہینے کے استعمال کرین * **کشتۂ طلا و نقرہ** * سونے اور چاندی کو
بتدبیر مذکورۂ بالا تپاکر اور ورق درست کرکے برگ نیم شگفتہ خواہ دودہی شگفتہ مین لپیٹکر سکورہ گلی مین
رکہکر دوسرے سکورے سے بند کرکے گل حکمت کرکے بطور مرقومۂ بالا آنچ دین * **کشتۂ مرجان** *
مرجان کو چالیس مرتبہ آب گہیکوار مین تپاکر سکورے مین رکہکر بدستور آنچ دین * **کشتۂ سیسہ** *
کرامین باہ اور ضیق النفس وغیرہ مین شیرۂ ادرک خواہ شہد کے ساتہہ کہلاتے ہین * **ص** *
سیسے کو گداخت کرکے سات سات بار روغن سرشف اور جوشاندۂ ترپہلا یعنی ہڑ بہیڑا آملہ مین
بجہا کر کڑاہی آہنین مین آنچ پر رکہین اور گندہک کو سفوف کرکے بتدریج اوسپر ڈالین اور نیم کی لکڑی
سے حرکت دین یہانتک کہ گندہک کی آنچ سے خاکستر ہو جاوے * **امتحان صحت کشتۂ فلزات** *
روغن گاو اور سہاگہ اور شہد مساوی الوزن مین کشتہ کو غلولہ بناکر چمچۂ آہنی مین آگ پر رکہکر خوب
گرم کرین فلزات یکجا ہوکر زندہ ہو جاوینگے اور اشیای مذکور جدا ہو جاوینگے اور اگر کشتہ تقلبی ہی
تو فلزات زندہ اور یکجا نہونگے * **فائدہ** * جن چیزونکو خام کہانا خطرناک نہین ہی اوسکا کشتہ بہی
کہانا عقلاً غیر جائز نہین ہی اسواسطے باقی کشتجات کی تدبیر نہین لکہی جاتی * **سپیاری پاک** *
مقوی باہ اور گردہ اور معدہ اور دافع پرمیو اور بند کشاد اور دافع عقم مرد و زن نافع وجع المفاصل ہی
اور فرج کو تنگ کرے اور سیلان رطوبات کا رحم سے موقوف کرے اور حمل کو سقوط سے باز رکہے
اور بدن کو نرم و خوشرنگ کرے * **ص** * سپیاری دکہنی آدہ سیر چار پارہ کرکے پانچ سیر دودہ گاو مین
مین جوش کرکے صاف کرین اور خشک کرکے سفوف بناوین تج تیزج ناگیسر موتہہ لونگ سونٹہہ
پیل مرچ پیپلا مول جائفل جاوتری تالیسپتر الائچی خرد کبابچینی مغز تخم کنار پوست بیخ از ہدزیرہ سفید
مغز تخم پنبہ دانہ تخم نیلوفر ہر ایک تولہ بہر سنگہاڑا استاور پانچ پانچ تولہ سب کو سفوف کرکے
سفوف سپیاری کا ملاکر روغن گاو مین بریان کرین دو سیر شکر سفید اور تین سیر شیر گاو اور ایک سیر

روغنِ گاو کا قوام بنا کر پاؤ آثار مویز تخم برآوردہ شیرہ کر کے ملاویں اور سیر سفوفِ مذکورہ داخل کریں
اور چرونجی مغز بادام مغز پستہ مغز چلغوزہ ہر ایک چھ چھ تولہ باریک کوٹ کر ملاویں اور بطور
حلوے کے پکا رکھیں خوراک نو ماشے سے دو تولہ تک * **پیپل پاک** * دافعِ ضعفِ معدہ
مقوی ہاضمہ اور اشتہا نافعِ امراضِ بلغمی اور باردہ * صن * پیپل آدہ پاؤ سفوف کر کے نباتِ سفید
آدہ سیر روغنِ گاو آدہ سیر شیرِ گاو تین سیر یکجا کر کے کڑاہی میں پکاویں جب گاڑھا ہو تو کیسر
تج الائچی گجراتی تولہ تولہ بھر سفوف کر کے ملاویں اور پاؤ سیر شہدِ خالص ملا کر مثل حلوے کے
پکاویں خوراک چار ماشے سے نو ماشے تک * **سہاگ سونٹھ** * مقوی ہاضمہ اور اشتہا اور
قوتِ باہ دافعِ ہر قسم باد اور مرضِ پرسوت زنان کو نہایت مفید ہے * صن * زنجبیل قسم میدہ پاؤ سیر
سفوف کر کے پانچ سیر شیرِ گاو میں پکاویں جب گاڑھا ہو آدہ سیر روغنِ گاو داخل کریں اور سیر بھر
شکرِ سفید تھوڑے پانی میں صاف کر کے ملاویں جب قریب خشکی کے آوے تب زیرہ سفید
زیرہ سیاہ کشنیز خشک بادیان تخم سوا لونگ جاوتری صندلِ سفید ناگیسر تالیسہ پیپل مرچ پیپلامول ہر ایک
تولہ تولہ بھر سفوف کر کے ملاویں اور مثل حلوے کے پکاویں اور اگر مترالا کہ دوائی ہندی ہے
بوزن دو تولہ کے سفوف کر کے داخل کریں زیادہ تر قوی ہو * **گوگل پاک** * امراضِ بادی و بلغمی
کو مفید ہے اور قبضِ بواسیر بادی کو دفع کرے * صن * گوگل نیم پاؤ سیر بھر دودھ میں گرم کریں جب
گھل جاوے کپڑے میں صاف کر کے تین سیر اور دودھ اور ایک چھٹانک مغز پنبہ دانہ سفوف کر کے
اور پاؤ بھر مصری سب یکجا کر کے پکاویں جب گاڑھا ہو جاوے دو تولہ جاوتری سفوف کر کے
ملاویں خوراک تین ماشے سے چھ ماشے تک * **زرکنڈی پاک** * مقوی باہ اور حافظہ اور باصرہ اور ہاضمہ مولدِ منی مفرح اور
مقوی قلب دافع خلط فاسد اور ہیجان و کلف اور بثورات اور قروح مصلح خون * صن * زرکنڈی منڈی بھنگرہ آملہ ستاور
ہر ایک آدہ سیر اسگند ناگوری موصلی سیاہ تخم کونچہ گوکھرو کلاں بہوپھلی تال مکھانا سکند بالا ہر ایک پاؤ پاؤ سیر تیجبل
آدہ پاؤ سب کو نیم کوب کر کے ہشت چند پانی میں پکاویں جب ہشتم حصہ باقی رہے مل کر چھان کر سیر بھر مصری آدہ سیر شہد
پاؤ سیر روغنِ زرد آدہ سیر کھویہ ملا کر پکاویں جب گاڑھا ہو جاوے زعفران بنسلوچن مصطگی لونگ جائفل جاوتری اجینی

صندل اگر دانہ الایچی خرد و کلان ایک ایک تولہ مشک خالص تین ماشے سفوف کر کے ملاوین
اور گری چرونجی کی چھوہارا مغز پستہ چار چار تولہ نیکوب کر کے ملا رکھین خوراک ایک ایک تولے سے
دو دو تولے تک * **مہا کلیان** * واسطے سنگرہنی اور پرمیوا اور سیلان لعاب دہن اور بینی
اور امراض سینہ اور دل کے مفید ہی مقوی اشتہا دافع لاغری اور عقم مصفی آواز اور رنگ بدن
* **ص** * سونٹھ پیپل پیپلامول مرچ اجواین اجمود اگر تگر چترک تج گجپیل چتا وربابرنگ دہنیا الایچی خرد
اندر جو کلونجی نمک سونچر نمک سیندہا نمک سانبہر ایک ایک جزو نیکوب کر کے مویز تخم برآوردہ ہموزن
مجموعہ کے چار چند پانی مین پکا کر ملکر چہانکر اوس پانی مین تہوڑا روغن کنجد ملا کر پکاوین کہ نہایت
گاڑہا قابل گولی بنانے کے ہو جاوے خوراک نو ماشے سے ایک تولہ تک * **رس پنس گولی**
ہاضم طعام اور مقوی دافع بلغم نافع سعال بلغمی * **ص** * عاقرقرحا مرچ سونٹھ تج دارچینی زعفران
موتہہ پیپل پیپلامول جائفل جاوتری ثعلب مصری بہمن سرخ بہمن سفید مصطگی اندر جو پوست ترنج
مویز تخم برآوردہ گوند ببول بریان جملہ بوزن مساوی بقدر نخود کے گولی بناوین خوراک ایک گولی
سے پانچ گولی تک * **پانچ انمرت** * واسطے تپہای بلغمی اور قی بلغمی اور سوہضمی کے مفید ہی
* **ص** * گندہک آنولہ سار پارہ تخم سینہل مرچ سیاہ خرمہرہ سوختہ سب کو بوزن مساوی سفوف
کر کے سینہڑ کے دودہ مین گولی بنا کر ظرف گلی مین گل حکمت کر کے چقر خواہ گلخن مین جلاوین کہ
خاکستر ہو جاوے خوراک بوزن ایک رتی * **نراین چورن** * ہاضم طعام اور مخرج مواد ہای بادی
اور دافع امراض معدہ اور امعا * **ص** * ترپہلہ یعنی ہڑ بہیڑا آملہ ترکٹہ یعنی سونٹہ مرچ پیپل بیخ چوالی
ہوبیر دہنیا پیپلامول نرکچور زیرہ سیاہ زیرہ سفید برپار اسولف اجمود بیخ چوک چتا وربابرنگ
نسوت تلی بیخ حنظل پہلون یعنی سجی جوا کہار سیندہا سونچر کہلون جملہ بوزن مساوی سفوف کر کے
خوراک تین ماشے سے پانچ ماشے تک ساتہ آب جغرات کے * **لونگا دچورن** * واسطے
تپہای کہنہ بلغمی اور ضعف معدہ کے مفید ہی * **ص** * لونگ اگر تگر دانہ الایچی خرد صندل سفید
زنجبیل دارچینی دانہ الایچی کلان ترج پیپل کباب چینی زیرہ سفید بنسلوچن بالچہر جنس کنکول مرچ جائفل

کافور سب کو بوزنِ مساوی سفوف کر کے ہمچند نباتِ سفید ملاوین خوراک تین ماشے سے چھ ماشے تک
* تالیساد چورن * پیاس کہنہ بلغمی اور سعالِ مزمن اور سنگرہنی اور استسقا اور ورم شکم کو
مفید ہی * ص * تالیس پتا وزنجبیل مرچ پیپل دانہ انار شیرک ہر ایک ایک جزو آملہ و چھبیل
املبیت پیپلا مول بابرنگ ناگیسر چاب ہوبیر دہنیا زیرہ سفید تج پترج دانہ الائچی خرد سبل ہر
ہر ایک ربع جزو نباتِ سفید ہموزن مجموعہ کے سفوف کرین خوراک پانچ ماشے سے ایک تولہ تک
* لاکہہ ادی تیل * واسطے ہر قسم درد اور خشکی اور لاغری بدن کے مفید ہی * ص * لاکہہ تازہ درخت
پیپل کی ایک سیر چار سیر پانی مین پکاوین جب چہارم باقی رہے ملکر کپڑے مین چہان لین اور
سیر بہر روغنِ کنجدِ سیاہ اور چار سیر دہی گاے کا ملاکر اسگندہ ناگوری سونف زرد چوبہ دار ہلد کٹ
رینگنا ملہٹی دیودار صندلِ سرخ صندلِ سفید موتہہ مجیٹہ پدماکہہ بریارا بالچہڑ اگر تگر سب دو دو تولہ
نیمکوفتہ کر کے اوسمین چار پہر تر رکہین بعد اسکے کڑاہی آہنی مین باتشِ نرم پکاوین جب رطوبت
جلجاوی صرف تیل باقی رہے تب تیل صاف کر رکہین * پٹہادی تیل * دو چار قطرے ناک مین
ٹپکانے سے پینس دفع ہوتا ہی اور دردِ سر اور دردِ سینہ کو مفید ہی * ص * پاڑہی مع برگ اور بیخ
اور چوب اور شاخ اور برگِ چنبیلی اور دارہلد جملہ بوزنِ مساوی نیمکوفتہ کر کے چار پہر تک دو چندان
پانی مین تر کرین اور ہمچندان روغنِ کنجدِ سیاہ ملاکر پکاوین جب پانی جلجاوی تیل صاف کر رکہین
* امہہ رنگا تیل * واسطے امراضِ بادی اور بلغمی اور فالج اور رعشہ کے مفید ہی * ص *
برگِ آک برگِ بیگاین برگِ ارنڈ برگِ سنبہالو برگِ سہجن برگِ دہتورہ برگِ تہوہڑ برگِ وسہ جملہ
بوزنِ مساوی نیمکوب کر کے دو چندان روغنِ کنجد ملاکر پکاوین جب کف فرو ہو برگِ نیم سوختہ
ہوجاوین روغن صاف کر رکہین * دہنیا پنچک کاڑہا * انواع اسہال اور سنگرہنی اور
اتیسار کو مفید ہی مواد خارج ہوکر اسہال بند ہوتا ہی * ص * کشنیز خشک سونٹھ مغز بیل خس سگندبالا ہر جملہ
ہموزن نیمکوفتہ پانی ڈالکر پکاوین اور شیر گرم تھوڑا تھوڑا بدفعات پلاوین * پنج نیج کاڑہا * عورتونکو
اکثر درمیان چلے کے تپ اور کہانسی اور دردِ اندام اور نفخِ شکم اور اسہال لگ لرزہ اور سقوط اشتہا

ہوتی ہی تو یہہ جوشاندہ دیتے ہین جس میں زیوواریح کٹ شیرین ہیل سونٹھہ کابہل موتھہ بہنا جراتہ پوست ہلیلہ زرد گہیل پنج کتائی خرد گوکہرو کلان جوالسیخ کتائی بزرگ اتیس گرج کا کراسنگی سب تون برابر جوکوب کرکے پانی مین جوش کرین جب آٹھوان حصہ باقی رہے تو ورتی ہینگ بریان اور ایک ماشہ نمک سنگ سفوف کرکے ملا کر پلا دین *

خاتمہ بیان طبائع اور خواص اون اشیای ہندیہ مین جو غذا اکثر مستعمل ہوتی ہین

فصل ۱ حبوب مین * **گندم** * گرم و تر بدرجہ اول ہی اور مولد اخلاط صالح اور موافق ہر مزاج * **جو** * سرد و تر ہی صفرا سکن و دافع تشنگی اور مناسب امزجہ حارہ * **نخود** * گرم و تر ہی بدرجہ اول خون صالح پیدا کرتا ہی اور روح کو مدد دیتا ہی * **عدس** * گرم و خشک و ریاح انگیز ہی * **مش ماش اور لوبیا اور موٹھہ** * قریب اوسکے ہین * **ارہر** * اسکی طبع مین اختلاف ہی بقول ضعیف سرد و خشک اور بقول تحقیق گرم و خشک ہی بدرجہ دوم مصلح اوسکی ترشی ہی اور ثقیل ہی معدہ سے دیر اوتر تی ہی مفید امراض سرد ہین * **شالی** * بعض کے نزدیک سرد و تر اور بقول بعضے گرم و خشک لیکن بقول صحیح سرد و خشک ہی بسبب خشکی کے اکثر تشنگی لاتا ہی اسی سے احتمال گرمی کا ہوتا ہی اور بعد استعمال پانی سے رطوبت کرتا ہی لہذا احتمال رطوبت کا ہوتا ہی منڈوا اور کاکن و شاماخ اور نار زرن اور کودرم * گرم و خشک ہین * **باجرا** * سرد و خشک ہی درجہ ثانی مین اور باہ کو قوی اور رطوبت کو دفع کرتا ہی * **جوار** * ہر قسم کی سرد و تر اور باد انگیز ہی * **ماش** * گرم و تر اور باد افزا اور مقوی باہ ہی * **مونگ** * سرد و خشک اور بقول بعضی معتدل ہی * **فائدہ** * جن غلون سے روغن لیا جاتا ہی سب گرم ہین لیکن السی اور خشخاش سرد ہین اور کنجد سفید مین اختلاف ہی * **فصل ۲** * بیان فواکہ مین **انبہ** * گرم و تر ہی درجہ دوسرے مین مقوی باہ اور مسمن بدن دافع خفقان اور بواسیر * **جامون** * سرد بدرجہ اول خشک بدرجہ دوم مقوی معدہ اور قلب نافع ذیابطیس * **کٹھل** * گرم و تر بدرجہ دوم مقوی باہ اور مغلظ منی اور مضعف معدہ * **بہل** * گرم بدرجہ اول نفاخ اور مضر باہ اور مولد رطوبت اور تخم اوسکا قابض * **کیتھا** * سرد و خشک قابض اور مقوی معدہ اور اشتہا اور عفوصت اوسکی

مورث سعال * **گوندی** * سرد و تر ہی بدرجہ دوم اور نفاخ اور نافع سعال کو سرفہ * **مولسری** گرم و خشک اور قابض مقوی معدہ اور باہ اور مغلظ اور ممسک منی * **کہرنی** * گرم و تر اور مقوی اعصاب اور معدہ * **گولر** * سرد و تر اور قابض اور بطی الہضم * **کنار** * سرد و تر بدرجہ دوم دافع فساد صفرا اور مسکن تشنگی اور حرارت احشا اور قابض * **کمرکہہ** * سرد ہی اور قابض مقوی معدہ اور قلب دافع خفقان اور تشنگی * **شریفہ** * معتدل اور بقول ضعیف سرد و تر ہی مولد منی مقوی قلب دافع خفقان * **نار** * سرد و تر بدرجہ اول مصلح خون مقوی قلب مسکن تشنگی * **امرود** * سرد و تر بدرجہ اول اور بقول بعضی گرم قابض اور مقوی معدہ * **کولا اور سنگترہ** * سرد و تر دافع صفرا مقوی قلب و جگر مضر دماغ * **نارنگی** * سرد و تر دافع صفرا مضر دماغ مورث سعال * **انجیر** * گرم و تر ہی ملین طبع نافع سعال مخرج مواد سینہ سے * **کیلا** * خام سرد و تر اور قابض اور پختہ مائل بحرارت ہی * **چکوترہ** * سرد و تر ہی مسکن عطش مقوی قلب * **فصل ۳** * ہیولی اور ازہار اور اثمار میں * **شکر قند** * معتدل ہی ثقیل اور دیر ہضم مقوی دماغ اور مولد منی اور مقوی باہ مصلح اوسکی شکر ہی * **مہنی** * طبیعت اور خواص اوسکے مثل شکر قند کے ہین سفوف اوسکا شکر اور شیر مین ملا کر پینا قوت بدن کی زیادہ کرتا ہی * **کسیرو** * سرد و تر دوسرے درجہ مین ہی اور قابض اور دافع فساد صفرا و خون اور حرارت اعضا اور مولد منی * **اروی** * بارد و یابس ہی بدرجہ اول اور مقوی باہ مغلظ منی مولد ریح مضر معدہ اور مری مصلح اوسکی ترشی اور مصالح گرم ہی * **کچالو** * مثل اروی کے ہی * **بنڈالو** * سرد و تر ہی ثقیل اور نافع تقطیر بول اور مسکن تشنگی * **زمین قند** * گرم و خشک ہی بدرجہ دوم ہاضم طعام دافع ریاح غلیظ اور نافع بواسیر ریحی اور ضماد اوسکا مفید ہی درد مفاصل کو * **آلو** * گرم و خشک ہی بدرجہ اول اور قابض ہی * **رتالو** * سرد و تر ہی سریع الہضم * **گاجر** * سرد و تر بدرجہ دوم مقوی قلب اور جگر اور مولد منی اور منقی خون اور مقوی باہ * **ترب** * گرم و تر ہی ہاضم طعام مقوی معدہ اور باہ اور دافع ریاح مفتح سدد اور مدر * **شلجم** * گرم بدرجہ دوم تر بدرجہ اول کثیر الغذا مقوی باصرہ مفتت سنگ گردہ اور مثانہ ملین طبع نافع سعال مقوی اور منقی صدر مقوی باہ * **چقندر** * گرم و تر ہی

نافع سعال اور منقی صدر * ترئی * سرد و تر ہی بدرجۂ دوم نافع بواسیر اور طحال اور استسقا و جذام
اور ملین طبع اور مضعف معدہ اور مولد صدید * چچینڈا * سرد و تر بدرجۂ دوم ہاضم اور مقوی اشتہا
نافع تپ صفراوی اور خارش * ڈھینڈس * سرد و تر بدرجۂ اول و سریع الہضم * سیم * بارد و رطب
ہی قابض اور نفاخ اور ثقیل * گوبھی * سرد و تر ہی اور قابض * پالک * سرد و تر ہی بدرجۂ اول
اور بقول ضعیف معتدل ہی ملین اور جالی اور رادع اور نافع امراض سینہ اور سوزش اور تشنگی
* بادنجان * گرم و خشک ہی بدرجۂ دوم اور بقول بعضی خشک بدرجۂ سوم مورث بواسیر مولد سودا
مضر سر و چشم * باقلا * سرد بدرجۂ اول خشک بدرجۂ دوم مجفف قابض اور مقوی مسکن سعال
مولد نفخ اور خارش نافع نزلۂ رقیق * لوبیا * سرد و تر بدرجۂ سوم اور بقول ضعیف بدرجۂ دوم مسکن
حدت خون اور صفرا اور مدر بول اور دافع کدو دانہ اور درد سر گرم مضر باہ مسقط شہوت طعام مضر البصر
* بتھوا * سرد و تر بدرجۂ دوم قلیل الغذا مولد اخلاط صالح ملین شکم مرطب بدن مسکن تشنگی دیر ہضم قاطع
باہ نافع امراض حارہ مضر گردہ اور اعصاب * چولائی * گرم و تر دافع قبض مشتہی اور ہاضم و دافع
جریان منی اور استحاضہ اور خارش * میتھی کا ساگ * گرم بدرجۂ دوم خشک بدرجۂ اول منضج اور
ملین اور محلل ریاح مدر حیض مقوی ریہ نافع سعال اور مقوی باہ منقی سینہ * سوا کا ساگ *
گرم بدرجۂ دوم خشک بدرجۂ اول محلل و منضج مدر بول و حیض اور شیر مضر باصرہ قاطع منی * کرنب کلاں *
مرکب القوی اور بقول ضعیف خشک بدرجۂ اول مقوی باہ مولد منی مغلظ خون اور نافع ضعف معدہ
اور مورث خواب * سہجن کی پھلی * گرم بدرجۂ دوم قابض نافع طحال اور محلل ریاح * کسیت
کے پھول * سرد و خشک مولد ریاح دافع صفرا مقوی شامہ مزیل شب کوری * کچنال کی
کلی * سرد و خشک دیر ہضم قابض مقوی معدہ نافع خون بواسیر اور جریان حیض اور ہیجان خون
اور قاتل کرم شکم * بھنڈی * سرد و تر و قابض اور مقوی اعضائے باہ * پٹ سن * گرم و تر مقوی
باہ اور ثقیل اور دیر ہضم * فصل ۱۲ * گوشت جملہ اقسام کا گرم تر ہی جو سرد مشہور ہی وہ نسبت اضافی
ہی نہ حقیقی اور نسبت مادہ کے گوشت نر میں گرمی زیادہ ہی اور نسبت اعضا کے بھی تفاوت ہی

جیسے گوشت دل کا گرم اور دماغ کا سرد اور بمقابلہ جانور اور طیور اہلی کے صحرائی مین خشکی زیادہ ہی اور جانور اور طیور دریائی زیادہ گرم ہین پانی مین رہنا اونکے مزاج کو سرد نہین کرتا ہی بلکہ اصلی گرمی سے بلکہ گاہ پانی کے رہتے ہین* فائدہ * نسبت مادہ کے نر اور نسبت لاغر کے فربہ اور نسبت غیر خصی کے خصی اور نسبت بندہے رہنے والے کے چرنے والا اور نسبت بوڑہے اور نسبت بچے کے جوان سب قوتون مین زیادہ ہی * فصل * شیر سب جانور کا موافق اوسکے مزاج کے ہی اگرچہ باعتبار علف کے بہی تبدیل ہوتا ہی اور دودہ کے مزاج کلیہ مین اختلاف ہی بعضون کے نزدیک سرد و تر ہی بعضون کے نزدیک گرم و تر ہی لیکن بالاتفاق مولد منی اور مولد بلغم ہی اور اعصاب کو ضرر کرتا ہی * فائدہ * دودہ مرکب ہی مائیت اور جبنیت اور دہنیت سے پس جس دودہ مین دہنیت زیادہ ہی گرم زیادہ ہی جسمین مائیت زیادہ ہی وہ رطب زیادہ ہی اور جسمین جبنیت زیادہ ہی وہ سرد زیادہ ہی * فائدہ دہی اور مہی بسبب ترشی کے سرد زیادہ ہی و قابض بہی ہی *

تمت

خاتمة الطبع

خدا کے فضل سے کتاب لاثانی رسالہ طب احسانی کہ اطبائی کاملین کو معین اور مبتدیون بلکہ بی علمون کو مفید سب نسخے اسکے آزمائے ہوئے تالیف حاذق باذل طبیب کامل جالینوس زمان بقراط آوان معالج امراض معنوی و صوری حکیم احسان علی فتحپوری اور حواشی اوسکے نہایت سودمند ایجاد طبع وقاد بلند ارسطوی زمن حکیم خواجہ محمد حسن صانہ اللہ عن الحوادث و الفتن باہتمام امیدوار مغفرت ایزد سبحان محمد عبد الرحمن بن حاجی محمد روشن خان مغفور مطبع مصطفائی واقع کانپور عشرہ اخیرہ ذیحجہ ۱۲۷۱ ہجری مین چہپی اور جب آخر کتاب مین ذکر دودہ کا آیا لہذا بمناسب مقام محشی ممدوح نے طریقہ بنانے اور استعمال ماء الجبن کا بتایا

طریقہ بنانے ماء الجبن اور اوسکے استعمال کا

بعد حمد و صلوۃ کے جاننا چاہیے کہ دودہ مین عمدہ چیز از راہِ منفعت اور استعمالِ اکثری کے مائیت
دودہ کی ہی جسکو ماء الجبن کہتے ہین نہایت مرطبِ بدن اور مصفی اور مسکنِ خونِ فاسد نافع واسطے
تمام امراضِ سوداوی مثلِ جذام اور مالیخولیا وغیرہ کے اور دافعِ یبس اور مصلحِ موادِ محترقہ اور مسہل اور
مفتحِ سدد اور نفاذ باوجود نفوذ تیز کے اور جسقدر صاف و شفاف نتہارا جاوے اوسیقدر قوی الاثر
اور نفاذ ہوگا اور وقت استعمال کا اوسکے موسم حار و معتدل مثل ربیع کے اور موافق مزاجِ حار و یابس کے
اور بعض امراضِ باردہ بلغمیہ کو اور موسم سرما مین ہی * طریقہ بنانے کا اوسکے جو مروج ہی
اسطرح پر ہی * لی جاوے بکری جوان سرخ رنگ باردار یعنی گابہن اور کہلائی جاوے کہانس
موافق مطلوب کے مثل بوٹنٹا اور چنے یا پالک کا ساگ یا برگِ بید یا دہنیا وغیرہ کے جب وہ
جنے تو چالیس روز کے بعد اوسکا دودہ لین اور قلعی دار برتن مین جوش کرین اور انجیر کی لکڑی
سے کہ سر اوسکا چیر پہانک کیا جاوے درمیانِ جوش مین حرکت دیتے رہین تا دودہ
جل نجاوے جب پہلا جوش آوے سکنجبین خوب ترش دودہ مین ڈالین کہ دودہ پہٹ جاوے اور اوسی لکڑی
سے ہلاتے رہین یہانتک کہ مائیت اور جبنیت جدا ہو جاوے بعد اوسکے دودہ کو آگ پر سے اوتار کر سرد کرکے
دوہرے کپڑے سنگین مین باحتیاط تمام ڈالکر پیالہ چینی مین مقطر کرین کہ مائیت صرف نتہر آوے * طریقہ
استعمال کا اوسکے یون ہی کہ امراضِ سوداوی مین منضجات کے ساتھہ دو تولہ ماء الجبن ملاکر تین حصے
کرکے پلاوین اور ہر دفعہ مشی قلیل کراوین تا خوب منحدر ہووے اور ہر روز ایک ایک تولہ بڑہاوین یہانتک کہ ساری دوا
اوسمین نہیکے اور کوئی دن ناغا نکرین اور چالیس تولہ تک بڑہا کر پہر ایک ایک تولہ کم کرتے جاوین یہانتک کہ
تولہ پہر رہ جاوے پہر موقوف کرین اور اس درمیان مین تنقیہ مکرر کرتے جاوین اور مریض کو چاہیے کہ ہوای
گرم اور سرد اور غم و حزن اور غصے سے محترز رہے اور دوپہر مین پچہلے غذا شوربا پلاو یا قلیہ اور چانول
باروتی اور یخنی پلاو اور اغذیہ مناسب کہاوے اور بقولات اور مرچ اور ترشیون سے پرہیز کرے
اور صفراوی اور یبسی بدن مین چاہین اسیطرح پلاوین خواہ ایک مقدار معین کرکے استعمال کرین *

اشتہار

این کتاب مسمی بطب احسانی داخل بہی رجسٹری گورنمنٹ گردیدہ است حسب حکم قانون بستم ۱۸۶۷ عیسوی بدون اجازت احقر العباد کسی طبع نفرماید

وجہ ختم بر خاتمہ

برای رفع اشتباہ خریداران ہر کتاب مطبوع مطبع مصطفائی و مطابع دیگر کہ لوح مشابہ مطبع موصوف داشتہ باشد مہر از شنگرف و دستخط مہتمم افزودہ شد

3828